باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED | بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد انور ناصر

جلد 29 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 15 روپے | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ ڈی سی پی-10 | شمارہ 240

ہفتہ 24 اکتوبر 2026ء | 12 جمادی الاول | 1448ھ

آرفو ممالک کی سعودی عرب پر حملوں کی مذمت، اظہار یکجہتی

دفاعی معاہدے کی توثیق کا عمل مکمل کرلیا، پاکستان

پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب اور مصر پر مشتمل آرفو ممالک کے خود مختاری اور علاقائی سلامتی کی حمایت کا اعادہ، علاقائی رابطہ کاری مضبوط بنانے اور سفارتی کوششوں کو آگے بڑھانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال، سفارتی کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق

ایران پر کسی بھی نئے حملے سے خطے میں کشیدگی میں اضافہ ہوگا، ترکیہ، پاکستان اور سعودی عرب نے اس معاہدے کی توثیق کے اپنے مراحل مکمل کرلیے، دفتر خارجہ، اسحاق ڈار کی سعودی وزیر خارجہ سے ملاقات، اسٹریٹجک شراکت داری مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

استنبول (بلوچستان نیوز) پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب اور مصر پر مشتمل آرفو ممالک نے حوثیوں کے حملے کے خلاف سعودی عرب کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے اس کی خود مختاری اور علاقائی سلامتی کی حمایت کا اعادہ کیا اور ان حملوں کی مذمت کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق استنبول میں پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب اور مصر کے وزرائے خارجہ کا استنبول میں چھٹا آر 4 اجلاس ہوا، جس میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم شہباز شریف سے صدر آزاد کشمیر کی ملاقات

پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا، نجیب نقی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے صدر آزاد جموں و کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان نے ملاقات کی، وزیراعظم نے ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان کو صدر آزاد جموں و کشمیر کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات کے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پورٹ قاسم پر درآمدی ایل پی جی کے دو بحری جہاز پہنچ گئے

کراچی (این این آئی) پورٹ قاسم پر درآمدی ایل پی جی کے دو بحری جہاز پہنچ گئے۔ پورٹ قاسم

بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاک ایران امیگریشن گیٹ پر تجارتی سرگرمیاں بحال

اقدام سے مقامی روزگار اور سرحد پار تجارت کو درپیش بحران ختم، تاجر برادری میں خوشی کی لہر

تفتان (یو این اے) پاک ایران سرحدی شہر تفتان میں ایف آئی اے امیگریشن گیٹ پر تجارتی سرگرمیاں باقاعدہ طور پر دوبارہ بحال کردی گئی ہیں، جس کے بعد دونوں ممالک کے درمیان مال بردار گاڑیوں کی آمدورفت اور درآمد و برآمد کا معطل

بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

استنبول، آرفو ممالک کے اجلاس میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، ترک، سعودی اور مصری وزرائے خارجہ شریک ہیں

گوادر میں آپریشن مکمل، خاتون سمیت 10 حملہ آور ہلاک

دہشتگردوں اور بگڑے نظریات کو ضرور شکست دینگے، فیلڈ مارشل

سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی کارروائیوں کو ناکام بنادیا، ایک شہری شہید، چند گاڑیوں کو نقصان پہنچا، حملے میں ایک بلوچ خاتون کو جبراً استعمال کرنا نہ صرف ریاست بلکہ بلوچ خواتین کی حرمت کے خلاف بھی جرم ہے، آئی ایس پی آر

ترقیاتی و معاشی سرگرمیوں میں رکاوٹ ڈالنے والے عناصر اپنے مقاصد میں ناکام رہیں گے، وزیراعلیٰ، دہشت گرد جہاں بھی موجود ہوں گے، سخت جواب دیا جائے گا، اسپانسرڈ تنظیموں کے خلاف مہم کو بھرپور طریقے سے جاری رکھیں گے، آرمی چیف کی کور ہیڈ کوارٹرز پشاور کے دورے کے دوران گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع گوادر میں سیکورٹی فورسز نے "فتنہ الہندوستان" کے بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گردوں کی کارروائیوں کو ناکام بناتے ہوئے ایک خاتون سمیت دس دہشت گردوں کو ہلاک کردیا جبکہ ایک شہری شہید، چند گاڑیوں کو نقصان پہنچا۔ سیکورٹی فورسز کو کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق، 22 اکتوبر 2026 کو

بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد (این این آئی) چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ عوام کی حمایت سے دہشت گردوں اور ان کے گمراہ کن نظریے کو مکمل شکست دیں گے، دہشت گرد جہاں کہیں بھی ہوں گے انہیں سختی سے نشانہ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

شالی ڈیرہ بگٹی، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کررہے ہیں

زرداری کی جرمن صدر سے ملاقات، تعلقات کو شراکت میں تبدیل کرنے پر اتفاق

پاکستان مسلسل تعمیری روابط کے ذریعے موجودہ تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کے لیے تیار ہے، صدر مملکت

پاکستان اور جرمنی کاروبار اور تجارت کے شعبوں میں مزید موثر کوششوں کے ساتھ روابط جاری رکھیں گے، جرمن صدر

برلن (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان اور جرمنی کے درمیان موجودہ سیاسی، اقتصادی اور دفاعی تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے دستیاب امکانات سے بھرپور استفادے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان مسلسل تعمیری روابط کے ذریعے موجودہ تعلقات کو مزید مضبوط، مستحکم اور باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری میں تبدیل کرنے کے لیے تیار ہے۔ جمعہ کو

بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم نے گندم کی مجوزہ قیمت 4500 روپے فی من مقرر کردی

گندم کی مجوزہ قیمت میں اضافہ کا کلیدی فیصلہ ملکی غذائی تحفظ کو مضبوط بنانے کیلئے پیش رفت ثابت ہوگا، شہباز شریف

لائیو سٹاک ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کی تنظیم نو کی منظوری، بورڈ کے چیئرمین اور اراکین کا انتخاب شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف ... 2027 کیلئے گندم کی مجوزہ قیمت 4500 ...

بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

آئینی عدالت کے چیف جسٹس سے آذربائیجان کی محتسب کی ملاقات

انسانی حقوق کے تحفظ، ادارہ جاتی تعاون اور پیشہ ورانہ تجربات پر تبادلہ خیال

باکو (این این آئی) آذربائیجان کی انسانی حقوق کی محتسب سبینہ علییوا نے پاکستان کی وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان اور

بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر جعفر مندوخیل سے پاکستان بزنس مین تنویر احمد کی ملاقات

تعلیمی اداروں میں ریسرچ، جدت اور جدید مہارتوں کے فروغ پر تبادلہ خیال

بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں نئے صوبوں کی بجائے چھوٹے ڈویژنز اور اضلاع بنانے کی بھی ضرورت ہے، سرفراز بگٹی

عوام کو ان کی دہلیز پر سرکاری خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے چھوٹے انتظامی یونٹس کا قیام ناگزیر ہے، تاکہ سول حکومت اور سرکاری محکموں تک رسائی آسان بنائی جاسکے، اس عمل پر دو سال قبل ہی کام شروع کردیا تھا

بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف پاک فوج، فرنٹیئر کور اور پولیس کی قربانیاں اور کارروائیاں قابل تحسین، اگست کے بعد واقعات کے رجحان میں کمی آنا ایک ...

ذاتی استعمال کی 17 اشیا ضبط کرلیں گئیں، الہان عمر

امریکی محکمہ داخلی سلامتی کے 25 اہلکاروں نے رہائش گاہ پر تقریباً 5 گھنٹے تک تلاشی لی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ریاض کی طرف داغا گیا حوثی میزائل تباہ کردیا: سعودی اتحاد

یمنی قبائل کو نشانہ بنانے کی دھمکی، سعودی اتحاد نے حوثیوں کا دعویٰ مسترد کردیا

بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سہیل آفریدی محفوظ ہاتھوں میں ہیں، تحریک انصاف کے مستقبل پر کچھ نہیں کہہ سکتا، گورنر کنڈی

ایپکس کمیٹی اجلاس میں دہشت گردی کے خلاف کوئی فیصلہ ہوچکا ہے، اب کارروائیاں قوم کو گراؤنڈ پر نظر آئیں گی

بین الاقوامی کمپنیوں کو معدنیات نکالنے کی دعوت دی، پہلا حصہ عوام کا پھر صوبے اور پھر وفاق کا ہوگا

بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پیٹرول کی قیمت برقرار، ڈیزل مہنگا، نوٹیفکیشن جاری

ڈیزل اور پیٹرول کی قیمتیں 24 سے 26 اکتوبر تک کے لیے ہوں گی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

تبت میں زلزلہ، 16 افراد ہلاک، سیکڑوں مکانات منہدم

ٹرانسپورٹ روابط منقطع ہوگئے، ہنگامی سامان کو علاقے تک منتقل ...

بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

فورسز کیساتھ کھڑے نہ ہونے والی ہر سیاسی جماعت امن کی دشمن سمجھی جائیگی، رانا ثنا

دہشت گردی کو ختم کرنے کیلئے لوگوں کی زندگی کو بہتر بنانا ہوگا، گورنر کے پی نے 160 ارب روپے کا تقاضا کیا، وزیراعظم نے ...

اپوزیشن لیڈر، وزیراعظم کے خط کا جواب دیں ... آپ یہاں آ جائیں یا ہاں آ جائیں

بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کیا دسمبر میں پیٹرول اور گیس کی قلت کے خدشات گونجنے لگے

پیٹرولیم مصنوعات کی دستیابی کے لیے حکومت کا کیا منصوبہ ہے؟ کیا راشن ملے گا؟ اراکین پارلیمنٹ کو خدشات ہیں، سینیٹر شیری رحمان

اہم راستوں پر جنگ سے پاکستان کے توانائی کے بحران میں مزید اضافہ ہوجائے گا، راجہ ناصر عباس

مملکت برائے خزانہ اور ریونیو بلال اظہر کیانی کے کہنے پر کہ سپلائی میں کوئی مسئلہ نہیں ہے اس کے بعد

بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

برلن، صدر مملکت آصف علی زرداری جرمنی کے صدر سے ملاقات کررہے ہیں

راولپنڈی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو کور ہیڈ کوارٹر پشاور کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جارہی ہے

بی آئی ایس پی میں 24 ارب کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف

مالی سال 20-2019 میں سرکاری ملازمین اور پنشنرز نے بی آئی ایس پی سے 23 ارب 13 کروڑ روپے وصول کیے

بے ضابطگیوں کی نشاندہی کے باوجود مبینہ طور پر 6 سال تک ادائیگیاں جاری رہیں، مزید چھان بین کے لیے 6 لاکھ سے زائد سرکاری ملازمین اور پنشنرز کے ریکارڈ کی جانچ پڑتال کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) میں 24 ارب روپے کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے جہاں مبینہ طور پر ایک لاکھ 40 ہزار 488 سرکاری ملازمین نے مستحق خاندانوں کے لیے مختص رقم وصول کی۔ وزارت تخفیف غربت کی جانب سے قومی اسمبلی میں پیش کردہ دستاویزات کے مطابق اربوں روپے کی بے ضابطگیوں کے مقابلے میں

بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

طالبان کو پناہ دینے کے کیس میں 14 سال سزا کیخلاف اپیل

سابقہ فاٹا کے کیسز کے دائرہ سماعت پر معاونت طلب، اٹارنی جنرل کو نوٹس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے طالبان کو پناہ دینے کے کیس میں 14 سال سزا کے خلاف اپیل پر اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری کرتے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ریلوے پٹڑی پر نصب 8 کلو گرام دھماکہ خیز مواد ناکارہ بنادیا گیا

سکیورٹی فورسز نے محاصرہ کرکے سرچ آپریشن کے بعد علاقے کو کلیئر کردیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ریلوے ٹریک کو اڑانے کا منصوبہ ناکام بنادیا گیا ریلوے پٹڑی پر نصب آٹھ کلو دھماکہ خیز مواد کو

بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لسبیلہ میں قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ، 14 افراد جاں بحق

زیرو پوائنٹ کے مقام پر مسافر ویگن اور مسافر کوچ کے درمیان المناک تصادم، 20 افراد زخمی ہوگئے

جاں بحق ہونے والوں میں 7 مرد اور 5 خواتین شامل، لاشوں اور زخمیوں کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کردیا گیا

لسبیلہ (نامہ نگار) لسبیلہ ڈویژن کے ہیڈکوارٹر اوتھل میں قومی شاہراہ زیرو پوائنٹ کے مقام پر مسافر ویگن اور مسافر کوچ کے درمیان المناک تصادم جس کے نتیجے میں ریسکیو ذرائع کے مطابق 14 افراد جاں بحق اور 20 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں 7 مرد اور 5 خواتین شامل ہیں، جبکہ زخمیوں میں بھی مرد اور خواتین شامل ہیں۔ حادثے کی اطلاع

بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سراج الحق کی ملاقات، بلوچستان میں سیاست مکمل طور پر یرغمال ہے، عبدالمالک بلوچ

سیاسی جماعتوں کے مابین ہم آہنگی لازمی، بدترین حالات کا تقاضا ہے کہ سب اپنا سیاسی کردار ادا کریں

انتہا پسندی و بدامنی عروج پر، تمام بارڈرز کی بندش کی وجہ سے لاکھوں لوگ نان شبینہ کا محتاج ہورہے ہیں، رہنماؤں کی گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) جماعت اسلامی کے سابق امیر مولانا سراج الحق کی وفد کے ہمراہ نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے محمد شہی ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات، ملاقات میں نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکریٹری جنرل میر کبیر محمد شہی، صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ، مرکزی سینئر نائب صدر میر شاوس بزنجو، خیر بخش بلوچ، میراں بخش بلوچ، مشکور انور بھی موجود تھے جماعت اسلامی کے وفد

بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسد قیصر کے وارنٹ گرفتاری منسوخ

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے پی ٹی آئی احتجاج کیس میں پی ٹی آئی رہنما اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اردن، چرچ کے اندر فائرنگ، 7 افراد ہلاک

مسلح افراد گاڑی میں سوار ہوکر آئے اور پانچ منٹ تک مسلسل فائرنگ کے بعد موقع سے فرار ہوگئے

اردن (بلوچستان نیوز) اردن کے جنوبی علاقے میں جمعے کو ایک چرچ میں جنازے کے دوران مسلح افراد کی فائرنگ سے کم از کم 7 افراد ہلاک اور 28

بقیہ نمبر 28 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، گیس غائب، بھاری بلوں نے لوگوں کی چیخیں نکال دیں

گیس کی لوڈشیڈنگ اور انتہائی کم استعمال کے باوجود ہزاروں روپے کے بل بھیجے جارہے، 17 اور 18 ہزار روپے سے بھی تجاوز کرگئے

اگر کسی صارف کو غلط یا غیر ضروری طور پر بھاری بل جاری کیا گیا، تو اس کی فوری اصلاح کی جائے، شہریوں کا مطالبہ

کوئٹہ (بلوچستان نیوز) کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں سوئی گیس کے غیر معمولی اور بھاری بھرکم بلوں نے شہریوں کو شدید پریشانی میں مبتلا کردیا ہے۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ گیس کے انتہائی کم استعمال کے باوجود ہزاروں روپے کے بل بھیجے جا رہے ہیں، جبکہ بعض صارفین کے بل 17 ہزار اور 18 ہزار روپے سے بھی تجاوز کرگئے ہیں۔ شہریوں کی جانب سے سامنے آنے والی شکایات کے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وفاق خیبر پختونخوا کو مزید فنڈز دینے کو تیار ہے، طلال چوہدری

صوبے کو این ایف سی کے تحت ایک فیصد اضافی حصہ بھی دیا جاتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت طلال چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت خیبر پختونخوا کو دہشتگردی سے متاثرہ علاقوں کے لیے مزید فنڈز دینے کو تیار ہے جبکہ صوبے کو این ایف سی کے تحت ایک فیصد اضافی حصہ بھی دیا جاتا ہے۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ این ایف سی کے تحت خیبر پختونخوا کو ملنے والی اضافی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان مہنگائی پر قابو پانے کیلئے مانیٹری پالیسی مزید سخت کرے، آئی ایم ایف

درآمدات میں اضافے اور ترسیلات زر کی رفتار میں کمی کے باعث پاکستان کی بیرونی مالیاتی پوزیشن کمزور ہوسکتی ہے

پاکستان کے جاری کھاتے کا خسارہ مجموعی قومی پیداوار کے ایک فیصد یعنی تقریباً 4.5 ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے خبردار کیا ہے کہ درآمدات میں اضافے اور ترسیلات زر کی رفتار میں کمی کے باعث پاکستان کی بیرونی مالیاتی پوزیشن کمزور ہوسکتی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق آئی ایم ایف نے زرمبادلہ کے ذخائر کو محفوظ رکھنے کیلئے شرح مبادلہ میں لچک برقرار رکھنے اور بڑھتی مہنگائی پر قابو پانے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

تل ابیب، حملے میں دو اسرائیلی فوجی ہلاک، تین زخمی

آپریشن کے پہلے مرحلے میں دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے کو تباہ کرنا شامل ہوگا، نیتن یاہو

تل ابیب (بلوچستان نیوز) اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے کہا ہے کہ انہوں نے مقبوضہ مغربی کنارے میں ایک بڑے اور بے مثال

بقیہ نمبر 35 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

نیوزی لینڈ کی ڈیفنس فورس کے سربراہ نامناسب تعلقات پر مستعفی

کینبرا (این این آئی) نیوزی لینڈ کی ڈیفنس فورس کے سربراہ ٹونی ڈیوس نے اپنے ایک نامناسب تعلقات کی وجہ سے استعفیٰ دے دیا ہے، تاہم انہوں نے کمانڈ کے عہدے پر رہتے ہوئے تعلقات کی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

آذربائیجان کی خاتون نے ملزم کو بے قصور قرار دے دیا

میرے ساتھ زیادتی سے اسکا کوئی تعلق نہیں، پہلا بیان دباؤ میں آکر دیا تھا، ڈیانا

لاہور (بلوچستان نیوز) لاہور میں مبینہ طور پر زیادتی کا نشانہ بننے والی آذربائیجان کی خاتون نے ملزم احمد تنویر کو بے قصور قرار دے دیا۔ نئے ویڈیو بیان میں غیر ملکی خاتون نے کہا کہ میرے ساتھ ہونے والی زیادتی سے احمد تنویر کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ احمد تنویر

بقیہ نمبر 32 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستانی سفارتی مشنز پر ای پاسپورٹ کا اجراء شروع

پہلے سے جاری مشین ریڈ ایبل پاسپورٹس اپنی مقررہ میعاد تک قابل استعمال رہیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں پاکستانی سفارتی مشنز پر ای پاسپورٹ کا اجرا شروع کردیا گیا، ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹس کے مطابق وزیراعظم پاکستان کے وژن اور وزیر داخلہ محسن نقوی کی ہدایات پر اہم سنگ میل حاصل

بقیہ نمبر 30 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

جمعیت اسلام کی قومی اسمبلی میں مخصوص نشست کا کیس، سماعت 29 اکتوبر کیلئے مقرر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے جمعیت علما اسلام کی قومی اسمبلی میں خاتون کی مخصوص نشست کی نامزدگی سے متعلق کیس سماعت کیلئے مقرر کردیا۔ چیف جسٹس امین الدین خان کی

بقیہ نمبر 34 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

آبنائے ہرمز میں 7 آئل ٹینکرز پر حملے کا ایرانی دعویٰ، تیل کی قیمتوں میں اضافہ

بعض کو نقصان پہنچا اور آگ لگ گئی، جبکہ دیگر جہاز بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے بعد ناکارہ ہوگئے، ایران، امریکا نے دعوؤں کو مسترد کردیا

امارات میں آئل ٹینکر سے تیل کا اخراج، ام القوین کے تمام ساحل عارضی طور پر بند، امریکا دوبارہ حملہ کرنے سے پہلے سنگین نتائج کیلئے تیار ہو، باقر قالیباف

تہران (این این آئی) ایران نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں سات آئل ٹینکروں کو نشانہ بنایا گیا ہے، جن میں سے بعض کو نقصان پہنچا اور آگ لگ گئی، جبکہ دیگر جہاز بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے بعد ناکارہ ہوگئے۔ دوسری جانب امریکا نے ایرانی دعوؤں کو مسترد کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ تہران امریکی انتخابات سے پہلے تیل کی قیمتیں بڑھانے کی کوشش کررہا ہے۔ امریکی میڈیا کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے سراج الحق ملاقات کررہے ہیں

بقیہ بلوچستان نیوز 1

شرکت کی، اجلاس میں ترک وزیر خارجہ خاقان فیدان، سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان اور مصری وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی بھی شریک ہوئے۔ چاروں ممالک کے وزرائے خارجہ کا نیویارک میں گزشتہ اجلاس کے بعد ہونے والی علاقائی پیش رفت کا جائزہ لیا، مشرق وسطیٰ کی صورت حال اور اس سے جڑے سیکیورٹی چیلنجز اور تنازعات پر خصوصی توجہ دی گئی۔ ترجمان نے بتایا کہ آر فور ممالک کی سعودی عرب کے ساتھ اظہار یکجہتی اور اس کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی حمایت کا اعادہ کیا، اس موقع پر پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب اور مصر کی جانب سے سعودی عرب کو نشانہ بنانے والے حوثی حملوں کی مذمت کی گئی۔ بیان میں بتایا گیا کہ آر 4 اجلاس میں تمام ممالک کی خودمختاری کے احترام کی اہمیت پر زور دیا گیا، علاقائی رابطہ کاری مضبوط بنانے اور سفارتی کوششوں کو آگے بڑھانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا گیا، چاروں ممالک کا پائیدار امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ استنبول میں پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب اور مصر پر مشتمل آر فور اور فرانس، جرمنی، اٹلی اور برطانیہ پر مشتمل ای فور پر مشتمل ای فور ممالک کے وزرائے خارجہ کا اجلاس ہوا جہاں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے شرکت کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اجلاس میں خلیج کی صورت حال کے سماجی اور اقتصادی اثرات پر تبادلہ خیال کیا گیا اور خطے کے امن، سیکیورٹی اور استحکام کو درپیش چیلنج کے حل کے لیے سفارتی کوششیں ہنگامی طور پر تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اپنے ہم مناصب کو آگاہ کیا کہ پاکستان کشیدگی کم کرنے، بڑھتی ہوئی بدامنی روکنے اور امن کے فروغ کے لیے سفارتی اور ثالثی کا کردار ادا کر رہا ہے، ترجمان نے کہا کہ اجلاس میں شریک ممالک کے وزرائے خارجہ نے اس معاملے پر رابطے جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے استنبول میں آر فور اور ای فور وزارتی اجلاس کے موقع پر جرمن وزیر خارجہ یوہان واڈے فول سے بھی ملاقات کی، ملاقات میں پاک ۔ جرمن دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے مسلسل رابطوں اور مختلف شعبوں میں تعاون کے ذریعے پاک ۔ جرمن تعلقات مزید مضبوط بنانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور عالمی سطح پر ہونے والی تازہ پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا، علاقائی چیلنجز سے نمٹنے اور امن و استحکام کے فروغ کے لیے مذاکرات، سفارت کاری اور مسلسل عالمی رابطوں کی اہمیت پر زور دیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے آر فور فریم ورک کے ساتھ جرمنی، فرانس، اٹلی اور برطانیہ کے تعمیری روابط کا خیرمقدم کرتے ہوئے باعث تشویش امور پر مسلسل مشاورت اور سفارتی رابطہ کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ ترکی کے وزیر خارجہ خاقان فیدان نے استنبول میں آر فور ممالک کے وزرائے خارجہ کے اجلاس کے موقع پر کہا ہے کہ ایران پر کسی بھی نئے حملے سے خطے میں کشیدگی میں اضافہ ہوگا اور تنازع مزید پھیل سکتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان تنازع کے خاتمے کا واحد راستہ سفارت کاری اور بات چیت ہے۔ حاقان فیدان کے مطابق اجلاس میں شریک کسی بھی ملک نے فوجی مداخلت یا ایران پر ایک اور حملے کی حمایت نہیں کی۔ دوسری جانب جرمنی، فرانس اور برطانیہ کے وزرائے خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ وہ ایران کے جوہری پروگرام کے حوالے سے تہران کے ساتھ مذاکرات کے لیے تیار ہیں۔ ترکی کے وزیر خارجہ آج استنبول میں مصر، پاکستان، سعودی عرب، جرمنی، فرانس، برطانیہ اور اٹلی کے اپنے ہم منصبوں کی میزبانی کر رہے ہیں۔ پاکستان وزارت خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بھی آج استنبول میں ترکی، سعودی عرب اور مصر کے وزرائے خارجہ کے ساتھ اجلاس میں شرکت کی، جس میں فرانس، جرمنی، اٹلی اور برطانیہ کے وزرائے خارجہ بھی شریک تھے۔ اجلاس میں خلیجی خطے کی تازہ صورتحال، اس کے سماجی و معاشی اثرات اور امن، سلامتی اور استحکام سے متعلق علاقائی چیلنجز کے حل کے لیے سفارتی روابط بڑھانے کی فوری ضرورت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے شرکا کو آگاہ کیا کہ پاکستان کشیدگی میں کمی، دوبارہ لڑائی کو روکنے اور امن کے فروغ کے لیے مسلسل سفارتی اور ثالثی کردار ادا کر رہا ہے۔ اجلاس میں شریک تمام وزرائے خارجہ نے اس فارمیٹ میں مشاورت اور رابطوں کے تسلسل پر اتفاق کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ مکہ معاہدہ مشترکہ دفاع اور علاقائی سلامتی کیلئے پاکستان ترکیہ اور سعودی عرب کے عزم کا عکاس ہے، پاکستان اور سعودی عرب نے اس معاہدے کی توثیق کے اپنے مراحل مکمل کرلیے ہیں۔ دفتر خارجہ نے کہا کہ ہم ترک پارلیمان میں پیش ہونے والے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کی توثیق کرتے ہیں، اس کے علاوہ معاہدے کے کوئی خفیہ نکات نہیں ہیں، مکہ دفاعی معاہدے کی توثیق کا ہر ملک کا اپنا طریقہ کار ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب اپنا طریقہ کار مکمل کرچکے ہیں، ترکیے اپنی پارلیمنٹ سے اس معاہدے کی توثیق کروا رہا ہے، مکہ دفاعی معاہدے کا جو مسودہ باہر آچکا ہے اس کو تسلیم کر رہے ہیں۔ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ مشترکہ دفاع ڈیٹرنس اور علاقائی سلامتی کا مظہر ہے، دفاعی معاہدے کی شقیں کسی تیسرے ملک کے خلاف نہیں بلکہ مشترکہ دفاع کیلئے ہیں، کسی بیرونی جارحیت کے تناظر میں تینوں ملک مشترکہ غور و خوص کے بعد فیصلہ کریں گے۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے استنبول میں سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان سے ملاقات کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور سعودی عرب نے اسٹریٹجک شراکت داری مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کا کہنا تھا کہ پاک سعودیہ برادرانہ تعلقات کی پائیداری پر اسحاق ڈار اور سعودی وزیر خارجہ نے اظہار اطمینان کیا۔ پاکستان اور سعودی عرب نے مکہ معاہدے کی توثیق کے اپنے مراحل مکمل کرلیے، دفتر خارجہ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ ترجمان کے مطابق ملاقات میں تمام شعبوں میں تعاون اور مختلف سطحوں پر مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں ممالک کے تعلقات باہمی دفاعی معاہدے اور مکہ دفاعی اتحاد سے مزید مضبوط ہوئے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کا کہنا تھا کہ پاکستان اور سعودی عرب کا علاقائی امن، سلامتی اور استحکام کے لیے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 2

بھارت کے سرپرستی یافتہ "فتنہ الہندوستان" کے دہشت گردوں نے ضلع گوادر میں گبد بارڈر کراسنگ اور گوادر شہر کے مختلف علاقوں میں دہشت گرد کارروائیاں کرنے کی کوشش کی۔ ان مقامات کو نشانہ بنا کر دہشت گرد دراصل انہی لوگوں کو نقصان پہنچانا چاہتے تھے جن کی نمائندگی کا وہ دعویٰ کرتے ہیں، اور بلوچستان کی ترقی و خوشحالی میں رکاوٹ ڈالنا چاہتے تھے۔ رہائشیوں کے تحفظ اور علاقے کو کلیئر کرنے کے لیے سیکیورٹی فورسز نے گوادر شہر اور گردونواح میں کلیئرنس آپریشن شروع کیے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق، الگ الگ کارروائیوں میں سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے عزائم اور ریاست کی رٹ کو کمزور کرنے اور اپنا مسخ شدہ ایجنڈا پھیلانے کی کوششوں کو ناکام بنادیا۔ فائرنگ کے تبادلے میں ایک خاتون سمیت دس دہشت گرد مارے گئے۔ دہشت گرد حملوں کے دوران ایک شہری نے جام شہادت نوش کیا جبکہ چند گاڑیوں کو نقصان پہنچا۔ آپریشن سیکیورٹی فورسز کو کسی بھی نقصان کے بغیر مکمل ہوا اور امن و ریاست کی رٹ بحال کردی گئی۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ اس حملے میں ایک بلوچ خاتون کو جبراً استعمال کرنا نہ صرف ریاست کے خلاف بلکہ بلوچ خواتین کی حرمت کے خلاف بھی جرم ہے۔ اس سے دہشت گردوں کی جانب سے بلوچ خواتین کے مکارانہ استحصال کا پردہ چاک ہوتا ہے، جنہیں وہ پروپیگنڈے کے آلے کے طور پر استعمال کر کے عوامی جذبات بھڑکانا اور اپنی مہم کو جھوٹا تقدس دینا چاہتے ہیں۔ ایسے ہتھکنڈے بلوچی اور اسلامی روایات کے منافی ہیں، جن میں خواتین کو اعلیٰ ترین عزت و احترام دیا جاتا ہے۔ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ ان عناصر کو مسترد کیا ہے جو بلوچ کے نام پر خون بہاتے ہیں، اور وہ اس فریب کو بھی بھانپ لیں گے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق، وفاقی ایپکس کمیٹی برائے نیشنل ایکشن پلان کی منظوری سے "عزم استحکام" کے وژن کے تحت انسداد دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی۔ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت یافتہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گوادر میں تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے حملہ کو ناکام بنانے اور کارروائی کے دوران سات دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، جرات اور عزم کو سراہا ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کر کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے۔ بلوچستان میں بدامنی پھیلانے اور صوبے کی تعمیر و ترقی کے عمل کو نقصان پہنچانے کی کوششیں کامیاب نہیں ہونے دی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ذریعے عوام میں خوف و ہراس پیدا کرنے اور ترقیاتی و معاشی سرگرمیوں میں رکاوٹ ڈالنے والے عناصر اپنے مقاصد میں ناکام رہیں گے۔ بلوچستان امن، استحکام اور خوشحالی کی جانب گامزن ہے اور اس سفر کو روکنے کی ہر کوشش کا مؤثر جواب دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے بہادر اہلکار ملک و صوبے کے امن کے لیے قابل قدر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ان کی جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام اور سیکیورٹی فورسز متحد ہو کر امن دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنائیں گے اور بلوچستان کی تعمیر و ترقی کا سفر جاری رہے گا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 3

بنائیں گے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کور ہیڈ کوارٹرز، پشاور کا دورہ کیا، جہاں انہیں موجودہ سیکیورٹی صورتحال، انسداد دہشت گردی کی جاری کارروائیوں، بارڈر مینجمنٹ کے اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں پر بریفنگ دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے افسران اور دستوں کے اعلیٰ حوصلے اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے انہیں خطرات کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے چوکس رہنے اور آپریشنل تیاری کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہم اسپانسرڈ دہشت گرد تنظیموں کے خلاف مہم کو بھرپور طریقے سے جاری رکھیں گے اور وہ جہاں کہیں بھی ہوں گے انہیں بھرپور انداز میں نشانہ بنائیں گے۔ سیکیورٹی فورسز کے شہدا اور غازیوں سمیت پاکستانی عوام کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عوام کی حمایت سے پاکستان دہشت گردوں اور ان کے بگڑے ہوئے نظریات کو ضرور شکست دے گا۔ قبل ازیں پشاور آمد پر کور کمانڈر پشاور نے آرمی چیف کا استقبال کیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 4

ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار برلن میں جرمن صدر فرینک والٹر شٹائن مائر سے ملاقات کے دوران کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے جرمن صدر کا دورے کی دعوت دینے اور اپنے وفد کے پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دورہ جرمنی کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا عکاس ہے۔ انہوں نے اس امر کا اظہار کیا کہ پاکستان مسلسل تعمیری روابط کے ذریعے موجودہ تعلقات کو مزید مضبوط، مستحکم اور باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری میں تبدیل کرنے کے لیے تیار ہے۔ صدر مملکت نے اس اہم دورے کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ 23 سال کے وقفے کے بعد ہو رہا ہے جو دونوں ممالک کے دوطرفہ تعلقات میں ایک اہم باب کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال پاکستان اور جرمنی کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ بھی منائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جرمنی کو یورپ میں اپنا اہم شراکت دار سمجھتا ہے اور خواتین کو بااختیار بنانے، سماجی تحفظ اور انسانی ترقی کے شعبوں میں جرمنی کی معاونت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان روایتی شعبوں سے آگے بڑھتے ہوئے جرمنی کے ساتھ سائنسی ترقی، صحت عامہ، تعلیم، فنی تربیت، ٹیکنالوجی کے فروغ، تجارت و سرمایہ کاری، زراعت، کاروبار و صنعت اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کی صلاحیت بڑھانے سمیت مختلف شعبوں میں جدید اور باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو وسعت دینے کے لیے تیار ہے۔ اس مقصد کے لیے حکومتی سطح، کاروباری اداروں اور ماہرین کے درمیان روابط کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ صدر مملکت نے امریکہ اور ایران کے تنازع میں پاکستان کے مخلصانہ ثالثی کردار کے جرمنی کی جانب سے اعتراف پر صدر فرینک والٹر شٹائن مائر کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان علاقائی اور عالمی امن و استحکام کے مفاد میں تنازعات کے حل کے لیے مسلسل مکالمے اور تعمیری مذاکرات پر یقین رکھتا ہے۔ جرمن صدر فرینک والٹر شٹائن مائر نے پاکستان اور جرمنی کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے اہم موقع پر صدر آصف علی زرداری کے دورہ جرمنی کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ انہوں نے حال ہی میں پشاور میں سکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے میں بچوں کے جاں بحق ہونے پر تعزیت کا اظہار بھی کیا۔ جرمن صدر نے امید ظاہر کی کہ پاکستان اور جرمنی دوطرفہ کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، تعلیم کے شعبے میں تعاون اور تکنیکی اشتراک کو آگے بڑھانے کے لیے کاروبار اور تجارت کے شعبوں میں مزید مؤثر کوششوں کے ساتھ روابط جاری رکھیں گے۔ جرمن صدر نے علاقائی اور عالمی تنازعات کے حل میں پاکستان کے بڑھتے ہوئے سفارتی کردار کو سراہا۔ صدر فرینک والٹر شٹائن مائر نے جرمنی واپس بھیجے جانے والے 500 افغان شہریوں کی تصدیق کے عمل میں سہولت فراہم کرنے پر حکومت پاکستان کی تعریف کی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 5

میں 1000 روپے فی من اضافہ کیا گیا، صدر مملکت آصف علی زرداری اور قائد محمد نواز شریف کی رہنمائی اور وزرائے اعلیٰ پنجاب و سندھ کی مشاورت و تعاون شامل حال رہا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملکی زرعی شعبے کے فروغ، کسانوں کے معاشی مفادات کے تحفظ اور آئندہ سال گندم کی پیداوار میں اضافے کیلئے بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے 2027 کی گندم کی مجوزہ قیمت 4500 روپے فی من مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے، گزشتہ سال گندم کی قیمت 3500 روپے فی من مقرر تھی جس کے مقابلے میں نئی قیمت میں 1,000 روپے فی من اضافہ کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے اس فیصلے کیلئے مشاورتی عمل میں تعاون اور قابل قدر تجاویز پیش کرنے پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا خصوصی شکریہ اور ان کے اس مشاورتی عمل میں کردار کی تعریف کی۔ وزیراعظم نے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کے تعاون پر بھی اظہار تشکر کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت کی جانب سے گندم کی مجوزہ قیمت میں اضافے کا مقصد کسانوں کو بڑھتی ہوئی پیداواری لاگت، پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے اور مہنگائی کے دباؤ سے ریلیف فراہم کرنا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ کسانوں کو گندم کی کاشت کے لیے مؤثر ترغیب دینا فیصلے کے اولین مقاصد میں شامل ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 6

منظوری دیتے ہوئے کہا ہے کہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کے چیئرمین اور اراکین کا انتخاب شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے، بورڈ میں نجی شعبے کے قابل اور تجربہ کار ماہرین کو شامل کر کے اسے مؤثر اور فعال ادارہ بنایا جائے، منہ کھر کی بیماری کے مکمل خاتمے کے لیے واضح اہداف اور مقررہ مدت پر مشتمل جامع ایکشن پلان پیش کیا جائے، لائیوسٹاک اور ڈیری کے شعبے کی ترقی کے لیے عالمی معیار کے کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کی جائیں اور متعلقہ ممالک کے تجربات سے استفادہ کیا جائے، پاکستان میں لائیوسٹاک کے شعبے میں وسیع استعداد موجود ہے، اسے برآمدات اور معاشی ترقی کے لیے بروئے کار لایا جائے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 7

میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ملک میں چھوٹے انتظامی یونٹس کے قیام پر بحث اب شروع ہوئی ہے، جبکہ انہوں نے بلوچستان کے مخصوص حالات اور عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس عمل پر دو سال قبل ہی کام شروع کردیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ انتظامی ڈھانچے کو اس انداز میں تشکیل دینا ضروری ہے کہ ریاستی اداروں اور سول حکومت کی موجودگی عوام کے قریب ہو اور لوگوں کو سرکاری امور کے سلسلے میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ رکھنی ہیڈکوارٹرز کو بلوچستان کا مثالی ڈویژن بنانے اور ترقی کے میدان میں نمایاں مقام دلانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رکھنی ہیڈ کوارٹرز کو ڈویژن کا درجہ بہت پہلے مل جانا چاہیے تھا، تاہم اب ترقیاتی عمل کا آغاز ہو چکا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ رکھنی میں ترقیاتی کاموں کو بدعنوانی کے مافیا اور کمیشن کی لعنت سے پاک رکھنے کے لیے سخت ہدایات جاری کی گئی ہیں، جبکہ محکمہ مواصلات و تعمیرات خود ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کر رہا ہے تاکہ شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ رکھنی کو ایک ایسا مثالی ڈویژن ہیڈ کوارٹرز بنایا جائے جہاں ترقیاتی منصوبے شفاف انداز میں مکمل ہوں اور عوام کو ان کے ثمرات حاصل ہوں۔ گوادر میں دہشت گردی کے واقعے کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے تعمیراتی کمپنی کی عمارت کو نشانہ بنانے کی کوشش ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف پاک فوج، فرنٹیئر کور اور پولیس کی قربانیاں اور کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگست کے بعد صوبے میں دہشت گردی کے واقعات کے رجحان میں کمی آنا ایک مثبت پیش رفت ہے، جو سیکیورٹی فورسز کی مسلسل کوششوں کا نتیجہ ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے خلاف کارروائیاں جاری رہنی چاہئیں اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ بلوچستان سے دہشت گردی کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ فرمائے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 8

نہوں نے دہشت گردوں سے مقابلے میں شہید ڈی ایس پی عمران الدین اور شہید پولیس حوالدار کاظم جان کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا اور شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ ایپکس کمیٹی اجلاس میں دہشت گردی کی بیخ کنی کا اٹل فیصلہ ہو چکا ہے، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے خیبر پختونخوا کو تمام وسائل فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دہشت گرد افغانستان میں امریکا کا چھوڑا ہوا اسلحہ پاکستان کے خلاف استعمال کر رہے ہیں، افغان سرزمین سے فتن الخوارج پاکستان کے خلاف کارروائیاں کر رہے ہیں، مادر وطن کے لیے تمام سیکیورٹی اداروں کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ ایپکس کمیٹی میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ دہشت گرد اور سہولت کار دونوں کے خلاف کارروائی ہوگی، پاکستان کے اندر بھی دہشت گردوں کے ہینڈلرز موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس کو فری ہینڈ دیا ہے، وزیر داخلہ نے پولیس کو جدید اسلحہ اور سہولیات فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے، اب دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں قوم کو گراؤنڈ پر نظر آئیں گی اور جو پاکستان کے آئین اور قانون کو نہیں مانتا ان سے مذاکرات نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا قدرتی وسائل سے مالامال ہے، بین الاقوامی کمپنیوں کو معدنیات نکالنے کی دعوت دی ہے، معدنیات میں پہلا حصہ عوام کا پھر صوبے اور پھر وفاق کا ہوگا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ دہشت گردوں سے مقابلے کے لیے خیبر پختونخوا پولیس کے پاس وسائل نہ ہونے کے برابر ہیں، خیبر پختونخوا پولیس کو جدید اسلحہ اور سارے سہولیات فراہم کریں گے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے میڈیا کو بتایا کہ سابق وزیراعلیٰ سہیل آفریدی محفوظ ہاتھوں میں ہیں تاہم پی ٹی آئی کے مستقبل کے حوالے سے کچھ نہیں کہہ سکتا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 9

بہتر نہیں کیا جا سکتا، دہشت گردی کے خلاف پوری قوم کو متحد ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختون خوا سے دہشت گردی کا قلع قمع کیا جائے گا، گورنر کے پی نے 160 ارب روپے کا تقاضہ کیا جس کی وزیراعظم نے فوری منظوری دی۔ رانا ثنا اللہ نے یہ بھی کہا کہ اس وقت 28 ویں ترمیم پر کوئی بات نہیں ہوئی اور نہ کوئی مسودہ سامنے آیا ہے۔ وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ اپوزیشن لیڈر سے گزارش ہوگی کہ وہ وزیراعظم کے خط کا جواب دیں، میری گزارش ہو گی کہ اپوزیشن لیڈر وزیراعظم سے ملاقات کریں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ ملاقاتوں میں انا اور ضد کا معاملہ نہیں ہے، یہ قومی مسئلہ ہے جو سنجیدگی کا تقاضہ کرتا ہے، وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کی ملاقات ہو اور آئینی عہدوں کے فیصلے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ان چیزوں سے فرق نہیں پڑتا کہ آپ یہاں آجائیں یا وہاں آجائیں، اس طرح کے تقاضے لوگوں کے درمیان مختلف تاثر کا باعث بنتے ہیں، ایسا تاثر قائم ہوتا ہے جو سیاستدان بالخصوص سینئر قیادت کے بارے میں اچھا نہیں۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کہتے ہیں وہ وزیراعظم پاس جائیں گے مگر اسے ملاقات تصور نہ کیا جائے۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ وہ وزیراعظم پاس جا کر ملاقات کی دعوت دیں گے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 10

بھی خدشات کا اظہار کیا گیا۔ انہوں نے سینیٹ کو وقفہ سوالات کے دوران بتایا کہ حکومت کی ٹارگٹڈ فیول سبسڈی اسکیم سے ایک کروڑ سے زائد افراد مستفید ہو رہے ہیں جب کہ رواں سال کے لیے پیٹرولیم لیوی کے تحت 1676 ارب روپے کا بجٹ رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سبسڈی پٹرول پمپوں پر فراہم کی جارہی تھی، اور ایندھن کی فراہمی کا کوئی مسئلہ نہیں تھا۔ کیانی نے مزید کہا کہ پٹرولیم کی قیمتوں پر علاقائی تنازعہ کے اثرات تمام ممالک میں محسوس کیے جارہے ہیں، لیکن حکومت موٹر سائیکل سواروں، رکشہ اور لوڈر چلانے والوں اور چھوٹی کاروں کے استعمال کرنے والوں کو ہدفی ریلیف فراہم کر رہی ہے۔ گزشتہ ہفتے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے یہ بھی کہا تھا کہ پاکستان کے پاس نومبر تک کافی رسد موجود ہے۔ لیکن دسمبر کا کیا ہوگا؟ جمعہ کو سینیٹ میں پیپلز پارٹی کے رحمان ملک سے سوال کیا۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی دستیابی کے لیے حکومت کا کیا منصوبہ ہے؟ کیا راشن ملے گا؟ اراکین پارلیمنٹ کو خدشات ہیں کہ کیا دسمبر تک پیٹرول دستیاب ہوگا؟ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت پارلیمنٹ کو کسی بھی راشن اور ہنگامی منصوبوں کے بارے میں آگاہ کرے جس پر وہ کام کر رہی ہے۔ سینیٹر رحمان نے کہا کہ ایران پر نئے حملوں اور مغربی ایشیا میں بڑھتے ہوئے تنازعات نے پاکستان کی پٹرولیم سپلائی کے اردگرد غیر یقینی صورتحال میں اضافہ کیا ہے اور ملک کی توانائی کی سلامتی، اقتصادی استحکام اور عام شہریوں کی زندگیوں پر براہ راست اثرات مرتب کیے ہیں۔ یہ سوچتے ہوئے کہ کیا موجودہ حالات میں پاکستان کے پاس مناسب سپلائی ہوگی، انہوں نے کہا، "یہ معمولی خدشات نہیں ہیں۔" انہوں نے متنبہ کیا کہ مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی فراہمی میں کسی قسم کی رکاوٹ پورے ملک میں سنگین اثرات مرتب کرے گی، اس بات کی نشاندہی کرتے ہوئے کہ پاکستان اپنی ایل پی جی کی تقریباً 70 فیصد ضروریات کے لیے درآمدات پر انحصار کرتا ہے جب کہ مقامی پیداوار کا حصہ صرف 30 فیصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپلائی پلان پارلیمنٹ میں پیش کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال پاکستان کو ایل پی جی کے پانچ کارگو ملے تھے، جبکہ اس سال صرف دو کی توقع تھی۔ کاربن لیوی کی طرف رجوع کرتے ہوئے، پیپلز پارٹی کے سینٹر، جو سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی کے سربراہ ہیں، نے دعویٰ کیا کہ پیٹرولیم مصنوعات پر کاربن لیوی کو ماحولیاتی تحفظ پر خرچ نہیں کیا جا رہا ہے۔ "کل، موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں سینیٹ کی قائمہ کمیٹی کے اجلاس کے دوران، خزانہ کے ایڈیشنل سیکرٹری نے تسلیم کیا کہ کاربن لیوی ماحولیاتی منصوبوں پر خرچ نہیں کی جا رہی ہے، لیوی ٹیکس نہیں ہے، یہ سیدھا فیڈرل کنسولیڈیٹڈ فنڈ میں جاتا ہے جہاں موسمیاتی کارروائی پر خرچ کرنے کے لیے کوئی رنگ فینسنگ نہیں ہے،" انہوں نے کہا۔ رحمان نے مزید کہا کہ اس انکشاف نے اس بات کی تصدیق کی جس کی پہلے سینیٹ اجلاس کے دوران تردید کی گئی تھی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ "تمام صوبوں کو شدید اور تباہ کن سیلابوں کا سامنا کرنے کے باوجود لیوی کو موسمیاتی لچک کے لیے مختص کرنے کی بجائے عام وفاقی وصولیوں میں شامل کیا جا رہا ہے۔" "وفاقی حکومت پٹرولیم لیوی کے ذریعے یہ ریونیو اکٹھا کرتی رہتی ہے، اور یہ رقم فیڈرل کنسولیڈیٹڈ فنڈ میں جاتی ہے؛ یہ تمام صوبوں سے کٹتی ہے۔ اگلے بجٹ میں کاربن لیوی نہیں ہونی چاہیے، جب تک کہ اسے کاربن ٹیکس کے طور پر دوبارہ تشکیل نہ دیا جائے جو تخفیف اور موسمیاتی کارروائی کے لیے جڑا ہوا ہے۔ ہر ایک کے لیے ایک روپیہ جمع ہونا چاہیے۔" "جب کسی شے کو کاربن لیوی کہا جاتا ہے، تو اسے انگوٹھی پر باڑ لگانا ہے اور پھر اسے وزارت موسمیاتی کے مشورے سے تقسیم کرنا ہے،" "اس نے زور دے کر کہا۔ اپنی طرف سے، سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر راجہ ناصر عباس نے خبردار کیا کہ توانائی کے اہم راستوں پر جنگ سے پاکستان کے توانائی کے بحران میں مزید اضافہ ہو جائے گا، کیونکہ اہم سمندری چوکیوں کو خطرہ لاحق ہے۔ انہوں نے بیرونی بحران کو ملکی قلت سے جوڑتے ہوئے کہا کہ پنجاب کو پہلے ہی آٹے کی قلت کا سامنا ہے جبکہ ملک میں ایل پی جی کی قلت کا سامنا ہے۔ دریں اثنا، سیاست دان حقیقی مسائل کو نظر انداز کر رہے تھے اور صوبوں کو "فتح" کرنے کی کوششوں میں مصروف تھے، انہوں نے بظاہر 11 اکتوبر کو خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا۔ انہوں نے سوات میں دہشت گردوں کو پناہ دینے کے دعووں پر بھی سوال اٹھایا اور پوچھا کہ کتنے پکڑے گئے ہیں۔ دریں اثنا، پولیس، جو امن کی ضامن تھیں، کو عوام سے لڑانے کے لیے بنایا جا رہا ہے، انہوں نے دعویٰ کیا۔ انہوں نے یمن کے حوثیوں اور سعودی عرب کے درمیان تنازع پر بھی بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو دونوں فریقوں کے درمیان ثالثی کرنی چاہیے۔ یمن کی خانہ جنگی کے ساتھ ساتھ، وہاں کے حوثیوں نے حالیہ دنوں میں توانائی کی سہولیات اور ہوائی اڈوں سمیت سعودی انفراسٹرکچر پر متعدد بار حملے کیے ہیں۔ یہ، فروری میں شروع ہونے والی ایران کے خلاف امریکہ۔ اسرائیل جنگ کے ساتھ مل کر، توانائی کی سپلائی کے اہم راستوں آبنائے ہرمز اور باب المندب کا دم گھٹنے کا نتیجہ ہے اور عالمی سطح پر توانائی کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ وزیر خزانہ اورنگزیب نے گزشتہ ہفتے ایک انٹرویو کے دوران کہا تھا کہ پاکستان نے اب تک آسمان سے آنے والے صدمے کو برداشت کیا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 11

ملتے ہی محکمہ صحت، ضلعی انتظامیہ، پولیس اور مختلف ریسکیو اداروں کی ٹیمیں فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں شروع کردیں۔ جاں بحق افراد کی لاشوں اور زخمیوں کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال اوتھل منتقل کیا گیا، جبکہ بعض زخمیوں کو مرکز سینٹر وندر منتقل کیا گیا۔ شدید زخمیوں کو مزید علاج کے لیے کراچی ٹراما سینٹر منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر فرید اللہ شاہ ہاشمی، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل اویس واجد، ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی، ایدھی انچارج ڈاکٹر عبدالحکیم لاسی، ایل ڈبلیو ٹی کے انچارج رمضان جاموٹ، ریسکیو 1122، مرکز 1122 وندر، مرک لیاری اور اوتھل پولیس کے اہلکار جائے حادثہ پر پہنچ گئے اور امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والے بعض افراد کی شناخت نوراللہ، شریف، فضل کریم، حبیب اللہ، ارشد سبا کی اور خیر بی بی سمیت دیگر کے ناموں سے ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ویگن کراچی سے بیلہ جبکہ مسافر کوچ کراچی کی جانب سفر کر رہی تھی کہ اوتھل قومی شاہراہ کے زیرو پوائنٹ پر دونوں گاڑیاں حادثے کا شکار ہوگئیں۔ حادثے کے بعد علاقے میں افسوس ناک صورت حال پیدا ہوگئی، جبکہ امدادی ٹیموں نے زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے اور انہیں ہسپتالوں تک پہنچانے کے لیے کارروائیاں جاری رکھیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 12

کیلئے مانیٹری پالیسی مزید سخت کرنے پر زور دیا ہے۔ آئی ایم ایف نے پاکستان کے بارے میں یہ مشاہدات مشرق وسطیٰ اور وسطی ایشیا سے متعلق اپنی علاقائی رپورٹ میں پیش کیے جو گزشتہ ہفتے عالمی بینک اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے ایک ہفتے بعد گزشتہ روز جاری کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق درمیانی مدت کے دوران مصر، اردن اور مراکش کی بیرونی مالیاتی پوزیشن میں بہتری آنے کی توقع ہے، جس کی وجہ اجناس کی کم قیمتیں اور برآمدات میں تنوع ہوگا تاہم پاکستان کی بیرونی مالیاتی پوزیشن کمزور ہو سکتی ہے، کیونکہ درآمدات میں اضافہ اور ترسیلات زر میں کمی متوقع ہے، آئی ایم ایف نے پاکستان کے جاری کھاتے کا خسارہ مجموعی قومی پیداوار کے ایک فیصد یعنی تقریباً 4.5 ارب ڈالر تک پہنچنے کی پیش گوئی کی ہے، یہ تخمینہ حکومت کے تقریباً 2.5 ارب ڈالر کے سرکاری اندازے سے کہیں زیادہ ہے۔ عالمی مالیاتی ادارے کے مطابق پاکستان کی مجموعی بیرونی مالیاتی ضروریات جی ڈی پی کے 22 سے 25 فیصد تک رہنے کا امکان ہے، جو ہم پلہ ممالک کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ ہے اور مختلف مالیاتی خطرات کا باعث بن سکتی ہیں۔ رپورٹ میں حکومت اور تجارتی بینکوں کے درمیان گہرے تعلق کا بھی ذکر کیا گیا ہے، آئی ایم ایف کے اندازے کے مطابق بینکوں کے مجموعی اثاثوں یا سرمایہ کاری میں سرکاری قرضوں سے متعلق ایکسپوژر 63 فیصد ہے، جو ابھرتی ہوئی معیشتوں کی عمومی سطح سے کہیں زیادہ ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 13

مطابق ایران کی پاسداران انقلاب نے بیان میں کہا کہ نشانہ بننے والے سات جہازوں میں سے چار تیل کی منتقلی میں مصروف تھے اور انہیں رات کے وقت حملوں کا نشانہ بنایا گیا، جس کے بعد ان میں آگ بھڑک اٹھی۔ ایران کے مطابق باقی تین جہاز بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے باعث ناکارہ ہوئے۔ تاہم ان دعووں کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوسکی اور رپورٹ میں ممکنہ جانی نقصان یا متاثرہ جہازوں کے ممالک کے بارے میں تفصیلات نہیں دی گئیں۔ پاسداران انقلاب نے خبردار کیا کہ اگر امریکا آبنائے ہرمز کے دیگر حصوں میں جہازوں کی آمد و رفت میں مدد جاری رکھتا ہے تو ایران مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی اڈوں کو نشانہ بنا سکتا ہے۔ ایرانی ادارے نے اپنے بیان میں کہا کہ اگر موجودہ صورت حال جاری رہی تو تنازع خطے میں امریکی اڈوں تک پھیل سکتا ہے۔ اس نے اس بیان کو امریکا کے لیے سنجیدہ انتباہ قرار دیا۔ آبنائے ہرمز عالمی توانائی کی ترسیل کے لیے انتہائی اہم سمندری راستہ ہے۔ جنگ شروع ہونے سے پہلے دنیا کی تقریباً پانچویں حصے کی تیل کی رسد اسی راستے سے گزرتی تھی۔ ایران اس آبی گزرگاہ پر اپنا کنٹرول ظاہر کرتا رہا ہے اور اس کی اجازت کے بغیر گزرنے کی کوشش کرنے والے جہازوں پر حملوں کی اطلاعات بھی سامنے آتی رہی ہیں۔ متحدہ عرب امارات میں آئل ٹینکر سے تیل کے اخراج کے باعث سمندری آلودگی پھیلنے کے بعد ام القوین کے تمام ساحل اور ساحلی علاقے عارضی طور پر بند کر دیے گئے۔ وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیات کے مطابق نگرانی کے نظام نے تیل کے اخراج کا پتہ لگایا، جس کے بعد شارجہ، عجمان اور ام القوین کے رہائشیوں نے غیر معمولی بدبو کی شکایات بھی کیں۔ وزارت کا کہنا تھا کہ بدبو سے شہریوں کی صحت کو کوئی خطرہ نہیں ہے۔ بیان کے مطابق خصوصی ٹیموں نے تیل کے پھیلاؤ کو روکنے، متاثرہ علاقوں کو گھیرے میں لینے اور صفائی کے لیے کارروائیاں شروع کردی ہیں، اس سلسلے میں مقامی اور وفاقی حکام کے ساتھ مل کر کام کیا جا رہا ہے۔ اماراتی وزارت نے کہا کہ ساحلی علاقوں کی بندش اس وقت تک برقرار رہے گی جب تک تکنیکی ٹیمیں جائزہ مکمل کر کے عوام کے تحفظ اور سمندری ماحول کی حفاظت کے لیے ضروری اقدامات کا تعین نہیں کرلیتیں۔ ایرانی اسپیکر باقر قالیباف کا کہنا ہے کہ امریکا دوبارہ حملہ کرنے سے پہلے سنگین نتائج کیلئے تیار ہو۔ سوشل میڈیا پر ایک میم کے ساتھ پیغام میں باقر قالیباف نے کہا کہ ایران کے ساتھ جنگ میں فائدہ سوچ رہے ہیں تو آپ غلطی پر ہیں۔ جنگ آپ کیلئے تلخ نتائج لے کر آئے گی۔ اسٹاک مارکیٹ گرے گی، لڑاکا طیارے کریش ہونگے۔ قرضوں اور مہنگائی میں اضافہ ہوگا۔ آپ کے فوجی مریں گے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ امریکا نے اسرائیل کے فضائی دفاع پر 11 ارب ڈالر خرچ کیے۔ یہ دو طرفہ تعلقات نہیں بلکہ ایک طفیلی ریاست کے ساتھ تعلق کو ظاہر کرتا ہے۔ اسرائیلی امریکی عوام کے پیسوں کو اپنے دفاع پر خرچ کروا رہا ہے۔ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں پانچ ماہ کی بلند ترین سطح کے قریب برقرار ہیں جبکہ سعودی عرب پر حوثی حملوں کے تسلسل اور عالمی توانائی کی فراہمی متاثر ہونے کے خدشات نے قیمتوں کو سہارا دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جمعے کو ایشیائی کاروباری اوقات کے آغاز پر عالمی معیار کے برینٹ خام تیل کی قیمت 0.2 فیصد کمی کے بعد 112.96 ڈالر فی بیرل رہی، جبکہ امریکی خام تیل ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) کی قیمت 0.3 فیصد گھٹ کر 98.12 ڈالر فی بیرل پر آگئی۔ معمولی کمی کے باوجود تیل کی قیمتیں بلند سطح پر برقرار ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 14

اب تک صرف 71 کروڑ روپے کی ریکوری ہو سکی ہے۔ قومی اسمبلی اجلاس میں پیش کی گئی دستاویزات کے مطابق مالی سال 2019-20 میں سرکاری ملازمین اور پنشنرز نے بی آئی ایس پی سے 23 ارب 13 کروڑ روپے وصول کیے، 2019 میں بے ضابطگیوں کی نشاندہی کے باوجود مبینہ طور پر 6 سال تک ادائیگیاں جاری رہیں جبکہ ملازمین کی نشاندہی کے بعد بھی 90 کروڑ روپے کی ادائیگیاں کی گئیں۔ ریکارڈ کے مطابق مالی سال 2020-21 میں 12 ہزار سے زائد سرکاری ملازمین نے 14 کروڑ 76 لاکھ روپے وصول کیے، مالی سال 2021-22 میں 2 ہزار 447، مالی سال 2022-23 میں 2 ہزار 235، مالی سال 2023-24 میں 227 اور مالی سال 2024-25 میں 12 ہزار 78 سرکاری ملازمین کی جانب سے بی آئی ایس پی فنڈز وصول کرنے کا انکشاف ہوا۔ دستاویزات میں بتایا گیا ہے کہ مالی بے ضابطگیوں میں سرکاری ملازمین کے ساتھ ان کے شریک حیات بھی ملوث رہے، مبینہ طور پر مستحقین کے فنڈز وصول کرنے والوں میں بی آئی ایس پی کے اپنے 236 ملازمین بھی شامل ہیں۔ دستاویزات کے مطابق مالی بے ضابطگیوں میں ملوث سرکاری ملازمین سے ایف آئی اے نے 54 کروڑ روپے وصول کیے جبکہ دیگر سرکاری محکموں نے 14 کروڑ 50 لاکھ روپے کی ریکوری کی، بی آئی ایس پی نے اپنے ملازمین سے 2 کروڑ 15 لاکھ روپے وصول کیے یوں مجموعی طور پر تقریباً 70 کروڑ 65 لاکھ روپے یعنی لگ بھگ 71 کروڑ روپے کی ریکوری ہوئی۔ بی آئی ایس پی نے مالی بے ضابطگیوں میں ملوث سرکاری ملازمین کا ریکارڈ متعلقہ اداروں کو ارسال کردیا ہے جبکہ مزید چھان بین کے لیے 6 لاکھ سے زائد سرکاری ملازمین اور پنشنرز کے ریکارڈ کی جانچ پڑتال کا فیصلہ کیا گیا۔ قومی اسمبلی میں پیش کردہ دستاویزات کے مطابق معاملے میں ریکوری اور تحقیقات کا عمل جاری ہے تاہم 24 ارب روپے کی مبینہ مالی بے ضابطگیوں کے مقابلے میں اب تک ہونے والی ریکوری رقم کے بڑے فرق نے سرکاری نگرانی اور احتساب کے نظام پر سوالات اٹھا دیے ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 15

میں صوبائی جنرل سیکرٹری غلام مرتضیٰ کاکڑ، صوبائی نائب امراز ائد اختر، عبدالکبیر شاکر، حافظ نور علی شامل تھے، رہنماؤں نے اس امر پر اتفاق کیا کہ بلوچستان میں سیاسی جماعتوں کے مابین ہم آہنگی لازمی ہے، بلوچستان میں بدترین حالات کا تقاضا ہے کہ جمہوری جماعتیں اپنا سیاسی کردار ادا کریں، ملک بھر بالخصوص بلوچستان میں سیاست مکمل طور پر یرغمال ہے، جس کی وجہ سے انتہاپسندی و بدامنی عروج پر ہے بلوچستان سے منسلک تمام بارڈرز کی بندش کی وجہ سے لاکھوں لوگ نان شبینہ کا محتاج ہو رہے ہیں، بارڈر بندش سے ملک بھر میں گیس کی کھپت جبکہ ایران میں اشیائے خورد و نوش کا بحران پیدا ہوگا۔ رہنماؤں نے اس امر پر اتفاق کیا کہ موجودہ صورتحال میں سیاسی جماعتوں کا آپس میں رابطہ لازمی ہے آل پارٹی کانفرنسز کا اجلاس کر کے ان مسائل کو اجاگر کرنا ہوگا اس کے لیئے بلوچستان کے سینئر سیاسی رہنما سابق وزیراعلیٰ بلوچستان کا کردار اہم ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 16

مطابق بعض صارفین کو صرف 2 یونٹ گیس کے استعمال پر تقریباً 18 ہزار روپے، 50 یونٹ پر 18 ہزار روپے سے زائد اور 65 یونٹ کے استعمال پر بھی 18 ہزار روپے سے زیادہ کے بل موصول ہوئے ہیں۔ صارفین کا کہنا ہے کہ گیس کے استعمال اور بلوں میں درج بھاری رقوم کے درمیان فرق نے انہیں شدید مالی مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ ایک طرف مہنگائی، بے روزگاری اور بڑھتے ہوئے گھریلو اخراجات نے عام آدمی کی زندگی مشکل بنا رکھی ہے تو دوسری جانب گیس کے بھاری بھرکم بلوں نے شہریوں کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ شہریوں کا سوال ہے کہ جب محدود آمدن میں گھر کا راشن، بجلی کے بل، بچوں کی تعلیم اور دیگر بنیادی ضروریات پوری کرنا مشکل ہو چکا ہے تو ہزاروں روپے کے گیس بل آخر کیسے ادا کیے جائیں؟ شہریوں نے سوئی گیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ غیر معمولی بلوں کا فوری نوٹس لیا جائے، بلوں میں درج یونٹس، ٹیرف، ٹیکسز اور دیگر چارجز کی شفاف جانچ کی جائے اور اگر کسی صارف کو غلط یا غیر ضروری طور پر بھاری بل جاری کیا گیا ہے تو اس کی فوری اصلاح کی جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گیس جیسی بنیادی سہولت عام آدمی کی پہنچ میں رہنی چاہیے، نہ کہ اس کے بل گھریلو بجٹ پر ناقابل برداشت بوجھ بن جائیں۔ متعلقہ حکام کی خاموشی اور عدم وضاحت عوام کے خدشات میں مزید اضافہ کر رہی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 17

دوران وزیراعظم شہباز شریف نے آزاد جموں و کشمیر میں ترقیاتی عمل تیز کرنے اور عوام کا معیار زندگی بہتر بنانے کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے کشمیری عوام کی حق خودارادیت کے حصول کی منصفانہ جدوجہد کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے ذریعے اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق ملنے تک کشمیری عوام کی حمایت جاری رکھے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کو ان کے جائز حقوق ملنے تک ان کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا، ملاقات میں وزیراعظم کے مشیر رانا ثنااللہ خان بھی موجود تھے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 18

انتظامیہ کے مطابق دونوں جہازوں کے ذریعے 7 ہزار 603 میٹرک ٹن سے زائد ایل پی جی درآمد کی گئی ہے۔ انتظامیہ کے مطابق سوئی سدرن گیس کے لیے درآمدی ایل پی جی لے کر دو بحری جہاز پورٹ قاسم پر لنگر انداز ہوئے ہیں۔ انتظامیہ کے مطابق الیسا ون نامی بحری جہاز 3 ہزار 83 میٹرک ٹن جبکہ پی جی سی یانیاس 4 ہزار 520 میٹرک ٹن درآمدی ایل پی جی لے کر پہنچا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 19

شدہ سلسلہ بحال ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق 19 اکتوبر کو پاکستان کی جانب سے ایران سے منسلک بارڈر کو عارضی طور پر بند کردیا گیا تھا، جس کے باعث دونوں جانب مال بردار گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی تھیں اور تاجر برادری کو شدید مالی خسارے اور ذہنی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ تاہم وفاقی حکومت کی بروقت حکمت عملی اور اعلیٰ سطح کاوشوں کے نتیجے میں تفتان بارڈر کو تجارتی سرگرمیوں کے لیے باضابطہ طور پر دوبارہ کھول دیا گیا ہے۔ سرحدی گیٹ کھلتے ہی سرحدی تاجروں، کلیئرنگ ایجنٹوں اور ڈرائیورز میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور دوطرفہ تجارت کا عمل شروع ہو گیا ہے۔ تاجر برادری نے تجارتی باب کی فوری بحالی پر حکومت پاکستان، ایف سی ساتھ، ڈپٹی کمشنر چاغی اور تمام متعلقہ سیکیورٹی و انتظامی اداروں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے مقامی روزگار اور سرحد پار تجارت کو درپیش بحران ختم ہو گیا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 20

رجسٹرار محمد حفیظ اللہ خان سے ملاقات کی جس میں انسانی حقوق کے تحفظ، ادارہ جاتی تعاون اور اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران میں سبینہ علیوا نے وفد کو آذربائیجان میں انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات اور اصلاحات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ آذربائیجان بین الاقوامی تنظیموں اور مختلف ممالک کے قومی انسانی حقوق کے اداروں، بالخصوص پاکستان کے وفاقی و صوبائی محتسب کے اداروں کے ساتھ گہرے روابط رکھتا ہے۔ انہوں نے انسانی حقوق کے تحفظ کیلئے آذربائیجان کے محتسب اور آئینی عدالت کے درمیان جاری تعاون پر بھی روشنی ڈالی اور وفد کو بچوں میں موبائل فون کی لت کے موضوع پر ایک دستاویزی فلم دکھائی۔ چیف جسٹس جسٹس امین الدین خان نے انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے محتسب کے ادارے کے کردار کو سراہا جبکہ سبینہ علیوا نے انسانی حقوق کے تناظر میں پاکستان کے مؤقف اور مسئلہ کشمیر کی حمایت کا اظہار کیا۔ ملاقات کے اختتام پر چیف جسٹس جسٹس امین الدین خان کو آذربائیجان کے محتسب کے ادارے کی تیار کردہ رپورٹس اور یادگاری شیلڈ بھی پیش کی گئیں۔ واضح رہے کہ چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت رواں ہفتے آذربائیجان کے سرکاری دورے پر ہیں جہاں ان کے لیے خصوصی عدالتی اور ثقافتی پروگرام ترتیب دیے گئے ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 21

میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ، مستحق اور باصلاحیت طلبہ کیلئے اسکالرشپس کے انتظام، سرکاری جامعات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور تعلیمی اداروں میں ریسرچ، جدت اور جدید مہارتوں کے فروغ کے حوالے سے مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسکے علاوہ بلوچستان کے تاجروں اور کاروباری طبقے کو بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنے، نئی تجارتی راہیں تلاش کرنے اور بیرونی سرمایہ کاری کے امکانات سے استفادہ کرنے کے امور بھی زیر بحث آئے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ تنویر احمد سینکڑوں پاکستانی طلبہ کو ہائیر ایجوکیشن کے حصول میں معاونت فراہم کرنے، دنیا بھر کے سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی جانب راغب کرنے اور بالخصوص سمندر پار پاکستانیوں میں وطن سے محبت اور قومی وابستگی کے جذبات کو تقویت دینے کیلئے قابل قدر کردار ادا کر رہے ہیں۔ گورنر بلوچستان نے اس امید کا اظہار کیا کہ تنویر احمد جیسی ملنسار، فعال اور سماجی خدمت کے جذبے سے سرشار شخصیات بیرون ملک مقیم پاکستانیوں اور وطن عزیز کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے اور عالمی سطح پر پاکستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے میں مؤثر کردار ادا کر سکتی ہیں۔ گورنر بلوچستان نے تنویر احمد کے تعاون سے پاکستان اور بلوچستان کے نوجوانوں کا پیغام اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر نیویارک تک پہنچانے کی کاوش کو بھی سراہا۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ نوجوانوں کی صلاحیتوں، تخلیقی فکر اور امن و ترقی کے پیغام کو عالمی سطح پر متعارف کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس موقع پر امریکہ میں مقیم ممتاز پاکستانی بزنس مین سماجی خدمتگار تنویر احمد نے بلوچستان کی سرکاری یونیورسٹیوں اور مستحق طلبا کے اسکالرشپ کے حوالے سے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دہانی کرائی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 22

چھاپے کے دوران ذاتی استعمال کی 17 اشیا ضبط کیں۔ تلاشی کے بعد پہلی بار ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے الہان عمر نے دعویٰ کیا کہ یہ کارروائی محض دکھاوا تھی، جس کا مقصد خوف زدہ کرنا اور سیاسی طور پر دباؤ میں لانا تھا۔ الہان عمر کے مطابق امریکی محکمہ داخلی سلامتی کے 25 اہلکاروں نے رہائش گاہ پر تقریباً 5 گھنٹے تک تلاشی لی۔ ان کا کہنا تھا کہ اہلکاروں نے موبائل فون، ذاتی نوٹ بکس، ایک قدیم کیمرہ اور صومالی زبان میں بچوں کی ایک کتاب سمیت 17 اشیا ضبط کیں۔ رپورٹس کے مطابق اہلکار صبح 6 بجے رہائش گاہ پہنچے اور سرچ وارنٹ پر عمل درآمد کے لیے مرکزی دروازہ زور زور سے کھٹکھٹایا۔ الہان عمر نے امیگریشن فراڈ کے ان الزامات کو سختی سے مسترد کر دیا جن کی بنیاد پر تحقیقات جاری ہیں، ان کا کہنا ہے کہ یہ الزامات ثابت نہیں ہوئے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ چھاپے کا مقصد سیاسی مخالفین کو خوش کرنا اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو مطمئن کرنا تھا۔ ٹرمپ ماضی میں بھی الہان عمر کے خلاف قانونی کارروائی اور ملک بدری کے مطالبات کرتے رہے ہیں۔ الہان عمر نے کہا کہ مجھے کانگریس میں خدمات انجام دینے کا قانونی حق حاصل ہے اور سیاسی دباؤ نہ تو مجھے عہدہ چھوڑنے پر مجبور کر سکتا ہے اور نہ ہی میری آواز خاموش کرا سکتا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 23

فضائی دفاعی نظام نے حوثی ملیشیا کی جانب سے داغا گیا بیلسٹک میزائل تباہ کیا۔ علاوہ ازیں، سعودی قیادت میں قائم اتحادی افواج نے حوثی ملیشیا کے اس دعوے کو بے بنیاد اور غلط قرار دیا ہے کہ سعودی عرب نے یمن میں قبائلی اجتماعات اور شہریوں کے اجتماع کو نشانہ بنانے کی دھمکی دی ہے۔ اتحادی افواج کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے کہا کہ حوثیوں کے یہ الزامات عوامی رائے کو گمراہ کرنے، اپنی مشکلات سے توجہ ہٹانے اور یمنی قبائل کو اپنے تنازعات میں گھسیٹنے کی کوشش ہیں۔ ترکی المالکی کے مطابق یمنی قبائل یمن کے سماجی اور تاریخی ڈھانچے کا اہم حصہ ہیں اور سعودی و یمنی عوام کے درمیان بھائی چارے اور رابطے کا ذریعہ ہیں۔ انہوں نے یمن کی سلامتی اور استحکام کے لیے سعودی عرب کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ یمنی قبائل کو ایسے تنازعات میں استعمال ہونے سے بچانا ضروری ہے جو یمنی عوام کی امن، ترقی اور سلامتی کی خواہشات سے مطابقت نہیں رکھتے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 24

رکھتے ہوئے ڈیزل کی قیمت میں اضافہ کردیا۔ پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے جاری ہونے والے نوٹیفکیشن کے مطابق ڈیزل کی قیمت میں ایک روپیہ 91 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے، جس کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت 393 روپے 66 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول کی فی لیٹر قیمت 377 روپے 71 پیسے برقرار رکھی گئی ہے۔ ڈیزل اور پیٹرول کی یہ قیمتیں 24 اکتوبر سے 26 اکتوبر تک کے لیے ہوں گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 25

امریکی جیولوجیکل سروے نے بتایا کہ زلزلہ مقامی وقت کے مطابق رات 10:33 پر آیا۔ یو ایس جی ایس نے کہا کہ زلزلے کا مرکز شمالی تبت کے ایک کم آبادی والے، اونچائی والے علاقے میں ناگکو سے 191 کلومیٹر مشرق شمال مشرق میں تھا، اور اس کی گہرائی 18 کلومیٹر تھی۔ ناگکو تبت کے دارالحکومت لہاسا کے شمال میں 300 کلومیٹر سے زیادہ کے فاصلے پر ہے۔ نیشنل سینٹر فار سیسمولوجی (این سی ایس) نے ایکس پر کہا کہ زلزلہ IST 20:03:43 پر 173 کلومیٹر کی گہرائی میں آیا۔ ژنہوا نے اس سے قبل کہا تھا کہ علاقے میں سطح II- کے زلزلے کی تباہی سے نمٹنے کے لیے ہنگامی ردعمل کیا گیا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 26

ہوئے 25 ویں آئینی ترمیم کے بعد سابقہ فاٹا کے کیسز کے دائرہ سماعت پر معاونت طلب کر لی۔ جسٹس ملک شہزاد احمد خان کی سربراہی میں جسٹس عقیل احمد عباسی پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے سماعت کی، عدالت نے اٹارنی جنرل کے علاوہ خیبر پختونخوا کے سٹیٹ کونسل ارشد حسین یوسفزئی اور درخواست گزار کی وکیل مہناز ایڈووکیٹ کو بھی معاونت کی ہدایت کی۔ دوران سماعت جسٹس ملک شہزاد احمد خان نے استفسار کیا کہ کیا کوئی طالبان درخواست گزار کے گھر سے پکڑا گیا؟ جس پر کے پی حکومت کے اسٹیٹ کونسل نے بتایا کہ جے آئی ٹی کی رپورٹ موجود ہے۔ جسٹس ملک شہزاد احمد خان نے ریمارکس دیئے کہ جے آئی ٹی کی رپورٹ سر آنکھوں پر، لیکن اسے ثابت بھی کرنا ہوتا ہے، 14 سال سزا دی گئی، کیا کوئی طالبان اس کے گھر سے گرفتار کیا گیا؟ جو الزام جس پر مرضی لگا دو، الزام ہے کہ طالبان کو کھانا کھلایا۔ جسٹس عقیل احمد عباسی نے استفسار کیا کہ کیا کھانا کھلایا؟ جس پر جسٹس ملک شہزاد احمد خان نے ریمارکس دیئے کہ پتہ نہیں کیا پکا ہوگا جو کھلایا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 27

ناکارہ بنا دیا گیا سیکیورٹی فورسز کا سرچ آپریشن علاقے کو کلیئر کردیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نوتال پولیس تھانے کی حدود میں ریلوے ٹریک کو اڑانے کی دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بنا دیا گیا پولیس سیکیورٹی فورسز اور سی ٹی ڈی نے مشترکہ کارروائی کے دوران ریلوے پٹڑی کے ساتھ نصب آٹھ کلو دھماکہ خیز مواد کو ناکارہ بنا دیا گیا جبکہ سیکیورٹی فورسز نے پورے علاقے کا محاصرہ کر کے سرچ آپریشن کے بعد علاقے کو کلیئر کردیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 28

زخمی ہو گئے۔ فرانسیسی نیوز ایجنسی اے ایف پی کے مطابق سرکاری ٹی وی سے بات کرتے ہوئے سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ یہ حملہ صوبہ کراک میں واقع حمود چرچ میں پیش آیا۔ سرکاری نشریاتی ادارے المملکہ کے مطابق سکیورٹی فورسز نے چرچ کا محاصرہ کرلیا ہے اور حملہ آوروں کی تلاش جاری ہے۔ زخمیوں میں بعض کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے۔ ایک عینی شاہد نے المملکہ کو بتایا کہ مسلح افراد ایک گاڑی میں سوار ہو کر آئے اور تقریباً پانچ منٹ تک مسلسل فائرنگ کرتے رہے جس کے بعد موقع سے فرار ہو گئے۔ عینی شاہد کے مطابق فائرنگ کے وقت چرچ کے اندر اور اطراف میں 150 سے 200 افراد موجود تھے، جبکہ بیشتر متاثرین کی عمریں 50 سے 70 سال کے درمیان تھیں۔ وزیر مملکت برائے حکومتی مواصلات محمد المومنی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز واقعے کی تحقیقات کر رہی ہیں۔ کراک مسلمان اکثریتی اردن میں مسیحی برادری کے ایک اہم مرکز کے طور پر جانا جاتا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 29

وارنٹ گرفتاری منسوخ کر دیے۔ جوڈیشل مجسٹریٹ محمد اظہر ندیم نے وارنٹ گرفتاری منسوخ کیے۔ اسد قیصر اپنی وکیل عائشہ خالد کے ہمراہ پیش ہوئے۔ عدالت نے عدم پیشی پر وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔ جوڈیشل مجسٹریٹ کے پاس پی ٹی آئی احتجاج کیس کا ٹرائل زیر التوا ہے۔ دوسری جانب، انسداد دہشت گردی عدالت نے پی ٹی آئی سنگجانی احتجاج کیس میں اسد قیصر کی 7 نومبر تک عبوری ضمانت منظور کر لی۔ عدالت نے مقدمے میں اسد قیصر کی گرفتاری سے روکتے ہوئے سرکار کو نوٹس جاری کر کے کیس کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے سماعت کی۔ کیس کی مزید سماعت 7 نومبر تک ملتوی کر دی۔ عدالت نے اسد قیصر کی گزشتہ سماعت پر عدم پیشی پر ضمانت منسوخ کر دی تھی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 30

کر لیا گیا۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹس کی ٹیم کی مسلسل محنت سے ای پاسپورٹ کا اجرا ممکن ہوا، جدید سکیورٹی خصوصیات اور بین الاقوامی معیار کے مطابق تیار کیے گئے ای پاسپورٹ کا اجرا پاکستان کی پاسپورٹ سروسز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹس کے مطابق پہلے سے جاری مشین ریڈایبل پاسپورٹس اپنی مقررہ میعاد تک قابل استعمال رہیں گے جبکہ نئے پاسپورٹ کے اجرا کے لیے ای پاسپورٹ جاری کیا جائے گا۔ پاکستان کی پاسپورٹ سروسز کو جدید بنانے کے اس اقدام کو ایک قوم، ایک پاسپورٹ، ایک پہچان کے وژن کے تحت اہم سنگ میل قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 31

رقم دیگر صوبوں سے الگ ہے اور اس مد میں ساڑھے 8 ارب روپے پہلے ہی دیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سابق فاٹا کے آڈٹ کا عمل صوبائی حکومت کی مدد سے مکمل ہو چکا ہے، آڈٹ رپورٹ سے متعلق محکمہ جاتی اکاؤنٹس کمیٹی (ڈی اے سی) کا ایک اجلاس باقی ہے، جس کے بعد رپورٹ سیفران کمیٹی میں پیش کی جائے گی۔ طلال چوہدری نے کہا کہ سیفران کمیٹی نے ہی مزید فنڈز جاری نہ کرنے کی ہدایت کی تھی، تاہم وفاقی حکومت دہشتگردی سے متاثرہ علاقوں کی ضروریات کے لیے مزید رقم دینے کو تیار ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 32

نے میرے ساتھ زیادتی نہیں کی نہ میرا موبائل فون لیا۔ غیر ملکی خاتون ڈیانا کا مزید کہنا ہے کہ میں نے پہلا بیان کسی دباؤ میں آکر دیا تھا۔ ڈیانا نے ایمبیسی دستاویزات کے ذریعے بھی ملزم احمد تنویر کو بیقصور قرار دے دیا۔ خاتون نے دیگر دو ملزمان محسن اور عزیر کو بھی معاف کرنے کا اعلان کیا اور کہا کہ وہ معاملہ مزید آگے نہیں بڑھانا چاہتی۔ دوسری طرف مبینہ زیادتی کے مقدمے میں نامزد ملزم تنویر کی عبوری ضمانت میں 27 اکتوبر تک توسیع کر دی گئی۔ احاطہ عدالت میں پولیس اور ملزم کے ساتھیوں میں تلخ کلامی اور دھکم پیل ہوئی، پولیس نے ملزم اور اس کے ساتھیوں کو تھانے منتقل کر دیا۔ وکیل کا کہنا ہے کہ ضمانت کے باوجود ملزم کو حراست میں لیا گیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 33

نوعیت ظاہر نہیں کی۔ نیوزی لینڈ ڈیفنس فورس نے ایک بیان میں کہا کہ ٹونی ڈیوس نے وزیر دفاع پال گولڈ اسمتھ کو اپنے استعفٰی سے آگاہ کردیا ہے

بقیہ بلوچستان نیوز 34

سربراہی میں دو رکنی بینچ 29 اکتوبر کو سماعت کرے گا، جسٹس علی باقر نجفی دو رکنی بینچ کا حصہ ہونگے۔ وفاقی آئینی عدالت نے مقدمے کے فریقین کو نوٹس جاری کر دیا، جمعیت علما اسلام نے صدف یاسمین کو مخصوص نشست کیلئے نامزد کیا تھا۔ صدف یاسمین کے کاغذات نامزدگی جمع نہ کرانے پر حنا بی بی نے رکن منتخب ہونا تھا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 35

آپریشن کا جائزہ لیا ہے۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق نیتن یاہو نے کہا کہ انہوں نے ایک ایسے فوجی آپریشن کے منصوبوں کا جائزہ لیا ہے جو 1967 کے بعد سے اپنی نوعیت کا پہلا (بے مثال) آپریشن ہوگا۔ نیتن یاہو نے یہ منصوبہ الخلیل (ہیبرون) میں ہونے والے اس مسلح حملے کے فوراً بعد پیش کیا جس میں دو اسرائیلی فوجی ہلاک اور تین دیگر زخمی ہو گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس منصوبے کے نفاذ کے لیے وقت کا تعین کریں گے۔

پولیو کیخلاف جدوجہد پوری قوم کی ذمہ داری ہے

بخت محمد کاکڑ

بلوچستان میں گزشتہ دو سال کے دوران پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہ ہونا اور ماحولیاتی نمونوں میں وائرس کی عدم موجودگی اہم پیش رفت ہے، کامیابی کو برقرار رکھنے کے لیے نگرانی، مؤثر حفاظتی اقدامات اور عوامی تعاون ناگزیر ہے، وزیر صحت

بچوں کو قطرے پلانے والے کارکنوں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک ہے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، بچوں میں غذائی قلت کے مسئلے سے نمٹنے اور حفاظتی ٹیکہ جات کے نظام کو مزید مؤثر بنانے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، مجیب الرحمٰن پانیزئی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی سربراہی میں محکمہ صحت بلوچستان میں اصلاحات، حفاظتی ٹیکہ جات کے نظام میں بہتری اور پولیو کے خاتمے کے لیے جاری اقدامات میں ہونے والی پیش رفت کو اہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ صحت عامہ کی بہتری، بیماریوں سے بچاؤ اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں گزشتہ دو سال کے دوران پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہ ہونا اور ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی عدم موجودگی ایک اہم پیش رفت ہے، تاہم اس کامیابی کو برقرار رکھنے کے لیے مسلسل نگرانی، مؤثر حفاظتی اقدامات اور عوامی تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے پولیو کے خاتمے کے لیے پولیو ورکرز، سیکیورٹی فورسز، علمائے کرام اور صحافیوں کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ نامساعد حالات کے باوجود پولیو کے خلاف جاری جدوجہد پوری قوم کی اجتماعی ذمہ داری ہے جبکہ ایمرجنسی آپریشن سینٹر کی ٹیم اور اسٹیک ہولڈرز کی کارکردگی کی تعریف کی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم انسداد پولیو کے موقع پر کوئٹہ کے ایک نجی ہوٹل میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، جس میں شہید پولیو ورکرز اور سیکیورٹی اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ تقریب میں صوبائی اسمبلی کے رکن و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، صوبائی سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن پانیزئی، ڈائریکٹر جنرل صحت ڈاکٹر امین اللہ مندوخیل، ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق، ای پی آئی کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر آفتاب کاکڑ، یونیسف، عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او)، گیٹس فاؤنڈیشن اور روٹری انٹرنیشنل کے نمائندوں سمیت مختلف اسٹیک ہولڈرز، سیاسی و مذہبی رہنماؤں، صحافیوں اور پولیو ورکرز و دیگر مکتبہ فکر کے لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ مالی مشکلات کے باوجود حکومت کی توجہ بیماریوں سے بچاؤ، دستیاب انسانی وسائل کے مؤثر استعمال اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی پر مرکوز ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کوئٹہ کے ٹراما سینٹر کی بہتری اور صوبے کے تمام اضلاع میں طبی مراکز کو ڈیجیٹل نظام سے منسلک کرنے کے اقدامات جاری ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صحت کے شعبے میں اصلاحات کے ذریعے طبی سہولیات کو بہتر بنایا جا رہا ہے تاکہ عوام کو علاج کے لیے دوسرے صوبوں کا رخ نہ کرنا پڑے۔ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے صوبے میں پولیو کے خلاف حاصل ہونے والی پیش رفت پر محکمہ صحت اور متعلقہ ٹیموں کو مبارکباد دی اور اسے بلوچستان کے لیے خوش آئند قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس کامیابی کو مستقل برقرار رکھنے کے لیے مسلسل پولیو مہمات، مؤثر نگرانی اور عوامی تعاون ضروری ہے۔

گورنر جعفر خان مندوخیل، میر عاصم کرد گیلو اور سردار عبدالرحمٰن کھیتران سردار نثار علی ہزارہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان
Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جعفرآباد، اسسٹنٹ کمشنر کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کا دورہ

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر دھیرج کالرہ کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر دھیرج کالرہ نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، علاج معالجے کے انتظامات اور دیگر امور کے حوالے سے آگاہی حاصل کی۔

قلعہ عبداللہ بھنگ کی کاشت کے خاتمے کیلئے مشترکہ کارروائیاں جاری

کارروائی میں اے این ایف کے 16، ایکسائز فورس کے 6، پولیس کے 8 اور ضلعی انتظامیہ کے 8 اہلکاروں نے حصہ لیا

1661 ایکڑ اراضی سے بھنگ کی کاشت کا خاتمہ کیا جا چکا ہے، مشترکہ کارروائیاں جاری رہیں گی

کوئٹہ (خ ن) ضلع قلعہ عبداللہ میں انسداد منشیات مہم 2026 کے تحت بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے مشترکہ کارروائیاں جاری ہیں۔ 22 اکتوبر کو تحصیل گلستان اور دوبندی کے مختلف علاقوں میں ضلعی انتظامیہ، اینٹی نارکوٹکس فورس (ANF)، ایکسائز فورس، فرنٹیئر کور (FC)، پولیس اور انٹیلی جنس بیورو (IB) کی مشترکہ ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے مزید 241 ایکڑ اراضی سے بھنگ کی کاشت کا خاتمہ کر دیا۔ کارروائی ضلعی انتظامیہ قلعہ عبداللہ کی قیادت میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر اے این ایف، کیپٹن شاویز (77 ونگ ایف سی)، ڈی ایس پی گلستان اور انٹیلی جنس بیورو کے نمائندے کی نگرانی میں انجام دی گئی۔ مشترکہ ٹیموں نے تحصیل دوبندی کے علاقے ششکہ اور کدنی نالہ، جبکہ تحصیل گلستان کے عبدالرزاق زئی اور قندیل سکیٹی کے علاقوں میں انسداد بھنگ کارروائیاں کیں۔ حکام کے مطابق گلستان کے علاقے قندیل سکیٹی میں 241 ایکڑ اراضی سے بھنگ کی کاشت ختم کی گئی۔ اس کارروائی کے دوران 184 ایکڑ پر ڈرون ٹیکنالوجی، 22 ایکڑ پر پانی کی عدم دستیابی، 69 ایکڑ پر وہیل بیرو، 47 ایکڑ پر ٹریکٹر اور 19 ایکڑ پر ویڈ کٹرز کے ذریعے بھنگ کی کاشت کا خاتمہ کیا گیا۔ کارروائی میں اے این ایف کے 16، ایکسائز فورس کے 6، پولیس کے 8 اور ضلعی انتظامیہ کے 8 اہلکاروں نے حصہ لیا، جبکہ ایف سی اور دیگر معاون اداروں کے اہلکاروں نے بھی کارروائی میں تعاون کیا۔ حکام کے مطابق انسداد بھنگ مہم کے تحت اب تک ضلع قلعہ عبداللہ میں مجموعی طور پر 1661 ایکڑ اراضی سے بھنگ کی کاشت کا خاتمہ کیا جا چکا ہے۔ مہم کا مقصد منشیات کی غیر قانونی کاشت کا مکمل خاتمہ اور علاقے کو منشیات سے پاک بنانا ہے۔

صوبائی وزیر سردار کوہیار ڈومکی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس سیوی کی نئی عمارت کا افتتاح کر رہے ہیں

کوئٹہ آٹا مہنگا فروخت کرنے پر 8 ہول سیل ڈیلرز گرفتار

اسسٹنٹ کمشنر سٹی نے سب ڈویژن سٹی کے مختلف علاقوں میں آٹے کی قیمتوں کا جائزہ لینے کے لیے دکانوں کا دورہ کیا، آٹے کی فروخت سرکاری نرخنامے کے مطابق یقینی بنانے کی ہدایت، اے سی سریاب کی بھی کارروائی

کارروائی کا مقصد سرکاری نرخنامے پر عمل درآمد یقینی بنانا، عوام کو مہنگے داموں آٹے کی فروخت سے بچانا اور مقررہ قیمتوں پر آٹے کی دستیابی یقینی بنانا ہے، خلاف ورزی پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ضلعی انتظامیہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایت پر شہر کے مختلف علاقوں میں آٹے کی قیمتوں کا جائزہ لینے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں جاری ہیں اس سلسلے میں گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں 8 ہول سیل ڈیلرز گرفتار اور جیل منتقل کردیا گیا تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) محمد امیر حمزہ نے سب ڈویژن سٹی کے مختلف علاقوں میں آٹے کی قیمتوں کا جائزہ لینے کے لیے دکانوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے دکانداروں کو آٹے کی فروخت سرکاری نرخنامے کے مطابق یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے خلاف ورزی کرنے والوں کو سخت وارننگ جاری کی۔ اس کے علاوہ اسسٹنٹ کمشنر سریاب کی ٹیم نے ایسٹرن بائی پاس، بجنگ اسٹاپ اور گیلانی روڈ سریاب پر آٹے کی قیمتوں کے حوالے سے کارروائیاں کیں۔ کارروائی کے دوران سرکاری نرخنامے سے زائد قیمت پر آٹا فروخت کرنے والے 8 ہول سیل ڈیلرز کو گرفتار کر لیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق کارروائی کا مقصد سرکاری نرخنامے پر عمل درآمد یقینی بنانا، عوام کو مہنگے داموں آٹے کی فروخت سے بچانا اور مقررہ قیمتوں پر آٹے کی دستیابی یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے، بصورت دیگر خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے تحریک استحقاق پیش کر دی

اے ایس ایف اہلکاروں کا نامناسب رویہ

سرکاری فرائض کی انجام دہی کے دوران ذمہ دارانہ رویہ، شائستگی اور قانون کی پاسداری ہر اہلکار کی بنیادی ذمہ داری ہے

سرکاری اداروں پر عوام کا اعتماد قانون کی یکساں عمل داری اور اہلکاروں کے ذمہ دارانہ طرز عمل سے وابستہ ہے، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی

اسلام آباد / کوئٹہ (پ ر) چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ای کے 601 (601-EK) کی چیک ان کارروائی کے دوران ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس (اے ایس ایف) کے اہلکاروں کے مبینہ نامناسب رویے کے خلاف سینیٹ کی کمیٹی برائے قواعد و ضوابط و استحقاقات کے سامنے تحریک استحقاق پیش کر دی۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اس معاملے کو اٹھاتے ہوئے واضح کیا کہ کوئی بھی سرکاری عہدیدار قانون، احتساب اور پارلیمان و اس کے اراکین کے احترام سے بالاتر نہیں ہے۔ سرکاری فرائض کی انجام دہی کے دوران ذمہ دارانہ رویہ، شائستگی اور قانون کی پاسداری ہر اہلکار کی بنیادی ذمہ داری ہے، جسے کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ای کے 601 کی چیک ان کارروائی کے دوران اے ایس ایف اہلکاروں کے مبینہ طرز عمل سے متعلق معاملے کی سنجیدگی سے جانچ پڑتال ہونی چاہیے تاکہ حقائق سامنے آ سکیں اور ذمہ داری کا تعین کیا جا سکے۔ ایسے واقعات کو معمولی سمجھ کر نظر انداز کرنا مناسب نہیں، کیونکہ سرکاری اداروں پر عوام کا اعتماد قانون کی یکساں عمل داری اور اہلکاروں کے ذمہ دارانہ طرز عمل سے وابستہ ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اس معاملے کی پیروی جاری رکھیں گی تاکہ جواب دہی کو یقینی بنایا جا سکے اور ہر شہری کی عزت و وقار کا تحفظ ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی سرکاری عہدے یا منصب کو قانون سے استثنیٰ حاصل نہیں اور تمام متعلقہ افراد کو اپنے طرز عمل کے حوالے سے جواب دہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پارلیمان اور اس کے اراکین کے استحقاقات کا احترام جمہوری اداروں کے وقار اور مؤثر نظام حکمرانی کے لیے ضروری ہے۔ قانون کی بالادستی ادارہ جاتی ذمہ داری اور شہریوں کے ساتھ باعزت سلوک کو یقینی بنانا تمام سرکاری اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ اس معاملے کو متعلقہ فورم پر اٹھاتی رہیں گی یہاں تک کہ جواب دہی اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق ضروری اقدامات کیے جائیں۔

سینیٹر بلال مندوخیل سے ملک عیسیٰ خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کیچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ضلع کیچ کے تعلیمی اداروں کی مجموعی کارکردگی، اساتذہ اور دیگر ملازمین کی حاضری، تعلیمی نظم و ضبط، اسکولوں کی مانیٹرنگ اور محکمہ تعلیم کی جانب سے انتظامی بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ امجد شہزاد، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن کیچ اصغر علی، آر ٹی ایس ایم کے عبدالحلیم بلوچ، تمام تحصیلوں کے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز (ڈی ڈی اوز) سمیت محکمہ تعلیم کے دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

ایس این آئی ڈی پولیو مہم کے سلسلے میں لیڈی ہیلتھ ورکرز کی تربیتی نشست

آئندہ پولیو مہم کے دوران اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کریں، ڈاکٹر ایاز جمالی

نصیرآباد (نامہ نگار) نصیرآباد میں دو نومبر کو شروع ہونے والی ایس این آئی ڈی پولیو مہم 2026 کے سلسلے میں لیڈی ہیلتھ ورکرز کی تربیتی و آگاہی نشست منعقد ہوئی جس کی صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیرآباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی نے کی جس میں ڈسٹرکٹ آفیسر ای پی آئی ڈاکٹر رومان الحق ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈاکٹر ممتاز حسین، ڈبلیو ایچ او کے نمائندے صدام حسین کمیونٹی کمیونیکیشن آفیسر سی او (مبارک علی شاہ ٹی ایس اے اور تمام لیڈی ہیلتھ ورکرز نے شرکت کی اس موقع پر صدام حسین نے استقبالیہ خطاب کرتے ہوئے شرکا کو خوش آمدید کہا اور آئندہ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے لیڈی ہیلتھ ورکرز کی بھرپور شرکت اور فعال کردار کی اہمیت پر زور دیا تربیتی نشست کے دوران کمیونٹی کو متحرک کرنے والدین اور سرپرستوں کے ساتھ مؤثر رابطے، پولیو ویکسین سے متعلق غلط فہمیوں کے ازالے، اعتماد سازی اور ویکسین سے انکار کرنے والے والدین کو بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے پر آمادہ کرنے کے طریقوں سے آگاہ کیا گیا ڈسٹرکٹ آفیسر ای پی آئی ڈاکٹر رومان الحق نے معمول کی حفاظتی ویکسینیشن کے حوالے سے شرکا کو آگاہی فراہم کرتے ہوئے بچوں کو بروقت حفاظتی ٹیکے لگوانے اور ویکسین سے بچاؤ کے قابل امراض کے خلاف عوامی شعور اجاگر کرنے کی ضرورت پر زور دیا

کوئٹہ، جناح روڈ پر سیوریج کا پانی بہنے سے عوام کو مشکلات کا سامنا

ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کا نجی تعلیمی ادارے کا دورہ

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے نجی تعلیمی ادارے میرٹن زون گرامر فاؤنڈیشن سپورٹڈ سکول کوہنگ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد نورزئی بھی موجود تھے۔ دورے کا مقصد علاقے میں تعلیمی معیار کا جائزہ لینا اور نجی و فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام چلنے والے تعلیمی اداروں کی حوصلہ افزائی کرنا تھا۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے سکول کے مختلف کلاس رومز کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے کلاسوں میں جا کر طلبہ سے تعلیمی و نصابی سوالات پوچھے، جن کے بچوں نے پراعتماد انداز میں جوابات دیے۔

ریونیو مقدمات میں میرٹ شفافیت کو مقدم رکھا جائے، ڈی سی لورالائی

ریونیو ریکارڈ کی درستگی، بروقت فراہمی عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے انتہائی اہم ہے

لورالائی (عمرزئی ناصر) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی زیر صدارت عوام کو ریونیو سے متعلق مسائل کے فوری، شفاف اور مؤثر حل کی فراہمی کے لیے ہفتہ وار ریونیو کورٹ ڈے کا انعقاد کیا گیا، جس کے دوران مختلف نوعیت کے زیر التوا ریونیو مقدمات کی سماعت کی گئی اور متعدد دیرینہ معاملات کو قانونی تقاضوں کے مطابق نمٹایا گیا ریونیو کورٹ ڈے کے موقع پر اراضی کے ریکارڈ، انتقالات، فردات، حد بندی، تقسیم اراضی، ملکیتی تنازعات، وراثتی معاملات، ریونیو ریکارڈ کی درستگی اور دیگر متعلقہ امور سے متعلق مقدمات اور درخواستوں کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ ریونیو افسران اور اہلکاروں کو ہدایت کی کہ عوامی نوعیت کے معاملات کو قانون اور میرٹ کے مطابق ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے اور زیر التوا کیسز میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے کہا کہ ریونیو ریکارڈ کی درستگی، شفافیت اور بروقت فراہمی عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے انتہائی اہم ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی کوشش ہے کہ شہریوں کو اپنے جائز ریونیو معاملات کے حل کے لیے غیر ضروری دفتری مراحل اور بار بار دفاتر کے چکر نہ لگانے پڑیں، بلکہ انہیں ایک مؤثر اور قابل رسائی فورم پر فوری ریلیف فراہم کیا جائے انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ریونیو مقدمات میں میرٹ، قانون اور شفافیت کو ہر صورت مقدم رکھا جائے اور عوام کی جانب سے پیش کیے جانے والے مسائل پر فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اراضی ریکارڈ کی بروقت تکمیل، ریکارڈ کی حفاظت اور عوام کو درست معلومات کی فراہمی ریونیو انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے واضح رہے کہ ریونیو کورٹ ڈے ہر جمعرات باقاعدگی سے منعقد کیا جاتا ہے، جس کا مقصد زیر التوا ریونیو مقدمات کو تیزی سے نمٹانا، عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے عمل کو مؤثر بنانا اور ریونیو سے متعلق شکایات کے ازالے کے لیے شفاف نظام کو فروغ دینا ہے

ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ اپنے فنڈز سے مستحقین میں سولر پینل تقسیم کر رہی ہیں

میر علی حسن زہری کی کاوشوں سے حب میں ترقی و خوشحالی کا نیا دور شروع

گزشتہ 40 سال کے محرومیوں اور پسماندگی کے دور کے بعد حب میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے عوام کو ریلیف ملا ہے

نام نہاد نمائندوں کی جانب سے حب کو نظرانداز کیے جانے اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث یہ علاقہ محرومیوں کا شکار رہا

حب (پ ر) ضلع حب کے مختلف عوامی حلقوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و سینئر صوبائی نائب صدر میر علی حسن زہری کی شبانہ روز محنت، لگن اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے جاری کوششوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی مسلسل جدوجہد اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے حب میں ترقی و خوشحالی کی نئی راہیں کھل رہی ہیں۔ عوامی حلقوں کے مطابق حب میں سینکڑوں عوامی فلاحی منصوبوں کی تکمیل اور متعدد جاری منصوبوں پر پیش رفت سے شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں بہتری آ رہی ہے، جبکہ مختلف علاقوں میں ترقیاتی سرگرمیوں نے عوام میں امید کی نئی کرن پیدا کی ہے۔ عوامی حلقوں نے کہا کہ گزشتہ چار دہائیوں کے دوران حب کو نظرانداز کیے جانے اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث یہ علاقہ پسماندگی اور محرومیوں کا شکار رہا۔ نام نہاد عوامی نمائندوں کے دور میں حب کے متعدد علاقوں میں ترقیاتی کاموں کی کمی اور شہری سہولیات کے فقدان نے عوامی زندگی کو مشکلات سے دوچار رکھا، تاہم میر علی حسن زہری کی جانب سے مختلف علاقوں میں ترقیاتی اور عوامی فلاحی منصوبوں پر توجہ دینے سے شہریوں کو ریلیف مل رہا ہے اور حب کو ایک ترقی یافتہ، روشن اور خوشحال ضلع بنانے کی کوششیں آگے بڑھ رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میر علی حسن زہری کی جانب سے عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے کی جانے والی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ سڑکوں کی تعمیر و بہتری، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، سیوریج کے نظام کی بہتری، صحت کی سہولیات، تعلیمی اداروں کی ترقی اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے جیسے اقدامات عوامی ضروریات سے براہ راست تعلق رکھتے ہیں۔ ان منصوبوں کی تکمیل اور جاری منصوبوں پر کام سے شہریوں کو درپیش مسائل میں کمی اور علاقے کی مجموعی ترقی کی توقعات مزید مضبوط ہوئی ہیں۔ عوامی حلقوں نے مزید کہا کہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا، خواتین کو تعلیم اور صحت کی سہولیات تک بہتر رسائی فراہم کرنا اور مستحق خاندانوں کو سماجی تحفظ کے نظام سے منسلک کرنا معاشرتی ترقی کے اہم تقاضے ہیں۔

کوئٹہ، ڈاکٹر قاسم بلوچ محمد جاوید کی والدہ کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

امن، ترقی اور سرمایہ کاری کے خلاف سازشیں کامیاب نہیں ہوں گی

بابر یوسفزئی

بلوچستان کے عوام امن، ترقی اور خوشحالی چاہتے ہیں اور دہشت گرد عناصر عوام کی خواہشات کو یرغمال نہیں بنا سکتے

دہشت گردی کے خاتمے اور امن دشمن عناصر کے خلاف قانون کے مطابق مؤثر کارروائیاں جاری رہیں گی

کوئٹہ (آئی این پی) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے گوادر میں دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے اور سات دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائی سیکیورٹی اداروں کی بہادری، مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے۔ بلوچستان کے امن کو تباہ کرنے اور ترقی کا راستہ روکنے کی کوشش کرنے والے عناصر کو ہر محاذ پر ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اپنے بیان میں بابر یوسفزئی نے کہا کہ گوادر میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز خراج تحسین کی مستحق ہیں۔ بروقت اور مؤثر حکمت عملی کے ذریعے ایک بڑے خطرے کا سدباب کیا گیا، جو قومی سلامتی کے تحفظ اور دہشت گردی کے خلاف غیر متزلزل عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کے لیے سیکیورٹی اداروں کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں۔ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے عوام کے عزم اور ریاستی اداروں کی مضبوطی کو کمزور نہیں کر سکتے۔ فتنۃ الہندوستان سے وابستہ عناصر بھی صوبے کے امن اور ترقی کے سفر میں رکاوٹ نہیں بن سکتے۔ معاون برائے داخلہ نے کہا کہ دہشت گردی اور تخریب کاری کے ذریعے عوام میں خوف و ہراس پھیلانے کی کوششیں ناکام بنائی جاتی رہیں گی۔ گوادر میں کامیاب کارروائی کے ذریعے امن دشمن عناصر کو واضح پیغام دیا گیا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ بابر یوسفزئی نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام امن، ترقی اور خوشحالی چاہتے ہیں اور دہشت گرد عناصر عوام کی خواہشات کو یرغمال نہیں بنا سکتے۔

سیبی این 65 شاہراہ پر پولیس متحرک ڈاکوؤں کیخلاف کریک ڈاؤن

دو ہفتوں کے دوران 22 ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد کرلیا گیا، سیبی سے ڈھاڈر اور بختیارآباد سے نوتال تک شاہراہ پر سیکیورٹی مزید سخت کردی گئی

غیرقانونی لائٹس استعمال کرنے والوں کے خلاف کارروائی، خلاف ضابطہ لائٹس اتار کر ضبط کی جائیں، ڈی آئی جی پرویز عمرانی

سیبی (سلیم گشکوری) این 65 شاہراہ پر مسافروں کی حفاظت کے لیے پولیس متحرک، ڈاکوؤں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز، دو ہفتوں کے دوران 22 ملزمان گرفتار، چھ مبینہ ڈاکوؤں سے اسلحہ برآمد کرلیا گیا۔ سیبی سے ڈھاڈر اور بختیارآباد سے نوتال تک شاہراہ پر سیکیورٹی مزید سخت کردی گئی ہے، جبکہ غیرقانونی تیز سرچ لائٹس اور ایل ای ڈی ہیڈ لائٹس کے خلاف بھی کارروائی کے احکامات جاری کردیے گئے ہیں، مسافروں کے تحفظ اور شاہراہ کو جرائم پیشہ عناصر سے پاک کرنے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی ان خیالات کا اظہار ڈی آئی جی پولیس سیبی رینج و ڈی آئی جی ہائی وے پولیس میر پرویز احمد عمرانی نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا میڈیا۔ انہوں نے کہا کہ این 65 شاہراہ پر مسافروں اور پبلک ٹرانسپورٹ کو محفوظ سفر کی فراہمی کے لیے پولیس نے سیکیورٹی اقدامات مزید سخت کردیے ہیں۔ ڈھاڈر سے سیبی اور سیبی سے بختیارآباد، نوتال تک مختلف مقامات پر پولیس کی اضافی نفری تعینات کرنے کے ساتھ حساس مقامات کی نشاندہی کرکے خصوصی حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ شاہراہ پر گزشتہ کئی برسوں سے چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں مسافروں، بالخصوص پبلک ٹرانسپورٹ کے لیے مشکلات کا باعث رہی ہیں۔ ان مسائل پر قابو پانے کے لیے شاہراہ کو مختلف بیٹس میں تقسیم کرکے افسران اور ان کی ٹیموں کو چوبیس گھنٹے ڈیوٹی پر تعینات کیا گیا ہے۔ ڈی آئی جی کے مطابق زیادہ وارداتوں والے مقامات کو ہاٹ اسپاٹس قرار دے کر وہاں اے پی سیز اور اے ٹی ایف کے جوان بھی تعینات کیے گئے ہیں، جبکہ ہائی وے پولیس کو اپنے اپنے علاقوں میں الرٹ رہنے اور عوام کی سہولت کے لیے شاہراہ پر موجودگی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔

سیبی، ڈی آئی جی پرویز عمرانی میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

ژوب، ڈویژنل ڈائریکٹوریٹ کے زیر اہتمام کھلی کچہری کا انعقاد

ژوب (خ ن) صوبائی محتسب کی ہدایت پر ڈویژنل ڈائریکٹوریٹ کے زیر اہتمام کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں صوبائی محتسب کے ڈویژنل ڈائریکٹر شیخ عصمت اللہ مندوخیل مختلف محکموں کے افسران ڈی ای او شیخ موسیٰ خان مندوخیل، ایف سی کے میجر محمد ہاشم سپرنٹنڈنٹ جیل عبدالستار مندوخیل محکمہ جنگلات کے افسر سلطان محمود لعون اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی کھلی کچہری میں شہریوں نے مختلف محکموں کے خلاف شکایات کے انبار لگا دیے شہریوں نے ضلع کونسل میں مبینہ کرپشن اور کمیشن ڈی ایچ کیو ہسپتال میں صحت کی سہولتوں اور ادویات کی عدم دستیابی شہر میں پانی کی قلت محکمہ پی ایچ سی کے منصوبوں محکمہ خزانہ میں بھرتیوں وانا، سمبازہ اور قمرالدین کاریز شاہراہ کی عدم تعمیر جبکہ بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف شکایات کرتے ہوئے ڈویژنل ڈائریکٹر کو تحریری درخواستیں پیش کیں اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر شیخ عصمت اللہ مندوخیل نے شہریوں کی شکایات غور سے سنیں اور یقین دہانی کرائی کہ موصول ہونے والی درخواستوں پر قانون اور متعلقہ قواعد کے مطابق کارروائی اور ان کے ازالے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ صوبائی محتسب کا ادارہ عوام کو سرکاری محکموں کی بدانتظامی، اختیارات کے ناجائز استعمال، غیر ضروری تاخیر اور دیگر انتظامی بے ضابطگیوں کے خلاف شکایات کے ازالے کا مؤثر فورم فراہم کرتا ہے۔

تربت، گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کی طالبات کا ریڈیو پاکستان کے مطالعاتی دورے کے موقع پر گروپ فوٹو

کوئٹہ، جی ٹی اے بلوچستان مصالحتی کمیٹی کے سربراہ محمد خان نوشیروانی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

رحمت اللہ لائن مین کی شہادت افسوسناک ہے، کیسکو لیبر یونین

سیفٹی پالیسی پر مکمل عملدرآمد، فیلڈ اسٹاف کو حفاظتی آلات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

کوئٹہ (یو این اے) کیسکو لیبر یونین کے ترجمان نے قلات میں دوران ڈیوٹی فیٹل ایکسیڈنٹ میں لائن مین رحمت اللہ کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ رحمت اللہ کی شہادت نہ صرف ان کے خاندان بلکہ کیسکو کمپنی اور محنت کش طبقے کے لیے بھی ناقابل تلافی نقصان ہے۔ کیسکو لیبر یونین شہید کے لواحقین کے غم میں برابر کی شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کی ہمت اور صبر عطا کرے۔ ترجمان نے کہا کہ کیسکو کے شہداء کے المناک واقعات کو ذاتی، گروہی اور ناجائز مفادات کے حصول کے لیے استعمال کرنا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ علاقے کی مخدوش امن و امان کی صورتحال، فیلڈ میں کام کرنے والے محنت کشوں کو درپیش حقیقی خطرات اور زمینی حقائق کو نظر انداز کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور آپریشنل ڈائریکٹر کو تعصبی تنقید کا نشانہ بنانا ایک غیر ذمہ دارانہ طرز عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین کے خلاف ماضی میں جاری کیے گئے متعصبانہ اور نسل پرستانہ بیانات اور مبینہ طور پر نسلی بنیادوں پر یونین عہدوں کی تقسیم نے بھی مخصوص طرز سیاست کو بے نقاب کیا ہے۔

بولان قومی شاہراہ پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر کارروائیاں

مسافروں کی جانوں سے کھیلنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، نیاز احمد

بولان (نامہ نگار) این 65 بولان قومی شاہراہ پر وہیکل آرڈیننس کی خلاف ورزی کرنے والی ٹرانسپورٹ کے خلاف سخت قانونی کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے ٹریفک سارجنٹ کچھی نیاز احمد بزدار نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کچھی اور ایس ایس پی کچھی کے سخت احکامات پر من و عن عملدرآمد کیا جا رہا ہے اس مہم کے دوران اوور لوڈنگ اور اوور اسپیڈنگ کرنے والے وین مالکان اور کوچز ٹرانسپورٹرز کو بھاری جرمانے عائد کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی گاڑیاں بھی تھانے میں ضبط کی جا رہی ہیں انہوں نے مزید کہا کہ ٹرانسپورٹرز کی لاپرواہی اور قانون شکنی کی وجہ سے ماضی میں کئی بڑے حادثات رونما ہو چکے ہیں جن کی وجہ سے سینکڑوں خاندان اجڑ گئے انہوں نے عام مسافروں سے پرزور اپیل کی کہ وہ گاڑیوں کی چھتوں پر سفر کرنے سے گریز کریں کیونکہ آپ کی زندگی صرف آپ کی نہیں بلکہ پورے خاندان کی زندگی سے وابستہ ہے ٹریفک سارجنٹ نیاز احمد بزدار نے تنبیہ کی کہ ٹرانسپورٹرز کو چند روپے کے اضافی منافع کی خاطر مسافروں کی جانوں سے کھیلنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی

اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری قابل مذمت ہے، منظور احمد کاکڑ

نیشنل عوامی پارٹی آئین اور قانون کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے

کوئٹہ (پ ر) سردار منظور احمد خان کاکڑ صدر ال کاکڑ قبائل فیڈریشن سیکرٹری جنرل بلوچستان یوتھ فرنٹ ممتاز قبائلی سیاسی و سماجی رہنما سندھ بلوچستان نے عوامی نیشنل پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری پر شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا حکومت بلا جواز پشتون سیاسی رہنماں کے ساتھ ناروا سلوک کر رہی ہے۔ جس مقدمے میں اصغر اچکزئی کو گرفتار کیا گیا ہے اس میں مدعی نے اسٹام پیپر پر اپنا تحریری بیان عدالت میں جمع کروایا ہے کہ اس کے بیٹے کے قتل میں اصغر اچکزئی ملوث نہیں ہیں تو پھر انہیں کس قانونی بنیاد پر گرفتار کیا گیا ہے سردار منظور احمد خان کاکڑ نے مطالبہ کیا اصغر اچکزئی کی گرفتاری کے قانونی جواز اور حقائق کو واضح کیا جائے تاکہ اس معاملے میں پائے جانے والے تحفظات دور ہو سکیں انہوں نے کہا نیشنل عوامی پارٹی آئین اور قانون کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے اور ہمیشہ قانونی و جمہوری راستے کو اختیار کرنے کی حامی رہی ہے پارٹی عدلیہ اور عدالتوں کا احترام کرتی ہے

اسلام آباد، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری سینیٹ کی کمیٹی برائے قواعد و ضوابط و استحقاقات میں اظہار خیال کر رہی ہیں

حب، شہری میر علی حسن زہری کو خراج تحسین پیش کر رہے ہیں دوسری جانب ترقیاتی منصوبے تیزی سے جاری ہیں

EDITORIAL PAGE 4 ادارتی صفحہ

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA بلوچستان

ایڈیٹر و پبلشر محمد انور ناصر نے روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر فلیٹ نمبر 5 سینٹر پلازہ اینگل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

کاروباری طبقے کی آسانی، سپر ٹیکس میں نمایاں کمی و دیگر اقدامات!!

ملکی معیشت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرنے، کاروباری سرگرمیوں میں نئی روح پھونکنے، سرمایہ کاری کی راہ ہموار کرنے اور عوام کے لئے روزگار کے وسیع مواقع پیدا کرنے کے لئے وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت نے غیر معمولی اقدامات، کوششوں اور کاوشوں کا سلسلہ جاری رکھا ہے گزشتہ روز سینیٹ اجلاس کے موقع پر وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے تعمیراتی شعبے سے متعلق اور کاروباری طبقے کی ریلیف و آسانی کے حوالے سے جاری اقدامات کا ذکر کیا ہے ان کا کہنا تھا کہ حکومت نے کاروباری طبقے پر ٹیکسوں کا بوجھ کم کرنے کے لئے سپر ٹیکس میں نمایاں کمی کی ہے، 50 کروڑ روپے تک سالانہ آمدن والے کاروباروں پر سپر ٹیکس ختم کردیا گیا ہے جبکہ 50 کروڑ روپے یا اس سے زیادہ سالانہ آمدن والے کاروباروں کے لئے اس کی شرح 10 فیصد سے کم کرکے 8 فیصد کردی گئی ہے۔ دوسری جانب حکومت وزیراعظم کی ہدایت پر تعمیراتی شعبے کے لئے بھی ایک جامع پیکج بھی تیار کررہی ہے، جس میں سرمایہ کاری کے فروغ، مالیاتی سہولتوں کی بہتری، کاروباری ضوابط کو آسان بنانے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے پر توجہ دی جارہی ہے۔ یہ دونوں اقدامات اس حقیقت کی غمازی کرتے ہیں کہ معاشی ترقی کے لئے محض محصولات جمع کرنا کافی نہیں، بلکہ کاروبار کرنے والوں کی مشکلات کم کرنا، سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنا اور پیداواری سرگرمیوں کو فروغ دینا بھی ناگزیر ہے۔ اس وقت معاشی استحکام کے حصول، صنعتی پیداوار میں اضافے، برآمدات کو وسعت دینے اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے جیسے اہم اہداف کے حصول کے لئے جاری کوششیں اطمینان بخش ہیں صنعت کار، تاجر، برآمد کنندگان، سرمایہ کار اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری ادارے معیشت کے ایسے ستون ہیں جن کی فعالیت سے قومی آمدن میں اضافہ ہوتا ہے، نئی ملازمتیں پیدا ہوتی ہیں اور حکومت کو محصولات حاصل ہوتے ہیں۔ اگر ان اداروں کو ضرورت سے زیادہ ٹیکسوں، پیچیدہ ضابطوں اور غیر یقینی کاروباری ماحول کا سامنا ہو تو ان کی ترقی متاثر ہوتی ہے۔ اس کے برعکس اگر انہیں پالیسیوں میں تسلسل، منصفانہ ٹیکس نظام اور سازگار کاروباری ماحول فراہم کیا جائے تو وہ اپنی پیداواری صلاحیت بڑھانے اور معیشت میں زیادہ مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ سپر ٹیکس میں کمی کا فیصلہ اسی تناظر میں قابل توجہ ہے۔ وزیر مملکت کے بیان کے مطابق حکومت نے اس حقیقت کو تسلیم کیا ہے کہ یہ ٹیکس کاروباری طبقے پر بھاری بوجھ رہا ہے اور اس میں کمی کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی ایسے میں ٹیکس میں کمی اہم قدم ہے۔ بالخصوص ایسے حالات میں جب صنعتوں کو خام مال، توانائی، نقل و حمل، مالیاتی اخراجات اور دیگر پیداواری ضروریات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کا سامنا ہو، ٹیکسوں میں مناسب ریلیف کاروباری اداروں کے لئے سہارا بن سکتا ہے۔ تاہم اس اقدام کی حقیقی افادیت کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ کاروباری ادارے حاصل ہونے والی مالی گنجائش کو کس انداز میں استعمال کرتے ہیں۔ اگر اس ریلیف کے نتیجے میں نئی مشینری نصب کی جائے، پیداواری صلاحیت بڑھائی جائے، ملازمین کی مہارتوں میں اضافہ کیا جائے اور نئے کاروباری منصوبوں میں سرمایہ کاری کی جائے تو اس کے فوائد پوری معیشت تک پہنچ سکتے ہیں۔ کاروباری طبقے کو بھی چاہیے کہ وہ ٹیکسوں میں کمی کو محض اپنے منافع میں اضافے کا ذریعہ بنانے کے بجائے اسے کاروبار کی توسیع، معیار کی بہتری اور روزگار کی فراہمی کے لئے استعمال کرے۔ حکومت اور نجی شعبے کے درمیان اعتماد پر مبنی تعلق ہی ایسی معاشی فضا پیدا کرسکتا ہے جس میں قومی مفاد اور کاروباری ترقی ایک دوسرے کے معاون بنیں۔ برآمد کنندگان کو فراہم کیا جانے والا ریلیف بھی خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ وزیر مملکت کے مطابق ایسے کاروبار جن کی مجموعی فروخت کا کم از کم اسی فیصد حصہ برآمدات پر مشتمل ہو، انہیں برآمدی کاروبار تصور کیا جائے گا اور ان پر سپر ٹیکس عائد نہیں ہوگا۔ پاکستان کے لئے برآمدات میں اضافہ اس لئے ضروری ہے کہ اس سے زرمبادلہ حاصل ہوتا ہے، بیرونی ادائیگیوں کے دباؤ کو کم کرنے میں مدد ملتی ہے اور ملکی مصنوعات کو عالمی منڈیوں میں متعارف کرانے کے مواقع بڑھتے ہیں۔ باقی رہ گئی تعمیراتی شعبے کی بات تو اس شعبے کے لئے جامع پیکج کی تیاری بھی حکومتی معاشی حکمت عملی کا ایک اہم جزو ہے۔ تعمیرات کا شعبہ صرف مکانات یا تجارتی عمارتوں کی تعمیر تک محدود نہیں، بلکہ اس سے لامحدود کاروباری اور معاشی سرگرمیاں جڑی ہوئی ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ ٹیکس ریلیف اور تعمیراتی پیکج کو ایک وسیع معاشی اصلاحاتی حکمت عملی کا حصہ بنایا جائے۔ کاروبار شروع کرنے کے مراحل آسان ہوں، ٹیکس ادائیگی کا نظام سادہ ہو، سرکاری اداروں میں غیر ضروری تاخیر ختم کی جائے اور کاروباری تنازعات و ابھرنے والے مسائل کے حل کے لئے موثر طریقہ کار اختیار کیا جائے۔ ساتھ ہی جدید ٹیکنالوجی، فنی تعلیم، توانائی کی بچت اور مقامی صنعت کی پیداواری صلاحیت بڑھانے پر سرمایہ کاری کی جائے۔ ان اقدامات کے ذریعے پاکستان اپنی افرادی قوت اور کاروباری صلاحیت سے بہتر فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ بلاشبہ کاروباری طبقے کے لئے ٹیکسوں میں کمی اور تعمیراتی شعبے کی ترقی کے لئے جامع پیکج کی تیاری قابل ستائش پیش رفت ہے۔ اب اصل امتحان ان اقدامات کو مستقل، شفاف اور نتیجہ خیز پالیسی میں تبدیل کرنے کا ہے۔ اگر حکومت کاروباری سہولت، مالی نظم و ضبط، سرمایہ کاری کے تحفظ اور عوامی مفاد کو ساتھ لے کر چلے تو معیشت میں اعتماد کی فضا مضبوط ہوسکتی ہے تب کاروبار کرنا آسان ہوگا، صنعتیں ترقی کریں گی برآمدات بڑھیں گی تعمیراتی سرگرمیاں وسعت اختیار کریں گی اور نوجوانوں کو باعزت روزگار کے مواقع میسر آئیں گے اور معیشت و معاشرت پر اس کے انتہائی دیرپا اور بہت ہی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

عوامی خدمت کی روایت اور ترقی کا عزم: چیئرمین میونسپل کمیٹی شکارپور فیاض محمود شیخ اور "شیخ ہاس" کا تاریخی کردار

تحریر: شاہد گولہ

سندھ کا تاریخی شہر شکارپور، جو اپنی بیدار مغز ثقافت، تعلیم دوست ماحول اور منفرد طرز تعمیر کے باعث "پیرس آف سندھ" کے نام سے جانا جاتا ہے، ہمیشہ سے سیاسی و سماجی تحرکات کا مرکز رہا ہے۔ اس تاریخی شہر کی رونقوں کی بحالی اور عوامی مسائل کے حل میں شیخ ہاس شکارپور کا نام ایک روشن اور ناقابل فراموش باب کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس روایت کو موجودہ دور میں آگے بڑھاتے ہوئے، پاکستان پیپلز پارٹی (PPP) کے ممتاز اور عوامی رہنما محترم فیاض محمود شیخ صاحب بطور چیئرمین میونسپل کمیٹی شکارپور شہر کی بہتری، بنیادی ڈھانچے کی بحالی اور عوام الناس کی خدمت کے لیے شب و روز متحرک ہیں۔ شکارپور کی تاریخ میں شیخ ہاس صرف ایک رہائش گاہ کا نام نہیں، بلکہ یہ دہائیوں سے علاقے کے غریب، مظلوم اور حاجت مند لوگوں کے لیے امید کا مرکز اور پناہ گاہ رہا ہے اور شیخ ہاس کا سیاسی و سماجی سفر پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق صوبائی وزیر سندھ جناب مقبول احمد شیخ صاحب اور انکے والد محترم مرحوم محترم عبدالرحمان خان شیخ اور خاندان کے دیگر اکابرین سے جڑا ہے۔ شیخ خاندان نے ہر مشکل دور میں شکارپور کے عوام کے ساتھ اپنا رشتہ مضبوط رکھا ہے۔ شیخ ہاس کے دروازے بلا تفریق مذہب، ذات اور سیاسی وابستگی ہر عام و خاص کے لیے ہر وقت کھلے رہتے ہیں۔ معاشی مشکلات کا شکار لوگ ہوں، انتظامی یا پولیس کے مسائل ہوں یا خاندانی تنازعات، شیخ ہاس میں قائم "عوامی دربار" میں ہر شخص کو عزت اور انصاف فراہم کیا جاتا ہے اور علاقے کے سیاسی و سماجی تنازعات کو باہمی رضامندی اور جرگہ سسٹم کے ذریعے پرامن طور پر حل کرانے میں شیخ ہاس نے ہمیشہ ایک غیر جانبدار اور محترم ثالث کا کردار ادا کیا ہے۔ فیاض محمود شیخ صاحب نے شیخ ہاس کی اسی خدمت خلق کی عظیم روایت کو اپنا مشعل راہ بنایا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور صوبائی قیادت کی رہنما ہدایات کے تحت جب انہوں نے میونسپل کمیٹی شکارپور کا چارج سنبھالا، تو ان کا مقصد صرف ایک عہدہ حاصل کرنا نہیں بلکہ شکارپور کو ایک جدید اور سہولیات سے آراستہ شہر بنانا تھا۔ انہوں نے روایتی سیاست سے ہٹ کر انتظامی کارکردگی، شفافیت اور فیلڈ ورک کو اپنی ترجیح بنایا۔ میونسپل کمیٹی کے تحت نمایاں ترقیاتی کام اور کارکردگی شکارپور شہر کو گزشتہ دہائیوں میں شہری مسائل، سیوریج کے ابتر نظام اور سڑکوں کی زبوں حالی جیسے چیلنجز کا سامنا رہا ہے۔ چیئرمین فیاض محمود شیخ صاحب نے ذمہ داریاں سنبھالتے ہی ایک قلیل المدتی اور طویل المدتی منصوبہ بندی تشکیل دی۔ اور شکارپور شہر کے دیرینہ مسائل میں سے ایک نالیوں اور سیوریج کے پانی کی نکاسی تھا۔ چیئرمین فیاض محمود شیخ نے میونسپل عملے کو اپنی ٹیکنیکل ہدایات کے ساتھ شہر کے اہم نالوں کی صفائی اور ڈرینج پمپنگ اسٹیشنوں کو فعال بنانے کی خصوصی مہمات چلائیں اور شہر کے تمام وارڈز اور گلی محلوں میں صفائی کے نظام کو منظم کرنے کے لیے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے اصولوں کو بروئے کار لایا گیا۔ میونسپل کمیٹی کی گاڑیاں اور عملہ روزانہ کی بنیاد پر کچرا اٹھانے کی مہمات میں مصروف عمل رہتی ہیں، جس سے شہر کے مرکزی بازاروں اور رہائشی علاقوں کی صورتحال میں بہتری آئی ہے۔ اور اسکے علاوہ شکارپور کے اہم چوراہوں، شاہراہوں اور تنگ گلیوں میں رات کے وقت روشنی کا انتظام یقینی بنانے کے لیے نئی اسٹریٹ لائٹس اور ایل ای ڈی سسٹمز نصب کیے گئے اور تاکہ بالخصوص خواتین کی حفاظت اور نقل و حمل کو آسان بنانے کے لیے شہر کے اہم چوراہوں اور گلیوں میں ن ء ایل ای ڈی اسٹریٹ لائٹس نصب کی گئیں۔ اس کے ساتھ ساتھ بنیادی شاہراہوں پر پیچ ورک اور سڑکوں کی مرمت کا کام تیز کیا گیا اور اس کے ساتھ ساتھ خستہ حال سڑکوں کی مرمت اور پیچ ورک کے ذریعے شہریوں کے لیے نقل و حمل کو آسان بنایا گیا ہے۔ شہریوں کو بنیادی سہولیات انہی کی دہلیز پر فراہم کرنے کی حکمت عملی کے تحت چیئرمین فیاض محمود شیخ صاحب کی خصوصی کاوشوں سے میونسپل کمیٹی شکارپور کے مرکزی دفتر میں نادرا (NADRA) کا بوتھ قائم کیا گیا۔ اس اقدام سے عام شہریوں، بالخصوص خواتین اور بزرگوں کو شناختی کارڈ اور دیگر دستاویزات کی تصدیق کے لیے دور دراز دفاتر کے چکروں سے نجات ملی اور وقت کی بچت ممکن ہوئی۔ شکارپور کی تاریخی عمارتوں اور قدیم بازاروں کے تشخص کو برقرار رکھنے کے لیے میونسپل کمیٹی کی سطح پر مختلف تجاویز اور مقامی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں تاکہ شہر کے قدیم حسن کو بحال کیا جاسکے۔ فیاض محمود شیخ کی قیادت کی ایک سب سے بڑی خصوصیت ان کا کھلی کچہریوں اور اوپن ڈور پالیسی کا انعقاد ہے اور انہوں نے شہریوں کے مسائل براہ راست سننے اور حل کرنے کے لیے میڈیا سیل اور کمپلینٹ آٹ لیٹس کو متحرک کیا ہے۔ اسکے علاوہ صرف دفتر تک محدود رہنے کے بجائے وہ خود شہر کے مختلف وارڈز کا دورہ کرکے جاری ترقیاتی کاموں کے معیار اور عملے کی حاضری کا معائنہ کرتے ہیں۔ اگرچہ محدود میونسپل بجٹ اور وسائل کی کمی جیسے چیلنجز اب بھی درپیش ہیں، تاہم چیئرمین فیاض محمود شیخ کا ویژن شکارپور کو ایک جدید، صاف ستھرا اور سرسبز شہر بنانا ہے۔ ان کے آئندہ منصوبوں میں شامل ہیں۔ شہر کی خوبصورتی، پبلک پارکس کی بحالی اور پینے کے صاف پانی کے فلٹریشن پلانٹس کا مزید گلی محلوں تک پھیلایا گیا تاکہ میونسپل کمیٹی کے نظام کو جدید ڈیجیٹلائزیشن کی طرف گامزن کرنا۔ محترم فیاض محمود شیخ صاحب نے یہ ثابت کیا ہے کہ قیادت کا اصل امتحان عوامی خدمت میں ہوتا ہے۔ انہوں نے جہاں ایک طرف شیخ ہاس کی تاریخی و روایتی عوامی خدمت کے علم کو بلند رکھا ہے، وہاں دوسری طرف میونسپل کمیٹی شکارپور کے پلیٹ فارم سے شہر کی بنیادی ساخت کو بہتر بنا کر ایک روشن اور جدید شکارپور کی بنیاد رکھ دی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کا منشور اور عوامی خدمت کا جذبہ ان کی ہر پالیسی کا محور و مرکز ہے اور محترم فیاض محمود شیخ صاحب نے بطور چیئرمین میونسپل کمیٹی شکارپور اپنی عملی جدوجہد اور عوامی خدمت سے یہ ثابت کیا ہے کہ اگر نیت صاف اور جذبہ سچا ہو تو محدود وسائل میں بھی مثبت تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور "روٹی، کپڑا اور مکان" کے ساتھ ساتھ شہری سہولیات کی فراہمی کے عمل کو آگے بڑھاتے ہوئے وہ شکارپور کی ترقی و خوشحالی میں اپنا فعال اور تاریخی کردار ادا کررہے ہیں۔

وزیراعظم ملکی ترقی و خوشحالی کیلئے سرگرم

اسد اللہ غالب

امن وامان کسی بھی ملک کی بنیادی ضرورت اور معاشی ترقی کا بنیادی ستون ہے۔ پاکستان نے گزشتہ دو دہائیوں میں دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف جو لافانی قربانیاں دی ہیں، دنیا کی تاریخ میں اس کی کوئی دوسری مثال نہیں ملتی۔ حالیہ دنوں میں جب بعض شر پسند عناصر نے ایک بار پھر ملک کے امن کو تاخت و تاراج کرنے اور ریاستی قلمرو کو چیلنج کرنے کی ناکام کوشش کی، تو وزیراعظم شہباز شریف اور حکومت پاکستان نے اپنے دوٹوک، جرات مندانہ اور زیرو ٹالرنس بیانیے سے قوم کے جذبے کو نئی جلا بخشی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اعلیٰ سطحی ایپکس کمیٹیوں اور عسکری و مدنی قیادت کے اہم اجلاسوں کی صدارت کرتے ہوئے واضح کیا کہ دہشت گردی چاہے کسی بھی شکل میں ہو، اس کی سرکوبی کے لیے ریاست تمام تر وسائل بکار لائے گی۔ افواج پاکستان، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کے شہدا اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے وزیراعظم کا یہ بیانیہ سامنے آیا کہ ملکی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ پاکستان کی دھرتی سے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک یہ جنگ جاری رہے گی۔ اس سخت اور پختہ عزم کے نتیجے میں نہ صرف سیکیورٹی فورسز کا مورال بلند ہوا بلکہ عوام میں بھی یہ اعتماد بحال ہوا کہ ملک کی باگ ڈور ایسے ہاتھوں میں ہے جو قومی مفاد اور شہریوں کے تحفظ پر مکمل توجہ دیے ہوئے ہیں۔ وزیراعظم نے قومی سلامتی کے ساتھ ساتھ علاقائی امن کے لیے بھی پاکستان کے کلیدی کردار کی وضاحت کی اور عالمی برادری کے سامنے یہ موقف رکھا کہ پاکستان خطے میں امن و استحکام کا خواہاں ہے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے عالمی اصولوں کے مطابق تعاون جاری رکھے گا۔ ملک میں داخل ہونے والی غیر ملکی سرمایہ کاری، سی پیک کے زیر انتظام منصوبوں کی حفاظت، اور اندرونی امن و امان کی بحالی کے لیے حکومت نے جدید تکنیکی وسائل اور حکمت عملی کو بروئے کار لانے کے احکامات دیے ہیں۔ نیشنل ایکشن پلان پر از سر نو موثر عملدرآمد اور صوبائی حکومتوں کو فول پروف سیکیورٹی کی فراہمی میں وفاق کی بھرپور امداد اس بات کا ثبوت ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف ایک محفوظ، پرامن اور مضبوط پاکستان کی تعمیر کے لیے روز و شب کوشاں ہیں۔ جب وزیراعظم یہ کہتے ہیں کہ دہشت گردوں کو ان کے برے انجام تک پہنچانا قوم کا متفقہ فیصلہ

ہے، تو اس سے ملک کے دفاعی اور انتظامی ڈھانچے کی پختگی ظاہر ہوتی ہے۔ اس مثبت اور قائدانہ اقدام سے یہ بات عیاں ہوجاتی ہے کہ حکومت امن کی بحالی کو ترقی و خوشحالی کا پہلا زینہ سمجھتی ہے اور اس راہ میں حائل ہر رکاوٹ کو دور کرنے کی مکمل صلاحیت اور صلاحیت رکھتی ہے۔ گزشتہ ہفتوں کے دوران پاکستان کے خارجہ محاذ اور بین الاقوامی سفارت کاری میں ایک انتہائی نمایاں اور مثبت پیش رفت دیکھنے کو ملی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی سرپرستی اور حکمت عملی کے تحت پاکستان نے نہ صرف خطے کے اہم اسلامی اور دوست ممالک کے ساتھ روابط کو مزید مضبوط کیا ہے بلکہ عالمی مالیاتی و اقتصادی اداروں میں بھی پاکستان کا وقار بلندیوں کی طرف گامزن ہوا ہے۔ سلطنت عمان کے وزیر خارجہ کے دورہ پاکستان کے موقع پر دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور مواصلات کے شعبوں میں متعدد اہم معاہدات اور یادداشتوں پر دستخط ہوئے۔ عمان کے وزیر خارجہ کی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات اور علاقائی امن و استحکام کے لیے پاکستان کی پائیدار سفارتی کوششوں کا اعتراف اس بات کا بین ثبوت ہے کہ دنیا پاکستان کی معتدل، تعمیری اور امن پسند خارجہ پالیسی کو قدر کی نگاہوں سے دیکھتی ہے۔ اس کے علاوہ دونوں ممالک کے درمیان گوادر اور عمان کی بندرگاہوں کو جوڑنے اور ویزا اسکیم جیسے اہم فیصلے کیے گئے جن سے کاروباری و سفارتی روابط کو ایک نیا موڑ ملا ہے۔ اسی طرح برادر ملک سعودی عرب کے ساتھ دفاعی اور سفارتی تعاون میں اضافہ اور نئے سعودی سفیر اور مکہ الائنس کے وفود کے ساتھ وزیراعظم کی اہم ملاقاتیں اس بات کا روشن ثبوت ہیں کہ پاکستان اپنے اہم ترین حلیفوں کے ساتھ ناقابل تسخیر دوستی کے بندھن میں بندھا ہوا ہے۔ بین الاقوامی سطح پر پاکستان نے نہ صرف اپنے مفادات کا تحرک کے ساتھ تحفظ کیا بلکہ خطے کے تنازعات، مشرق وسطیٰ کی صورتحال اور عالمی مسائل میں ایک مدبرانہ اور مثبت کردار ادا کیا ہے۔ معاشی سفارت کاری کے میدان میں ایک تاریخی کامیابی یہ دیکھنے کو ملی کہ سات دہائیوں میں پہلی بار پاکستان کو عالمی مالیاتی فنڈ اور ورلڈ بینک کے بورڈ کی سربراہی کا اعزاز مل رہا ہے۔ یہ بہت بڑا معاشی بریک تھرو ہے جو اس بات کا اعلان ہے کہ عالمی معاشی دنیا میں پاکستان پر اعتماد بحال ہو رہا ہے اور ملک کی معاشی پالیسیاں پائیدار سمت میں گامزن ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کی ذاتی دلچسپی اور انتھک محنت کے باعث ملک میں کاروباری ماحول دوست پالیسیاں متعارف کرائی جارہی ہیں، اور بین الاقوامی وفود کی پاکستان آمد اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ پاکستان اب سفارتی تنہائی سے نکل کر عالمی فورمز پر ایک اہم اور مستحکم کھلاڑی کے طور پر ابھر رہا ہے۔ یہ سفارتی اور معاشی کامیابیاں موجودہ حکومت اور وزیراعظم کی اس لگن کا نتیجہ ہیں جو وہ ملک کو وقار، خود کفالت اور ترقی کے مدارج پر گامزن کرنے کے لیے رات دن محنت سے انجام دے رہے ہیں پاکستان اس وقت اپنی تاریخ کے اہم ترین موڑ سے گزر رہا ہے جہاں معاشی پائیداری، داخلی استحکام اور سیاسی ہم آہنگی کا حصول وقت کی سب سے بڑی ضرورت بن چکا ہے۔ کسی بھی ملک کی ترقی اور بقا کے لیے سیاسی ثبات بنیادی شرط ہوتا ہے۔ اس تناظر میں اگر ہم حالیہ دنوں میں وزیراعظم شہباز شریف کی سیاسی حکمت عملی اور حکومتی تدبر کا جائزہ لیں تو یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہوتی ہے کہ انہوں نے بار ہا ذاتی اور جماعت پسندانہ مفادات سے بالاتر ہوکر میثاق معیشت اور میثاق جمہوریت کا سچا پرچم تھاما ہے۔ حالیہ ایام میں وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے اپوزیشن بالخصوص پاکستان تحریک انصاف کو بلامشروط مذاکرات کی متعدد بار پیشکش اور سیاسی کشیدگی ختم کرنے کی دعوت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ موجودہ حکومت ملک کو ہنگامہ آرائی اور انتشار کی بجائے تدبر اور بات چیت کے راستے پر گامزن دیکھنا چاہتی ہے۔ وزیراعظم نے یہ حقیقت روز اول سے باور کرائی ہے کہ جمہوریت کی خوبصورتی اور اس کی روح مکالمے میں پنہاں ہوتی ہے، نہ کہ دھرنوں، گھیرا اور محاذ آرائی میں۔ وزیراعظم کی یہ پیشکش اس سوچ کی عکاسی کرتی ہے کہ پارلیمنٹ ہی وہ واحد مقدس ایوان ہے جہاں تمام تر سیاسی و ملکی مسائل کا حل تلاش کیا جانا چاہیے۔ حکومت پاکستان نے پچھلے چند ایام کے دوران جس صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا اور جس طرح ریاستی وقار کو قائم رکھتے ہوئے اپوزیشن کو قومی دھارے میں شامل ہونے اور قانون کی بالادستی پر کاربند رہنے کی تاکید کی، اس سے بین الاقوامی اور داخلی سطح پر ایک انتہائی مثبت اور سنجیدہ تاثر ابھرا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کا واضح نقطہ نظر رہا ہے کہ احتجاج کرنا جمہوری حق ہے، لیکن جب بات ملکی ترقی، غیر ملکی سرمایہ کاری اور شہریوں کی روزمرہ زندگی کو متاثر کرنے کی آئے، تو وہاں ریاست اور قوم کا مفاد سب سے مقدم ہونا چاہیے۔ اسی سیاسی بصیرت کے تحت حکومت نے وفاق اور صوبوں کے درمیان رابطوں کی بحالی اور قومی سلامتی کے امور پر تمام سیاسی قوتوں کو ایک پیج پر لانے کی سنجیدہ کوششیں کی ہیں۔ جب ملک معاشی چیلنجز کا سامنا کررہا ہو تو ایسے میں قومی یکجہتی ہی وہ واحد ڈھال ہے جو دشمن عناصر اور منفی پراپیگنڈے کا توڑ کرسکتی ہے۔ وزیراعظم کا اپوزیشن قیادت سے بار بار مکالمے کا تقاضا کرنا نہ صرف ان کی اعلیٰ سیاسی ظرف کی علامت ہے بلکہ یہ بات ظاہر کرتی ہے کہ موجودہ حکمران اقتدار کی کشمکش سے بالاتر ہو کر محض ملک کو درپیش چیلنجز سے نکالنے پر فوکس کیے ہوئے ہیں۔ اس مثبت طرز عمل نے نہ صرف سول سوسائٹی اور بزنس کمیونٹی بلکہ عالمی برادری کو بھی یہ پیغام دیا ہے کہ پاکستان کی قیادت جمہوری قدروں پر مکمل یقین رکھتی ہے۔ ملک کو امن وامان کا گہوارہ بنانا اور سیاسی استحکام قائم کرنا وزیراعظم کا اصل ہدف ہے تاکہ بیرونی سرمایہ کار بلاخوف و خطر پاکستان کا رخ کرسکیں اور ملک ترقی کی راہ پر بغیر کسی رکاوٹ کے گامزن رہے۔

مودی کا وزیراعظم ہاؤس سے آوٹ ہونے کا امکان

سعد اختر

حالات بتا رہے ہیں کہ مودی کا زوال شروع ہو چکا ہے - وہ بھارت کے پندرہویں وزیراعظم ہیں جو کئی خرابیوں کی جڑ بنے ہوئے ہیں - انتہا پسند لوگوں میں شمار ہوتا ہے - مودی کا پورا نام نریندر دامودرداس مودی ہے - جائے پیدائش وڈنگر مہسانہ بھارتی ضلع گجرات اور تاریخ پیدائش 17 ستمبر 1950 ہے - والد دامودرداس مولچند مودی اور والدہ ہیرابین تھیں - بھارتی جنتا پارٹی کے سربراہ ہیں - چھوٹی سی عمر میں ہی سیاست میں آ گئے، جبکہ ہندو قوم پرست تنظیم راشٹریہ سویم سیوک سے منسلک ہوئے - 2001 سے 2014 تک گجرات ریاست کے وزیراعلیٰ رہے 2014 - میں عام انتخابات میں حصہ لیا اور بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کر کے وزارت عظمیٰ کے منصب تک پہنچے - 2019 میں دوبارہ انتخابات میں کامیابی حاصل کی، یوں ایک بار پھر وزیراعظم کے منصب پر فائز ہوئے 2024 - میں تیسری بار بھی عام انتخابات میں کامیابی حاصل کی اور ایک بار پھر وزیراعظم کے عہدے کے حلف اٹھایا - عالمی سطح پر نریندر مودی کو ایک انتہا پسند اور سخت گیر ہندو قوم پرست رہنما مانا جاتا ہے - کئی تنازعات ان کی ذات سے جڑے ہوئے ہیں - گجرات کے وزیراعلیٰ تھے 2002 میں گجرات کے فسادات میں ان کا نام آیا، جس میں ملوث پائے گئے - اسی وجہ سے کافی تنقید کی زد میں بھی رہے - ان پر کئی مقدمات بھی بنے - تاہم بھارتی سپریم کورٹ نے تمام الزامات سے انہیں بری کر دیا - مودی کے دور اقتدار میں جو پالیسیاں بنیں، آج بھی ہدف تنقید ہیں - خاص کر جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت) آرٹیکل (370 کا خاتمہ مودی کے سیاسی کردار کا ایک انتہائی گھناونا باب ہے - اس اقدام سے بھارت کا جمہوری چہرہ پوری دنیا میں بے نقاب ہوا اور یہاں پنپنے والی آمریت پوری دنیا میں اجاگر ہوئی - جس سے عالمی سطح پر بھارت کو آج بھی شرمندگی کا سامنا ہے - انتخابی جمہوریت کے اشاریے بتا رہے ہیں کہ بھارت اس حوالے سے دنیا میں 106ویں نمبر پر ہے اور اس کا سکور کم ہوتا جا رہا ہے - ہندوستانی تارکین وطن بھی آہستہ آہستہ ہندوستان کی شبیہ کو بدنما اور خراب کر رہے ہیں - جس سے بھارت کا مجموعی امیج دنیا میں رسوا اور متاثر ہے - فارن میں ہندوستانی شہریوں پر مجرمانہ مقدمات کی بھرمار ہے - جنسی ہراسگی، کرمنل گینگز، مالیاتی گھپلے، منی لانڈرنگ اور ٹارگٹ کلنگ میں ہندوستانی شہری ملوث پائے گئے ہیں - ان پر بیسیوں مجرمانہ مقدمات اسی بنیاد پر قائم ہیں - کچھ بھارتی نیٹ ورکس کے ذریعے بوگس ویزوں کا دھندا بھی ہو رہا ہے - سخت امیگریشن اور اسکریننگ کے باوجود ایسے لوگوں پر قابو نہیں پایا جا سکا - جس سے ہندوستان کی بین الاقوامی ساکھ ایک بہت بڑا چیلنج بن گئی ہے - ہندوستان پر عالمی سطح پر جہاں بہت سے الزامات ہیں، وہاں افراتفری، جرائم اور ثقافتی تکبر کو بھی بھارت سے ایکسپورٹ کیا جا رہا ہے 2025 - میں کینیڈا میں قتل، بھتہ خوری اور منشیات پر مبنی جو جرائم ہوئے ان میں زیادہ تر بھارتی شہری ملوث پائے گئے 2026 میں امریکی آپریشن ہارڈ بال کے دوران بھی ایسے بھارتی شہریوں کا سراغ ملا جن کا تعلق بین الاقوامی دہشت گرد نیٹ ورک سے تھا - اس آپریشن میں 24 گرفتاریاں ہوئیں اور 37 مدعا علیہان پر فرد جرم عائد کی گئی - برطانیہ میں 2021 اور 2024 کے درمیانی عرصے میں جنسی جرائم میں ملوث بھارتی شہریوں کی سزاؤں میں 257 فیصد اضافہ ہوا غیر ملکی شہریوں میں سزاؤں کا انتہائی اونچا تناسب تھا - تحقیقات سے پتہ چلتا ہے کہ 28 ہندوستانی یونیورسٹیوں سے ایک لاکھ سے زیادہ جعلی ڈگریوں کے حامل طالب علم بیرون ملک آئے جو ڈگریاں ان کے پاس تھیں وہ اس کے معیار پر پورا نہیں اترتے تھے - ایک سابق امریکی قونصلر نے ویزے کے لیے آنے والی درخواستوں اور ان کے ساتھ مہیا ڈاکومنٹس کو بوگس اور جعلی قرار دیا، 80 سے 90 فیصد کی شرح سے فراڈ کا الزام لگایا - کینیڈا میں انتخابات کے دوران بھارتی شہریوں پر مداخلت کا الزام بھی عائد کیا جاتا ہے - قانون اور مقامی ضابطوں سے انکار اور ان پر عمل نہ کرنے کے باعث کینیڈین حکومت کا ردعمل بھارت کے خلاف مزید تیز ہو گیا ہے - یہ ایسی چارج شیٹ ہے جس کا سامنا اس وقت نریندر مودی کو ہے - جو اپنی انتہا پسندانہ سوچ ترک کرنے سے گریزاں ہیں، جس سے بھارت کی تذلیل ہو رہی ہے اور دنیا بھر میں ان کے لیے خیر سگالی ختم ہوتی جا رہی ہے - بھارت کے لیے یہ کوئی اچھا شگون نہیں - پاکستان، بھارت کا ہمسایہ ملک ہے - تاہم کبھی بھی بھارت کے پاکستان کے ساتھ اچھے اور ہمسائیگی والے تعلقات نہیں رہے - بھارت میں ہر آنے والی جماعت اور لیڈر نے پاکستان کے لیے برا ہی سوچا ہے اور برا ہی کیا ہے لیکن جب سے مودی وزیراعظم بنے ہیں، تعلقات اور سرحدی حالات زیادہ خراب ہوئے ہیں - بھارت میں معیشت اور امن وامان کے جو بگڑتے ہوئے مسائل ہیں اس سے مودی نے ہمیشہ چشم پوشی کی ہے اور پاکستان کے معاملات میں مداخلت اور جنگ کی کوشش کرتے رہے ہیں جس کا انہیں کئی بار سخت جواب بھی ملا ہے - تاہم مودی ہیں کہ باز آنے سے گریزاں ہیں، کبھی را کے ذریعے افغانستان میں چھپے دہشت گردوں کو سپورٹ کرتے ہیں - ٹریننگ، اسلحہ اور مالی فنڈنگ فراہم کرتے ہیں اور کبھی پاکستان پر حملے کرتے ہیں - اب یہ ساری باتیں دنیا کے سامنے عیاں ہو چکی ہیں - افغانستان کی مدد سے بھارت خطے میں جو گل کھلا رہا ہے پاکستانی ایجنسیاں پوری طرح ان سے باخبر ہیں - پاکستان ایسی عسکری قوت ہے جو بھارت کو ہر محاذ پر کسی بھی جارحیت اور حملے کا سخت اور منہ توڑ جواب دے سکتا ہے اور اس نے دیا بھی ہے - پاکستان میں تمام دہشت گردی کا محرک مودی ہی ہے - صدر ٹرمپ اپنی گفتگو میں متعدد بار مودی کی وہ درگت بنا چکے ہیں کہ الاماں - مودی کو جان لینا چاہیے انتہا پسندی اور جنگوں کا زمانہ اب گزر گیا - بھارت نے کئی بار ہمیں آزمایا بھی ہے - یہ بات مودی کی سمجھ میں آ جانی چاہیے کہ جنگ اور انتہا پسندی اس کے لیے سراسر خسارے کا سودا ہے - بھارت میں ایک ارب سے زیادہ لوگ بھوک اور مفلسی کا شکار ہیں - اقلیتوں کو ان کے حقوق نہیں دیے جا رہے ہیں

کیا یہ پاکستان بچوں کا نہیں؟

محمد معاذ قریشی

کچھ خبریں اخبار کے صفحے پر نہیں رہتیں، سماعت، نظروں اور دماغ کے ذریعے دل میں اتر جاتی ہیں اور روح کو ایسا گھائل کرتی ہیں کہ رات بھر انسان کو سونے نہیں دیتیں۔ ملتان کے 15 سالہ وسیم عباس اور شیخوپورہ کی ایمان فاطمہ کی داستان الم ایسی ہی خبروں کی دو مثالیں ہیں۔ یہ دو واقعات نہیں ہمارے معاشرے کے چہرے پر لگے وہ گھناؤنے زخم ہیں جنہیں ہم روز دیکھتے ہیں، مگر ان پر مرہم رکھنے کی زحمت کوئی گوارا نہیں کرتا۔ نہ معاشرہ، نہ وہ جن کی یہ ذمہ داری ہے اور یہ محض دو مثالیں ہیں ورنہ روزانہ کتنے الہڑ بچے درندگی کی بھینٹ چڑھ جاتے ہوں گے۔ ملتان کا وسیم یتیم تھا۔ اس کی آنکھوں میں ہنر مند بننے، اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے اور اپنی زندگی بدلنے کے خواب سجے تھے۔ وہ الیکٹریشن کا کام سیکھنے گیا تھا، مگر جب واپس آیا تو لاش میں تبدیل ہو چکا تھا۔ 20 اکتوبر 2026 کو شائع ہونے والی خبروں کے مطابق وسیم کو مبینہ طور پر گاڑی سے کچلنے کے الزام میں ایک ٹھیکیدار گرفتار ہوا، جبکہ پولیس کے مطابق تحقیقات جاری ہیں۔ ابتدائی اطلاعات میں بتایا گیا کہ مالکان کے نامناسب رویے کی وجہ سے وسیم کام چھوڑ کر بھاگا تو گاڑی پر اس کا تعاقب کیا گیا اور کیمرہ فوٹیج کے مطابق ایک جگہ گاڑی اس پر چڑھا دی گئی۔ ایک پندرہ سالہ بچے سے ایسی کیا غلطی ہو گئی تھی کہ اس کی زندگی ہی چھین لی گئی؟ سوچیں! اس کے سر پر باپ کا سایہ نہیں تھا۔ وہ اپنے مستقبل کی تلاش میں نکلا تھا لیکن اسے یہ بنیادی حق بھی نہ مل سکا۔ اسے مارنے والوں کو کسی نے یہ نہیں بتایا کہ غربت میں پیدا ہونے والے بچوں کے خواب بھی قیمتی ہوتے ہیں، ان کی جان بھی اتنی ہی اہم ہوتی ہے جتنی کسی امیر کے بچے کی۔ وسیم کی موت ہمیں پوچھنے پر مجبور کرتی ہے کہ کام کی تربیت کے لئے جانے والے بچے کے حالات پر نظر رکھنے کا ذمہ دار کون تھا؟ اور اگر وہ کسی زیادتی سے بچنے کے لئے بھاگا تھا تو اسے تحفظ دینے والا نظام کہاں تھا؟ ادھر شیخوپورہ سے آنے والی خبر بھی کلیجہ چیر دیتی ہے۔ نو سالہ ایمان فاطمہ کے والدین نے الزام لگایا کہ پولیس ملازم میاں بیوی نے ان کی بچی کو ڈنڈوں سے مارا اور گرم سریے سے جسم جلایا۔ یہ ایسے الزامات ہیں جن کی غیر جانبدارانہ تحقیقات ہونی چاہئے، لیکن یہ سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ جس گھر میں ایک بچی کو تحفظ ملنا چاہئے، اگر وہیں اس کی چیخیں گونجیں تو وہ کس دروازے پر دستک دے؟ پولیس کی وردی قانون کی علامت ہے۔ یہ جرائم پیشہ کیلئے خوف اور عوام کے لئے تحفظ کی علامت ہے۔ اگر قانون کے محافظوں پر ہی کسی کمزور بچے پر تشدد کے الزامات لگیں تو معاملہ صرف ایک گھر کا نہیں رہتا پورے نظام کی ساکھ کٹہرے میں کھڑی نظر آتی ہے۔ ایسا پہلی بار نہیں ہوا۔

اگست 2023 میں خیرپور کے علاقے رانی پور میں نو سالہ گھریلو ملازمہ فاطمہ فرڑو کی موت نے پورے ملک کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔ پوسٹ مارٹم میں اس کے جسم پر تشدد کے نشانات کی تصدیق ہوئی اور جنسی زیادتی کے امکان کی نشاندہی بھی کی گئی۔ اس بچی کی موت نے سوال اٹھایا تھا کہ بند دروازوں کے پیچھے کام کرنے والے بچوں کی خبر کون لیتا ہے؟ مگر افسوس، وقت گزرتا گیا اور ایسے واقعات کی خبریں پھر سامنے آتی رہیں۔ اب بھی آ رہی ہیں۔ فروری 2025 میں راولپنڈی میں 13 سالہ گھریلو ملازمہ اقرا کی موت کی خبر سامنے آئی۔ پولیس کے مطابق بچی کے جسم پر متعدد فریکچر تھے اور اس پر مبینہ تشدد کے الزام میں میاں بیوی کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔ یہ سب کچھ اس معمولی بات پر کیا گیا کہ اس نے چاکلیٹ کھا لیا تھا۔ اس ملازمہ کے مالکان کو اسے خود چاکلیٹ خرید کر دینا چاہئیں تھے کہ آخر کو وہ ایک بچی تھی۔ اس کا دل بھی چاکلیٹ کھانے کو کرتا ہوگا اور پھر قصور کی زینب کا دکھ تو کبھی کم ہونے والا نہیں۔ زینب کا قاتل پھانسی چڑھا دیا گیا لیکن جرم باقی ہے اور معاشرے میں پنپ بھی رہا ہے۔ بچوں کے ساتھ زیادتی والے جرم کو پتا نہیں کب پھانسی دی جائے گی؟ اعداد و شمار بھی اس المیے کی سنگینی بیان کرتے ہیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 2024 میں بچوں پر جنسی تشدد، اغوا، لاپتا ہونے اور کم عمری کی شادیوں سے متعلق 3364 واقعات رپورٹ ہوئے۔ ان میں سے 1828 واقعات بچوں کے جنسی استحصال سے متعلق تھے۔ حقائق کیا ہیں کوئی نہیں جانتا، کیونکہ بہت سے بچے اور ان کے والدین خوف، غربت، دھمکیوں اور بدنامی کے ڈر سے خاموش رہ جاتے ہیں۔ یہ اعداد محض ہندسے نہیں، ان کے پیچھے ٹوٹے ہوئے جسم، سہمے ہوئے چہرے، ماں کی سسکیاں اور باپ کی بے بسی بھی ہے۔ ہر عدد کے پیچھے ایک ایسی دنیا ہے جو کسی بچے سے چھین لی گئی۔ ہم کب سمجھیں گے کہ بچے کے کسی کا ملازم ہونے سے اس کا انسان ہونا ختم نہیں ہو جاتا۔ یتیم ہونا جرم نہیں، غریب ہونا جرم نہیں، غلطی کر بیٹھنا موت کا پروانہ نہیں۔ بچوں سے کام لینے، انہیں تشدد کا نشانہ بنانے اور ان کی جان خطرے میں ڈالنے والوں کے خلاف قانون کا موثر نفاذ ضروری ہے۔ گھریلو ملازمین بچوں کی نگرانی، محفوظ شکایتی نظام، فوری طبی مدد اور مقدمات کی شفاف پیروی محض سرکاری اعلانات تک محدود نہیں رہنی چاہئے، عملی اقدامات کی ناگزیریت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ قیامت کے دن ہم ان بچوں سے کیا کہیں گے جن کا بچپن ہم نے غربت، خوف اور تشدد کے حوالے کر دیا؟ کیا ہم نہیں بتا پائیں گے کہ ہم نے سڑکیں بنائیں، بلند عمارتیں کھڑی کیں، ترقی کے دعوے کیے، مگر ان کے لئے ایک محفوظ گھر، ایک بے خوف بچپن، زندگی کا حق اور ایک معتدل معاشرہ نہ بنا سکے؟

جامعات یا ڈگریاں بانٹنے کے مراکز؟

فرحت عباس شاہ

یونیورسٹی کسی بھی معاشرے کا محض ڈگریاں تقسیم کرنے اور ملازمتوں کے لیے افراد تیار کرنے والا ادارہ نہیں، بلکہ اس کے فکری مستقبل کی معمار ہوتی ہے۔ اس کا بنیادی کام ایسے باشعور، خوداعتماد اور اہل انسان تیار کرنا ہے جو اپنے عہد، معاشرے اور زندگی کے مسائل کو سمجھ سکیں، دلیل کی بنیاد پر فیصلے کریں اور اپنی صلاحیتوں کو انسانی و سماجی بہتری کے لیے استعمال کریں۔ لیکن اگر جامعات کی توجہ تحقیق، معیاری تدریس اور کردار سازی کے بجائے نمائشی تقریبات، لٹریری فیسٹیولز، مشاعروں اور انتظامی تشہیر پر مرکوز ہو جائے تو ان کے حقیقی کردار کا جائزہ لینا ناگزیر ہو جاتا ہے۔ پاکستانی جامعات کی موجودہ صورت حال میں سب سے اہم سوال یہ ہے کہ ہم اپنے بچوں کو کس قسم کے اساتذہ اور تعلیمی قیادت کے حوالے کر رہے ہیں؟ کیا ہمارے تعلیمی ادارے نوجوانوں کو تنقیدی سوچ، آزادانہ تحقیق اور عملی زندگی کے مسائل سے نمٹنے کی صلاحیت دے رہے ہیں، یا وہ محض امتحانات پاس کرنے، ڈگریاں حاصل کرنے اور ملازمت کی دوڑ میں شامل ہونے کی تربیت تک محدود ہیں؟ اگر ایک نوجوان برسوں تعلیم حاصل کرنے کے باوجود بے روزگاری، معاشی استحصال، طبقاتی ناانصافی اور سماجی مسائل کے اسباب سمجھنے سے قاصر رہتا ہے تو اس ناکامی کا جائزہ صرف طالب علم کی انفرادی صلاحیت کے حوالے سے نہیں لیا جا سکتا۔ اس کے اساتذہ، نصاب، تدریسی ماحول اور ادارہ جاتی قیادت بھی جواب دہ ہیں۔ اسی لیے وائس چانسلرز اور اساتذہ کی تقرری اور کارکردگی کی شفاف اسکریننگ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وائس چانسلر کسی یونیورسٹی کا انتظامی سربراہ ہی نہیں، بلکہ اس کے علمی ماحول، تحقیقی ترجیحات اور ادارہ جاتی ثقافت کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ اگر تقرریاں سیاسی سفارش، ذاتی تعلقات یا گروہ بندی کے زیر اثر ہوں تو علمی قابلیت، تحقیق اور طلبہ کی فکری تربیت پس منظر میں چلی جاتی ہیں۔ اسی طرح استاد محض نصاب پڑھانے والا ملازم نہیں بلکہ نوجوان ذہنوں کی تشکیل کا ذمہ دار ہے۔ غیر سنجیدہ، غیر اہل یا پیشہ ورانہ اخلاقیات سے محروم استاد طالب علم کی فکری نشوونما کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ ضروری ہے کہ وائس چانسلرز اور اساتذہ کی اسناد، مضمون پر گرفت، تحقیقی صلاحیت، تدریسی مہارت، پیشہ ورانہ اخلاقیات، طلبہ کے ساتھ رویے اور ادارہ جاتی ذمہ داریوں کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے۔ وائس چانسلرز کے لیے شفاف انتظام، مالی جواب دہی، علمی آزادی کے تحفظ اور تحقیق کے فروغ کو بنیادی معیار بنایا جائے۔ اساتذہ کی جانچ میں مضمون کی قابلیت کے ساتھ طلبہ کو سوال کرنے، اختلاف کرنے اور آزادانہ سوچنے کی ترغیب دینے کی صلاحیت بھی دیکھی جائے۔ جہاں کمی سامنے آئے وہاں تربیت اور اصلاح کا موقع دیا جائے، جبکہ مسلسل نااہلی کی صورت میں منصفانہ احتساب یقینی بنایا جائے۔ یہ عمل کسی سیاسی یا ذاتی تعصب کے بجائے واضح معیار، غیر جانب دار ماہرین اور شفاف طریقہ کار کے تحت ہونا چاہیے۔ تعلیمی اداروں میں پیشہ ورانہ اور نفسیاتی موزونیت بھی اہم ہے۔ استاد اور تعلیمی منتظم میں جذباتی توازن، اختلاف برداشت کرنے، تنازعات حل کرنے اور دباؤ میں مناسب فیصلے کرنے کی صلاحیت ہونی چاہیے۔ تاہم اسکریننگ کا مقصد کسی فرد کو محض ذاتی تاثر یا کسی نفسیاتی تشخیص کی بنیاد پر نااہل قرار دینا نہیں، بلکہ اس کے پیشہ ورانہ طرز عمل اور طلبہ کے لیے محفوظ و معاون تعلیمی ماحول فراہم کرنے کی صلاحیت کا منصفانہ جائزہ لینا ہے۔ جامعات میں لٹریری فیسٹیولز اور ثقافتی سرگرمیوں کی افادیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ ادب، شاعری اور ثقافت انسانی شعور کو وسعت دیتے ہیں، لیکن مسئلہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب یہ سرگرمیاں علمی ذمہ داریوں کا متبادل بن جائیں۔ کسی یونیورسٹی کی کامیابی اس بات سے نہیں ناپی جانی چاہیے کہ کتنے بڑے مشاعرے ہوئے، کتنی معروف شخصیات آئیں یا ذرائع ابلاغ میں کتنی تصاویر شائع ہوئیں۔ اصل معیار یہ ہے کہ وہاں کتنی معیاری تحقیق ہوئی، طلبہ نے کیا سیکھا، ان کی تجزیاتی صلاحیت میں کتنا اضافہ ہوا اور انہیں معاشرے کے حقیقی مسائل پر غور کرنے کے کتنے مواقع ملے۔ اگر یونیورسٹیوں میں ادبی میلوں کی رونقیں بڑھ رہی ہوں، لیکن بے روزگاری، معاشی ناہمواری، تعلیمی عدم مساوات، ذہنی صحت، انسانی حقوق اور علمی آزادی جیسے موضوعات پر سنجیدہ مکالمہ کم ہو تو تعلیمی ترجیحات کا جائزہ لینا ضروری ہے۔ نوجوانوں کو صرف کامیابی کے انفرادی نسخے بتانا کافی نہیں؛ انہیں یہ سمجھنے کا موقع بھی ملنا چاہیے کہ روزگار کے مواقع کیوں محدود ہیں، تعلیم اور معیشت کے درمیان تعلق کیوں کمزور ہے اور سماجی و ادارہ جاتی ڈھانچے ان کے مستقبل پر کیسے اثر انداز ہوتے ہیں۔

کھیل اور کھلاڑی

ABC CERTIFIED
Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
بلوچستان نیوز کوئٹہ

پی ایس ایل، ڈائریکٹ سائننگ، آکشن اور ایونٹ کی تاریخ کا اعلان

لاہور (آئی این پی) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی کی زیرِ صدارت ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کی گورننگ کونسل کا اجلاس، پی ایس ایل 12 کیلئے پلیئرز آکشن 23 جنوری کو ہوگا جبکہ فرنچائزز کیلئے ڈائریکٹ سائننگ کا عمل 23 اکتوبر سے 23 نومبر تک جاری رہے گا۔ اجلاس میں چیئرمین پی سی بی محسن نقوی، سی ای او پی ایس ایل سلمان نصیر، فرنچائزز کے نمائندوں اور دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں پی ایس ایل کے آئندہ سیزن کے اہم امور، کھلاڑیوں کی ڈائریکٹ سائننگ اور پلیئرز آکشن سمیت مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 12 کے لیے پلیئرز آکشن 23 جنوری کو ہوگا، جبکہ فرنچائزز کے لیے ڈائریکٹ سائننگ کا عمل 23 اکتوبر سے 23 نومبر تک جاری رہے گا۔ ہر فرنچائز ایک مارکی کھلاڑی کو براہ راست سائن کر سکے گی، تاہم اس کے لیے شرط رکھی گئی ہے کہ متعلقہ کھلاڑی پی ایس ایل کے گزشتہ دو سیزنز میں نہ کھیلا ہو اجلاس میں بتایا گیا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 12 کا انعقاد 18 مارچ سے 2 مئی تک ہوگا اور ٹورنامنٹ پاکستان کے پانچ سے چھ شہروں میں کھیلا جائے گا۔ لیگ کی تیاریوں اور کرکٹ سے متعلق امور پر مشاورت کے لیے اگلے ہفتے کرکٹ ورکشاپ بھی منعقد کی جائے گی۔ پی ایس ایل سے قبل نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ کے گولڈ اور سلور مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل پاکستان میں کرکٹ کا سب سے بڑا اسٹیج ہے۔ لیگ کے گیارہویں سیزن کا اختتام ریکارڈ شائقین کی موجودگی میں ہوا، اور اسی جوش و جذبے کو آگے بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس مرتبہ پی ایس ایل کو مزید شہروں تک لے کر جائیں گے تاکہ ملک میں کرکٹ کو فروغ دیا جا سکے۔

15ویں کیلیکن بوائز اینڈ گرلز تھرو بال چیمپئن شپ کی تیاریاں شروع

کراچی (این این آئی) پاکستان تھرو بال فیڈریشن کے زیرِ اہتمام اور پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے تعاون سے 15ویں کیلیکن بوائز اینڈ گرلز تھرو بال چیمپئن شپ 28 اکتوبر سے منی سپورٹس کمپلیکس، ناظم آباد کراچی میں شروع ہو گی۔ پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ چیمپئن شپ میں سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں اور چیمپئن شپ میں شرکت کی خواہش رکھنے والے تعلیمی اداروں کے عہدیدار اپنی، اپنی ٹیم کی رجسٹریشن 25 اکتوبر تک واٹس ایپ نمبر 03013318777 پر کروا سکتے ہیں، چیمپئن شپ 31 اکتوبر تک جاری رہے گی اور چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، میڈلز اور اسناد کے علاوہ دیگر انعامات بھی تقسیم کیے جائیں گے۔



چمن، فٹبال ٹورنامنٹ، کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

میری ڈبل سنچری کی کوئی اہمیت نہیں

انگلش کپتان

جمعرات کو راولپنڈی میں سہ ملکی ون ڈے سیریز کے تیسرے میچ میں سری لنکا نے انگلینڈ کے خلاف 430 رنز کا ہدف 8 وکٹوں کے نقصان پر ایک گیند قبل حاصل کر کے انگلش ٹیم کے جبڑوں سے فتح چھین لی

راولپنڈی (بلوچستان نیوز) سہ ملکی ون ڈے سیریز میں 429 رنز بنانے کے باوجود سری لنکن ٹیم کے ہاتھوں شکست کھانے والی انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے کپتان ہیری بروک نے کہا ہے کہ میری ڈبل سنچری کی کوئی اہمیت نہیں کیونکہ ہم میچ نہیں جیت سکے۔ جمعرات کو راولپنڈی میں سہ ملکی ون ڈے سیریز کے تیسرے میچ میں سری لنکا نے انگلینڈ کے خلاف 430 رنز کا ہدف 8 وکٹوں کے نقصان پر ایک گیند قبل حاصل کر کے انگلش ٹیم کے جبڑوں سے فتح چھین لی۔ انگلینڈ نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 429 رنز بنائے۔ انگلش کپتان ہیری بروک نے دھواں دھار اننگز کھیلی اور ون ڈے کرکٹ کی تیز ترین ڈبل سنچری بنا ڈالی۔ ہیری بروک نے 10 چھکوں اور 21 چوکوں کی مدد سے 114 گیندوں پر ڈبل سنچری بنائی اور 202 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ لیکن جواب میں سری لنکا نے انگلینڈ کے خلاف ایک گیند پہلے 430 رنز کا ہدف حاصل کر کے ون ڈے کرکٹ کی تاریخ کا دوسرا سب سے بڑا رن چیز مکمل کیا۔ سری لنکا کے ہاتھوں شکست کے بعد انگلش ٹیم کے کپتان ہیری بروک نے پریس کانفرنس میں کہا کہ میں ہمیشہ کہتا ہوں کہ میچ وننگ اننگز کھیلنی چاہیے، ڈبل سنچری بنانے کے باوجود میچ نہ جیتنے پر خوشی نہیں۔ ہیری بروک نے کہا کہ میرے لیے ڈبل سنچری کی کوئی اہمیت نہیں کیونکہ ہم میچ نہیں جیت سکے، سری لنکا نے شاندار کرکٹ کھیلی، سری لنکا نے باؤنڈریز بھی لگائیں اور سنگلز بھی لیے۔ انگلش کپتان نے کہا کہ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم کی پچ پر تقریباً 900 رنز بنے، میری نظر میں راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم کی پچ بہترین تھی، پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں انگلینڈ کے جھنڈے بھی نظر آئے۔

مہمان خصوصی حاجی عبدالباری ٹورنامنٹ کمیٹی کیلئے پچاس ہزار روپے دے رہے ہیں

ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کا انوکھا کارنامہ

اسلام آباد (آئی این پی) ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کا انوکھا کارنامہ، سو میٹر ریس کے قومی چیمپئن سمیع اللہ کو ایونٹ میں حصہ لینے سے روک ہوئے، قومی ایتھلیٹ کے اپنے اعزاز کا دفاع نہ کرنے پر آنکھوں میں آنسو نکل آئے۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں شریک کھلاڑی اس وقت حیران رہ گئے جب منتظمین کی جانب سے سو میٹر ریس کے قومی چیمپئن سمیع اللہ کو ٹریک پر ریس میں حصہ لینے سے روک دیا گیا اور انہیں بتایا گیا کہ ایتھلیٹکس فیڈریشن کی ہدایات کے تحت وہ سو میٹر ریس میں حصہ نہیں لے سکتے جبکہ قومی ایتھلیٹ نے فیڈریشن کے اس رویئے پر سخت مایوسی کا اظہار کیا ہے۔

دوسرا ٹیسٹ، جنوبی افریقا نے آسٹریلیا کو شکست دے دی، سیریز 1-1 سے برابر

آسٹریلیا کی جانب سے ٹریوس ہیڈ نے 121 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی، ٹیم کو اننگز کی شکست سے نہ بچا سکے

سینٹ جارجز (این این آئی) جنوبی افریقا نے سینٹ جارجز پارک میں کھیلے گئے دوسرے ٹیسٹ میں شاندار کم بیک کرتے ہوئے آسٹریلیا کو ایک اننگز اور 31 رنز سے شکست دے دی۔ اس کامیابی کے ساتھ میزبان ٹیم نے تین میچوں کی سیریز 1-1 سے برابر کر دی ہے، جس کا فیصلہ کن ٹیسٹ منگل سے کیپ ٹاؤن میں کھیلا جائے گا۔ پہلے روز سے خراب موسم سے متاثرہ میچ کے پانچویں روز صبح کا سیشن بھی بارش سے متاثر ہوا تاہم جنوبی افریقی بولرز نے چائے کے وقفے کے بعد آسٹریلیا کی دوسری اننگز 295 رنز پر سمیٹ دی۔ آسٹریلیا نے دن کا آغاز 156 رنز پر 4 وکٹوں کے نقصان سے کیا تھا۔ مہمان ٹیم کی جانب سے ٹریوس ہیڈ نے 121 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی لیکن ویان مولڈر کی گیند پر بولڈ ہو گئے۔ مولڈر نے دوسری اننگز میں تین وکٹیں حاصل کیں جبکہ کگیسو ربادا نے 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جنوبی افریقا نے پہلی اننگز میں کپتان ٹیمبا باووما کے 179 اور مارکو جینسن کے 85 رنز کی بدولت 425 رنز بنائے تھے۔ اس کے جواب میں آسٹریلوی ٹیم پہلی اننگز میں صرف 99 رنز پر ڈھیر ہو گئی تھی۔ آسٹریلوی کپتان پیٹ کمنز نے شکست تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ ان کی ٹیم گزشتہ ٹیسٹ کے مقابلے میں اپنی بہترین کارکردگی پیش کرنے میں ناکام رہی۔

پاکستان جونیئر ہاکی ٹیم نے بہتر گول اوسط کی بنیاد پر فائنل کیلئے کوالیفائی کر لیا

فائنل کا معرکہ پاکستان اور میزبان ملائیشیا کے درمیان کھیلا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) سلطان آف جوہر کپ 2026 کے سنسنی خیز اور اہم ترین مرحلے میں پاکستان جونیئر ہاکی ٹیم نے بہتر گول اوسط (Goal Difference) کی بنیاد پر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے، فائنل کا معرکہ اب پاکستان اور میزبان ملائیشیا کے درمیان کھیلا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق اپنے آخری پول میچ میں پاکستان اور جاپان کے درمیان زبردست مقابلہ ہوا جو مقررہ وقت تک 2-2 کی برابری پر ختم ہوا۔ جاپان کی پہلے کھیل کے 18ویں منٹ میں جاپان کے یاماڈا اسیا نے فیلڈ گول کر کے اپنی ٹیم کو 1-0 کی برتری دلائی۔ 34ویں منٹ میں پاکستان کے حمزہ فیاض نے پینلٹی کارنر اسٹروک پر شاندار گول کر کے مقابلہ 1-1 سے برابر کر دیا۔ 42ویں منٹ میں جاپان کے ناکائی کازوکی نے فیلڈ گول داغ کر جاپان کو دوبارہ 2-1 سے آگے کر دیا، لیکن صرف ایک منٹ بعد 43ویں منٹ میں پاکستان کے غلام مصطفیٰ نے جواب میں گول کر کے اسکور 2-2 کر دیا۔ میچ برابر رہنے کے بعد پاکستان اور جاپان دونوں کے 4 میچوں میں 7,7 پوائنٹس تھے اور دونوں کا گول فرق (Goal Difference) بھی 8+ رہا تاہم پاکستان نے پورے ٹورنامنٹ میں کل 18 گول اسکور کیے جبکہ جاپان نے 16 گول کیے۔ زیادہ گولز اسکور کرنے کی بنیاد پر پاکستان نے ٹیبل پر دوسری پوزیشن حاصل کی اور فائنل میں جگہ پکی کی۔

چمن، فٹبال ٹورنامنٹ، کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

پاکستان سپر لیگ کی گورننگ کونسل کا ورچوئل اجلاس، مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کی گورننگ کونسل کا ورچوئل اجلاس چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی صدارت میں ہوا جس میں مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پی ایس ایل 2027 سیزن 18 مارچ سے شروع ہوگا، شیڈول کا اعلان پی ایس ایل کرکٹ کمیٹی باہمی مشاورت سے کرے گی۔ تین سے گیارہ اپریل تک پاکستان میں ساؤتھ ایشین گیمز کے دوران پی ایس ایل میچز لاہور اور راولپنڈی میں نہیں رکھے جائیں گے۔ فائنل اور اختتامی تقریب لاہور میں کرائے جانے کا امکان ہے جبکہ پلیئرز ری ٹینشن اور ڈائریکٹ سائننگ پر بھی مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ پلیئرز آکشن 23 جنوری کو کرانے کی تجویز زیرِ غور ہے۔ پی ایس ایل 12 کی آکشن بیرون ملک کرانے کی تجویز پر حتمی فیصلہ نہ ہو سکا۔ نان ری کوری پے منٹ کے لیے ڈیڈ لائن 31 اکتوبر مقرر کر دی گئی ہے۔ ٹیم مالکان سے ادائیگیوں کی تاخیر پر اضافی رقم آئندہ سیزن سے ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، پی ایس ایل فنانشل ماڈل کے حوالے سے بھی مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دریں اثنا اسلام آباد ٹیم کے آنر علی نقوی نے ایکس پر اظہار خیال کرتے ہوئے پی ایس ایل اجلاس کو بہت مثبت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اہم فنانشل اور آپریشنل معاملات سمیت کئی اہم اور مثالی اقدامات کا فیصلہ ہوا ہے۔

ایشان کشن نیوزی لینڈ کیخلاف دوسرے ٹی ٹوئنٹی سے باہر

نئی دہلی (این این آئی) نیوزی لینڈ کے خلاف پانچ میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے دوسرے مقابلے سے قبل بھارت کو بڑا دھچکا لگ گیا، وکٹ کیپر بیٹر ایشان کشن انجری کے باعث میچ سے باہر ہو گئے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کے مطابق ایشان کشن کو پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ کے دوران دائیں ران کے پٹھے میں معمولی نوعیت کی انجری ہوئی تھی جس کے باعث وہ دوسرے میچ میں ٹیم کو دستیاب نہیں ہوں گے۔ بورڈ نے واضح کیا کہ ان کی صحت یابی اور فٹنس کی صورتحال کا مسلسل جائزہ لیا جائے گا۔ ایشان کشن نے سیریز کے پہلے میچ میں شرکت کی تھی جس میں بھارت نے 226 رنز کا ہدف حاصل کر کے مردوں کی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں اپنا سب سے بڑا ہدف کامیابی سے عبور کیا۔ ایشان کشن کی غیر موجودگی میں نوجوان بلے باز سوریا وشی کو موقع ملنے کا امکان ہے۔ دونوں ٹیمیں ہفتے کو کرائسٹ چرچ کے ہیگلے اوول میں دوسرے ٹی ٹوئنٹی میں آمنے سامنے ہوں گی۔

محمد عامر نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں کرکٹرز کی تربیت کیلئے کیے جانیوالے اقدامات کے معترف

لاہور (آئی این پی) سابق ٹیسٹ فاسٹ بولر محمد عامر نے پاکستان کرکٹ بورڈ کی دعوت پر نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور کا دورہ کیا۔ محمد عامر نے نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں جدید سہولتوں، ترقیاتی منصوبوں اور نوجوان کرکٹرز کی تربیت کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کرکٹ میں بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا کریڈٹ چیئرمین پی سی بی کو جاتا ہے، نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں جدید سہولتیں اور ترقیاتی کام دیکھ کر خوشی ہوئی ان منصوبوں میں تسلسل برقرار رہا تو پاکستان کرکٹ میں مزید بہتری آئے گی۔ سابق فاسٹ بولر نے کہا کہ نوجوان کرکٹرز خوش قسمت ہیں کہ انہیں جدید سہولتیں اور بہترین ماحول میسر ہے، نئی بولنگ مشین بلے بازوں کی تکنیک بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوگی، پاکستان میں ری ہیب کی جدید سہولتوں کی فراہمی بھی کرکٹرز کے لیے فائدہ مند ہو گی۔ انہوں نے نوجوان کھلاڑیوں کی ڈائیٹ، ٹریننگ اور ری ہیب کی باقاعدہ نگرانی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان کرکٹرز پر سرمایہ کاری پاکستان کرکٹ کے مستقبل کے لیے ضروری ہے۔

باکو میں پہلے فیفا انڈر 15-ورلڈ کپ وفیسٹیول کا کل سے آغاز

باکو (این این آئی) آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں افتتاحی فیفا انڈر 15-ورلڈ کپ اینڈ فیسٹیول کا باقاعدہ آغاز (آج) 24 اکتوبر سے ہوگا۔ اس ایونٹ میں شریک 189 رکن ممالک میں سے پاکستان سمیت 78 ایسوسی ایشنز ایسی ہیں جو مردوں یا خواتین کی کسی بھی عمر کی سطح پر پہلی بار فیفا ورلڈ کپ کے سٹیج پر قدم رکھ رہی ہیں۔ چھ روزہ اس فیسٹیول نما ٹورنامنٹ میں افغانستان سے لے کر زمبابوے تک کے نوآموز ممالک شامل ہیں، جن میں پاکستان، بنگلہ دیش، نیپال، سری لنکا اور فلسطین بھی نمایاں ہیں۔ نوجوان کھلاڑیوں کی اکثریت زندگی میں پہلی بار بیرونِ ملک سفر کر رہی ہے اور پہلی مرتبہ اپنے قومی رنگوں کی نمائندگی کرے گی۔ فیفا یوتھ ٹورنامنٹس کے سربراہ روبرٹو گراسی نے افتتاحی ایڈیشن کو ایک انقلابی منصوبہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ فیفا کا بنیادی نظریہ ہر باصلاحیت کھلاڑی کو موقع فراہم کرنا ہے، اور نوجوان کھلاڑی کھیل کی اصل بنیاد ہیں۔ انہوں نے آذربائیجان فٹ بال فیڈریشن کے تعاون اور حکومتی انتظامات کی تعریف کی۔ نوجوان کھلاڑیوں کی ضروریات اور نشوونما کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹورنامنٹ کا فارمیٹ روایتی مقابلوں سے مختلف رکھا گیا ہے۔ ایونٹ میں کوئی ناک آؤٹ مرحلہ نہیں ہوگا اور تمام ٹیمیں آخری دن تک کھیلتی رہیں گی۔ مقابلے چھوٹے میدانوں پر 8 کھلاڑیوں پر مشتمل (8-a-side) ہوں گے، جن میں 20، 20 منٹ کے دو ہاف اور رولنگ سبسٹیٹیوشن شامل ہے۔ ابتدائی تین روزہ کوالیفکیشن مرحلے کے بعد ٹیموں کو چھ درجات میں تقسیم کیا جائے گا، جہاں ٹائر-اے کی فاتح ٹیم فیسٹیول کی چیمپئن بنے گی۔ تمام شریک ٹیموں کو باکو کے ایتھلیٹس ولیج میں ٹھہرایا گیا ہے۔ میچز زیادہ تر ہوسن کمپیٹیشن کمپلیکس میں کھیلے جائیں گے، جبکہ باکو کرسٹل ہال افتتاحی تقریب اور فائنلز کی میزبانی کرے گا۔ کھیل کے علاوہ نوجوان کھلاڑیوں کے لیے تعلیمی سیشنز اور فیفا لیجنڈز سے ملاقاتوں کا بھی خصوصی اہتمام کیا گیا ہے۔ فیفا کے مطابق، لڑکیوں کے لیے انڈر 15-فیسٹیول کا پہلا ایڈیشن 2027 میں منعقد کیا جائے گا، جبکہ 2028 سے تمام 211 رکن ممالک کے لیے لڑکوں اور لڑکیوں کے سالانہ ٹورنامنٹس کا باقاعدہ سلسلہ شروع ہو جائے گا۔

NOTICE INVITING TENDER

sealed gallop tender on form 'B'-I & B-II as per schedule 'A&B' are invited from the approved Government Contractor/Firm of Public Health Engineering Department Balochistan who are enlisted / renewal their name for the current financial year 2026-27 for the following works

S.No	Name of Work	Qty	Estimated Cost	E/Money in shape of CDR	TSE NOS
1	CONSTRUCTION OF WATER SUPPLY SCHEME FOR KILLI **DARWAZAI GHAREEB ABAD UC KANAK** DISTRICT MASTUNG. PSDP NO. 4310 PROJECT ID NUMBER Z2026.1401 YEAR 2026-27				
I	D/D of Bore up to 1000 feet depth	1 Job	5,755,661	2%	TSE 2627101212553
II	Supply & Installation of Solar System 30 HP	1 Set	4,848,019	2%	TSE 2627101212563
III	Supply of HDPE Pipe 90mm	4500 Rft	1,308,510	2%	TSE 2627101212583
IV	**CIVIL WORK** (Construction of Pump House size 8X10, Boundary Wall size 100x100 & Laying, jointing of Pipe Line	1 Job	4,929,014	2%	TSE 2627101212613
2	CONSTRUCTION OF WATER SUPPLY SCHEME FOR KILLI **RASOOL ABAD WARSI UC BASHAM** DISTRICT MASTUNG. PSDP NO. 4311 PROJECT ID Z2026.1402 YEAR 2026-27				
I	D/D of Bore up to 1000 feet depth	1 Job	5,216,802	2%	TSE 2627101212653
II	Supply & Installation of Solar System 30 HP	1 Set	4,848,019	2%	TSE 2627101212663
III	Supply of HDPE Pipe 90mm	7600 Rft	2,209,928	2%	TSE 2627101212683
IV	**CIVIL WORK** (Construction of Pump House size 10x12, & Laying, jointing of Pipe Line	1 Job	2,575,439	2%	TSE 2627101212693
3	CONSTRUCTION OF WATER SUPPLY SCHEME FOR KILLI **SHAIKH HUSSANI NOUZA KANAK** DISTRICT MASTUNG. PSDP NO. 4312 PROJECT ID Z2026.1404 PSDP YEAR 2026-27				
I	D/D of Bore up to 1000 feet depth	1 Job	5,755,661	2%	TSE 2627101212753
II	Supply & Installation of Solar System 30 HP	1 Set	4,848,019	2%	TSE 2627101212773
III	Supply of HDPE Pipe 90mm	4400 Rft	1,279,432	2%	TSE 2627101212803
IV	**CIVIL WORK** (Construction of Pump House size 8X10, Boundary Wall size 70x70 & Laying, jointing of Pipe Line	1 Job	3,972,226	2%	TSE 2627101212833
4	CONSTRUCTION OF WATER SUPPLY SCHEME FOR KILLI **DRINJIN KIRDGAB** DISTRICT MASTUNG.PSDP NO. 4313 PROJECT ID Z2026.1405 YEAR 2026-27				
I	D/D of Bore up to 1000 feet depth	1 Job	5,216,802	2%	TSE 2627101212843
II	Supply & Installation of Solar System 30 HP	1 Set	4,848,019	2%	TSE 2627101212853
III	Supply of HDPE Pipe 90mm	7600 Rft	2,209,928	2%	TSE 2627101212913
IV	**CIVIL WORK** (Construction of Pump House size 10x12, & Laying, jointing of Pipe Line	1 Job	2,575,439	2%	TSE 2627101212923
5	UPGRADATION OF WATER SUPPLY SCHEME FOR KILLI **BABRI** DISTRICT MASTUNG. PSDP NO. 4314 PROJECT ID Z2026.1406 YEAR 2026-27 (Umbrella)				
I	Supply & Installation of Solar System 40 HP	1 Set	5,766,259	2%	TSE 2627101212933
6	UPGRADATION OF WATER SUPPLY SCHEME FOR KILLI **DRINGER** DISTRICT MASTUNG. PSDP NO. 4314 PROJECT ID Z2026.1406 YEAR 2026-27 (Umbrella)				
I	Supply & Installation of Solar System 40 HP	1 Set	5,766,259	2%	TSE 2627101212943
7	CONSTRUCTION OF WATER SUPPLY SCHEME FOR KILLI **FOURT RAISANI MUJAHID ABDULLAH** DISTRICT MASTUNG. PSDP NO. 4316 PROJECT ID Z2026.1412 PSDP YEAR 2026-27				
I	D/D of Bore up to 1000 feet depth	1 Job	5,216,802	2%	TSE 2627101213723
II	Supply & Installation of Solar System 30 HP	1 Set	4,848,019	2%	TSE 2627101213733
III	Supply of HDPE Pipe 90mm	3500 Rft	1,017,730	2%	TSE 2627101213743
IV	**CIVIL WORK** (Construction of Pump House size 8X10, Laying, jointing of Pipe Line	1 Job	1,401,550	2%	TSE 2627101213763
8	CONSTRUCTION OF WATER SUPPLY SCHEME FOR KILLI **FAHEEM AZIZ SARANGZAI** DISTRICT MASTUNG. PSDP NO.4538 Z2026.3840 YEAR 2026-27				
I	D/D of Bore up to 1050 feet depth	1 Job	6,072,344	2%	TSE 2627101213773
II	Supply & Installation of Solar System 30 HP	1 Set	4,848,019	2%	TSE 2627101213783
III	Supply of HDPE Pipe 110mm	7000 Rft	3,021,200	2%	TSE 2627101214183
IV	**CIVIL WORK** (Construction of Pump House size 10x12, Boundary Wall size 100x100 & Laying, jointing of Pipe Line	1 Job	5,901,282	2%	TSE 2627101214223

1. THE OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER 1.The office of the Executive Engineer PHE District Mastung invites technical proposal of Contractors/firms along with sealed financial proposals (Single Stage-One Envelope) for above mentioned works .All interested bidders are required to submit documents as per following briefs in support of their technical/Financial proposal:
The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory, Rules 2014.and Pakistan Engineering Council By-Laws
2. BASIC ELIGIBILITY: The Contractor must have valid registration i.e 2026-27 with Pakistan Engineering Council in required Category in relevant discipline/specialty code and fresh registration with tax authorities i.e (NTN,sales tax Department and BRA) as well as with BPPRA where applicable. The bidder must complete similar nature assignment mention in the biding documents.
3. METHOD OF PROCUREMENT: (Single Stage –One Envelop) bidding Procedure will adopted.
4. BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Issuance: BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Issuance: The bidders can obtain the bidding document from the address mention above on production of green Challan form for an amount of 650/-, 1500 /- and 3500/- (Non-refundable) for each work shown against each deposited in the head of account C-02725-2 Civil works through Govt: Treasury/National Bank of Pakistan Mastung or can be download from the website of BPPRA (www.bppra.gob.pk) ,during working hour, from the date of publication of this invitation in newspapers till one day prior to the last date of submission. The contractors/Firms who obtain bidding documents by downloading them from BPPRA website will also be required to procedure deposited green Challan from of above mentioned Fee. The bids must accompanied bid security "Technical Bid" for each work in the form of call deposit are bank guarantee of amount specified above in the office name of the under signed from a scheduled bank. No any Bank Drafts & Banker Check will be acceptable
5. Deadline of submission: Technical and financial proposals from intending contractors/firms sealed in one separate envelope clearly marked with Work title & type of proposal must be delivered by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before **Dated 10th November 2026 at 12:00 PM** 6. Opening: The envelope containing "Technical Bids" will be opened on the same day Dated **10th November 2026 at 01:00 PM** before procurement committee in the presence of bidders or their authorized representatives who choose to attend with authority letter.
7. Bids Validity: NINTY DAYS (90) days 8. Place: The place of issuance, submission, inquiries and opening will be - The office of the Executive Engineer PHE District Mastung. Emil; headclerk10071967@gmail.com,
CONDITIONS All the terms and conditions can be seen/obtain in the Office of the undersigned in any office hours

Executive Engineer,
Public Health Engineering
Division, Mastung

DPRQ/PRQ No.2020/23-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

پولیو کا عالمی دن: اس موذی مرض سے بچانے کا واحد حل پولیو ویکسین

تحریر: مرزا محمد عباس

دنیا بھرسمیت پاکستان میں 24 اکتوبر کو پولیو کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔پولیو یہ ایک وائرس سے پھیلنے والی نہایت متعدی بیماری ہے جو عام طور پر پانچ سال سے کم عمر بچوں پر حملہ کرتی ہے۔یہ ایک موذی بیماری ہے، گلے اور انتڑیوں میں رہتا ہے، آلودہ پانی اور خوراک کے ذریعے پھیلتا ہے، اس کا وائرس ایک سے دوسرے شخص کو فضلہ میں یا منہ کے راستے منتقل ہوتا ہے، انسانی جسم میں پولیو وائرس انتڑیوں میں ڈیرہ ڈال کر اعصابی نظام کو متاثر کرتی ہے۔ پولیو کی شروعات محسوس کرنے کے لئے بخار، تھکاوٹ، سردرد، قے آنا گردن میں سختی اور جسمانی درد شامل ہیں۔پولیو کا کوئی علاج نہیں اوراس کے نتیجے میں متاثرہ فرد کو زندگی بھر کی معذوری کا سامنا ہوسکتا ہے،اس سے عمر بھر کی معذوری اور بعض اوقات اموات بھی واقع ہوتی ہیں۔یہ عمر کے کسی بھی مرحلے میں حملہ کرسکتا ہے لیکن یہ عام طور پر 5 سال سے کم عمر کے بچوں کو زیادہ متاثر کرتا ہے۔ پولیو لاعلاج ہے اوراس سے بچاو کا واحد طریقہ پولیو ویکسین ہے۔عالمی سطح پر پولیو کے خاتمے کے لیے کوششوں کا آغاز 1988 میں اس وقت کیا گیا جب روزانہ 1000 بچے دنیا میں پولیو کا شکار ہونے لگے۔انسداد پولیو مہم کی قیادت عالمی ادارہ صحت، یونیسف، روٹری انٹرنیشنل اور دیگر پارٹنرز نے کی۔امداد فراہم کرنے والے اداروں اوردنیا بھر میں مختلف ممالک نے بڑے پیمانے پر ویکسینیشن کے ذریعے پولیو کے خاتمے کا تہیہ کیا ہوا ہے۔پاکستان میں جہاں سالانہ 20000 پولیو کیسز رپورٹ ہونے کے بعد 1994 میں پولیو ویکسینیشن مہم کا آغاز ہوا۔پولیو کی منتقلی روکنے کے لیے پاکستان میں ہر مہم کے دوران 95 فیصد بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانا ضروری ہیں۔انتظامی لحاظ سے اتنی کوریج ایک بڑا چیلنج ہے۔ دوسرے لفظوں میں باقی ماندہ 5 فیصد یعنی 20 لاکھ غیر محفوظ بچوں تک مختصر وقت میں دوسری مہم کے دوران پہنچنا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ جہاں پولیو وائرس کی موجودگی کا علم ہوجائے، اس ضلع میں پولیو کے پھیلاو کو روکنے کے لیے اضافی پولیو مہم چلائی جاتی ہیں۔کسی بھی بچے کو پولیو ویکسین کی ایک خوراک کا ناغہ نہیں کرنا چاہیے۔ہر اضافی خوراک پولیو سے اضافی تحفظ فراہم کرتی ہے۔صوبے میں اپریل 2021 سے اب تک پولیو وائرس کی موجودگی کا تعین کرنے کے لیے ماحول سے لیے جانے والے نمونہ جات یعنی environmental samples بھی منفی نکلے ہیں۔مگر 1950 میں ویکسین تیار ہونے کے بعد پولیو کی روک تھام آسان ہوگئی اور دنیا بھر میں یہ مرض لگ بھگ ختم ہو چکا ہے۔بلوچستان میں بھی ایک سال سے زیادہ ہو گیا ہے پولیو کا کوئی کیس نہیں ہوا ہے۔دنیا کے کئی ممالک نے پولیو جیسے موذی مرض کو بھرپور محنت اور کوششوں کے ساتھ ختم کیا ہے،مگر پاکستان اور پڑوسی ملک افغانستان میں پولیو کے وائرس موجود ہیں، جب ہم ملکی سطح میں صوبوں کی بات کریں گے تو بلوچستان اس حوالے سے بہتری کی جانب رواں دواں ہے، بچوں کو پولیو سمیت دیگر امراض سے محفوظ رکھنے کے لیے جاری عمودی پروگراموں کے لیے خاطر خواہ فنڈز مختص کیے گئے ہیں۔معمول کے حفاظتی ٹیکہ جاتی نظام کو بھی مضبوط بنیادوں پر استوار کیا جا رہا ہے، تاہم مزید برآں پاکستان اور خصوصا بلوچستان میں اس بیماری سے بچا؟ اور علاج سے متعلق آگاہی مہم مزید تیز کرنے کی ضرورت ہے، اس حوالے سے روٹری کلب اس آگاہی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی ہے۔ جس میں واک ، سیمینارز، کمیونٹی پروگرام، اسکولوں کے بچوں میں آگاہی مہم سمیت تمام مکتبہ فکر کے افراد کے ساتھ مل کر روٹری پولیو مہم اپنا بھرپور کردار ادا کرتی ہے۔ بلوچستان سے پولیو کے خاتمے کے لیے پوری تندہی سے کوششیں جاری ہیں، پولیو کے خاتمے کے لیے طے شدہ قومی منصوبے پر عمل کیا جا رہا ہے، صوبے میں انسداد پولیو مہم کا دائرہ کامیابی سے پھیلایا جارہا ہے، قریہ قریہ بستی بستی پولیو مہم کا سلسلہ جاری ہے۔یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ پولیو مہم کے دوران حکومت، سول سوسائٹی، کمیونٹی، پولیو ورکرز، علمائے کرام اور میڈیا اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔تمام مکاتب فکر کے یکجا ہونے کی وجہ سے کسی حد تک اس بیماری پر قابو پانے میں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔حکومتی سطح پر بھی پولیو پر قابو پانا اولین ترجیح ہے، بلوچستان کے نامسائد حالات کے باوجود پولیو ورکرز کی دلیرانہ خدمات باعث فخر ہیں، پولیو کے خلاف نبرد آزما ہونا ہمارا مشترکہ مسئلہ ہے، اس لئے پولیو حکومت کا ہی نہیں، پوری قوم کا معاملہ ہے، اس حوالے سے ہر فرد کو آگے بڑھ کر اس کار خیر میں ہاتھ بٹانا چاہیے۔پولیو ویکسین کے بارے میں پائی جانے والی غلط فہمیاں ملک کے اندر عدم تحفظ اس بیماری کے خاتمے میں ناکامی کی وجوہات ہیں۔ اپنے پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کران کا مستقبل محفوظ بنائیں۔پولیو کے قطرے کسی بھی لحاظ سے نقصان دہ نہیں اور نہ ہی مذہبی لحاظ سے اس میں کوئی ممانعت ہے۔پاکستان میں شہری علاقوں میں وارڈ کی سطح پر ٹیمیں تشکیل دے دی جاتی ہیں جو گھر گھر جا کر پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلاتی ہیں۔ مین شاہراہوں، چوراہوں، اور سندھ بلوچستان، پنجاب بلوچستان بارڈر پر بھی جگہ جگہ پولیو کے قطرے پلانے والی ٹیمیں موجود رہتی ہیں جو کہ بلوچستان میں داخل ہونے والے بچوں کو پولیو کے قطرے پلاتی ہیں۔صوبہ بلوچستان کو بین الاقوامی دو سرحدیں لگتی ہیں، جن میں ایران اور افغانستان، تاہم پولیو ٹیمیں باڈر پر کھڑی ہو کر آنے اور جانے والے پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔بلوچستان میں پولیو مہم کے دوران پولیو کی ٹیموں نے اپنی جانوں کی قربانیاں تک دی ہیں۔صوبائی دارلحکومت کوئٹہ میں کئی قیمتی جانیں پولیو مہم کے دوران نشانہ بنیں، تاہم پھر بھی پولیو ورکرز نے اپنی جانوں پر کھیل کر اپنے فرائض سرانجام دینے میں مصروف عمل ہیں۔اسی دن کی مناسبت سے میں شہید پولیو ورکرز خراج تحسین کے لائق ہیں۔یہ امر حقیقی ہے کہ پاکستان میں اب پولیو کے کیسز میں کمی آگئی ہے۔ تاہم وائرس کے مکمل طور پر خاتمے کے حوالے سے کہنا قبل از وقت ہوگا۔ ملک سے پولیو کا مکمل خاتمہ تاحال ممکن نہیں ہو پایا ہے۔لیکن پولیو کا خاتمہ ناممکن نہیں البتہ مشکل ضرور ہے، جس کیلئے ہم سب کو مل کر اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔باقی دنیا میں پولیو وائرس کے خاتمے کے باوجود پاکستان اور افغانستان صرف دو ایسے ممالک ہیں، جہاں یہ وائرس بچوں کی صحت اور تندرستی کے لئے تاحال خطرہ بنا ہوا ہے۔پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں ماضی کی نسبت آج ہم اگر دیکھتے ہیں تو بہت بڑا فرق واضح نظر آتا ہے جس میں کہا جاسکتا ہے کہ ہزاروں کیس میں زیادہ ترکمی واقع ہوگئی ہے۔پاکستان میں سرکاری سطح پر پولیو کے خاتمے کی کوششوں کے تحت ملک بھر میں پانچ سال اوراس سے کم عمر کے بچوں کو پولیو ویکسین کے دو قطرے پلائے جاتے ہیں۔بعض ماہرین کا خیال ہے کہ پولیو ویکسین کے بارے میں عوام الناس میں پائی جانے والی غلط فہمیاں ملک کے اندر عدم تحفظ اور صحت کا ناقص نظام پولیو کے خاتمے کی مہم اور بیماری کے خاتمے میں ناکامی کی وجوہات ہیں۔پولیووائرس کے خاتمے کیلئے مستقل مزاجی کے ساتھ جدوجہد کی ضرورت ہے۔پولیو ایک موذی مرض ہے جو بنیادی طور پر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو متاثر کرتا ہے۔یہ اعصابی نظام پر حملہ کرتا ہے اور فالج یا یہاں تک کہ موت کا سبب بن سکتا ہے۔ بچوں کو اس اپاہج بیماری سے بچانے کے لئے ویکسینیشن ایک موثر طریقہ ہے۔ہر بار جب پانچ سال سے کم عمر کے بچے کو پولیو سے بچاو کے قطرے پلائے جاتے ہیں تو ان کے وائرس سے تحفظ میں اضافہ ہوتا ہے۔تمام مکتبہ فکر کے لوگ پولیو کو ختم کرنے کے لئے اپنا اپنا کردار ادا کریں، اس بیماری سے بچے مستقل طور پر معذور ہوتے ہیں اور بچوں سے ہمارا مستقبل وابستہ ہے۔اس حوالے سے والدین کی بھی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ہر مہم میں اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے قطرے لازمی پلوائیں تاکہ اس مرض سے چھٹکارا پاسکیں اور ساتھ میں بچوں کو گندی جگہوں میں کھیلنے نہ دیں۔پولیو ایک مہلک مرض ہے، جس کے تدارک کے لئے تمام طبقات کی شمولیت کو یقینی بنانا انتہائی ناگزیر ہے، پولیو مرض سے نجات اس وقت ممکن ہے، جب پورا معاشرہ مل کر جنگی بنیادوں پر کام کرے۔دنیا میں بھر میں پولیو جیسے موذی مرض کے خاتمے کے لئے انتہائی قریب پہنچا جا چکا ہے۔تاہم عالمی تحفظات کو دور کرنے کے لیے موثرحکمت عملی اپنا کراس موذی مرض سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے چھٹکارا حاصل کیا جاسکتا ہے۔اس دن کو منانے کا حقیقی مقصد بھی یہی ہے کہ ہم اپنے معاشرے سے اس موذی مرض کا خاتمہ کریں، بچوں کے محفوظ مستقبل سے ہی ہم ایک بہترین معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 36

آگاہی دی جائے کہ آن لائن پیسے مانگنے والوں کو ہرگز رقم ٹرانسفر نہ کریں، کوئی بیمار بن کر، مصیبت میں مبتلا ہوکر پیسے مانگے تو نہ دیں، ماں بہنوں سے گزارش ہے کہ اپنی تصاویر کسی سے ہرگز شیئر نہ کریں خواتین کی ویڈیوز اور تصاویر کو فیک بنا کر ملزمان انہیں بلیک میل کرتے ہیں، بلیک میلنگ کے معاملات میں بچیوں کے خودکشیاں کرلیں، سائبر کرائم کے پاس بچیوں کو ہراسانی کرنے کے سب سے زیادہ کیس آتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کال سینٹرز سے دس بارہ دنوں میں 600لوگ پکڑے ہیں صرف لاہور میں، اسلام آباد اور دیگر شہروں کی کارروائیاں الگ ہیں، ہم نے دوتین برس میں خود کو تیار نہ کیا تو بڑا مسئلہ ہوگا، سائبر کرائم بڑھتے جارہے ہیں اب تو ساری پولیسنگ ہی اس طرف جارہی ہے، سپرا کو ایکٹیویٹ کررہے ہیں، ہماری کوشش ہے کہ سائلین کے مسائل حل کرنے کے لیے نفری پوری کی جائے کیوں کہ اس وقت پنجاب بھر میں این سی سی آئی اے کے پاس 61افراد ہیں، سائبر پولیس کو مزید متحرک کرنے جارہے ہیں۔ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ کے پی میں بہت سارے لوگوں نے کوشش کی کہ حکومت کے خلاف بلوہ ہو اور عوام کھڑی ہوجائے ان میں سے کئی لوگوں کے خلاف ایف آئی آر درج ہوئی ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 37

ہوئے مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ ماضی میں جن لوگوں کے لیے جے یو آئی نے احسانات کیے، وہ آج احسان فراموشی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔ان کے بقول وزیراعظم ماضی میں جے یو آئی کی وجہ سے عبوری وزیراعظم بنے اور مشکلات سے نکلے تھے۔انہوں نے کہا کہ ایک موقع پر احتساب عدالت میں مریم نواز کی پیشی کے دوران انہوں نے لاہور اور گردونواح سے جے یو آئی کے کارکنوں کو جمع کیا تھا۔ان کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ)ن (کی قیادت یا کارکنوں کی جانب سے موجودہ طرزِعمل اختیار کیا جارہا ہے یا اس کے پیچھے کوئی اور معاملہ ہے، یہ واضح ہونا چاہیے۔مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ اگر فوج کی زمین پر قبضہ کیا گیا ہے تو اس حوالے سے شواہد سامنے لائے جائیں۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ گزشتہ 30برس سے توہین اور پروپیگنڈے کا سلسلہ جاری ہے اور ادارے بعض لوگوں کے نوکر اور غلام بنے ہوئے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ اس قسم کی حرکتوں سے نہ جے یو آئی اپنا بیانیہ ترک کرے گی اور نہ مرعوب ہوگی۔انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کی شوریٰ نے مولانا فضل الرحمن کی مکمل توثیق کی ہے اور چھوٹے سیاسی رہنماؤں کے بیانات سے ان کی سیاسی حیثیت کم نہیں ہوگی۔ان کے بقول مولانا فضل الرحمن کی شخصیت سیاسی طور پر نمایاں ہورہی ہے۔مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ ماضی میں مسلم لیگ ن کے سربراہ کی وجہ سے جنرل پرویز مشرف کے ساتھ تلخ کلامی ہوئی تھی۔انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کو بتایا گیا تھا کہ اس کی تحریک سے نواز شریف کو تقویت مل رہی ہے، تاہم اتحادی ہونے کے ناطے ان کی جماعت نے ہر فیصلے پر عمل کیا۔انہوں نے کہا کہ اگر نواز شریف خاموش رہے اور حالات پر اپنا مؤقف پیش نہ کیا تو مستقبل میں انہیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ جے یو آئی کی تحریک کے دباؤ کے نتیجے میں عمران خان کو اقتدار سے ہٹنا پڑا، لیکن اس جدوجہد کا فائدہ مسلم لیگ)ن (اور پیپلز پارٹی نے اٹھایا۔جے یو آئی نے متعدد معاملات میں قومی مفاد کو مدنظر رکھا، جبکہ اب وزیراعظم بے اختیار ہوچکے ہیں اور طاقت کے سامنے بے بس دکھائی دیتے ہیں۔مولانا عبدالغفور حیدری نے گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو مسترد کرتے ہوئے حکومت کے اقدامات کو غیر آئینی قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ معدنی وسائل پر قبضہ کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کی شوریٰ نے یہ رائے قائم کی ہے کہ تحریک انصاف اور جے یو آئی پارلیمنٹ میں مشترکہ نکات پر ایک دوسرے کا ساتھ دے سکتی ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 38

میں ڈھائی کروڑ لوگوں کی سواری موٹر سائیکل ہے، پیٹرول کی قیمت کم ہوجائے گی تو عوام کا جینا بھی آسان ہو جائے گا۔امیر جماعتِ اسلامی نے کہا کہ پاکستان زرعی ملک ہے مگر یہاں گندم کو تباہ کردیا گیا، یہ بحران پیدا کرکے گندم درآمد کرتے ہیں اور کماتے ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 39

22.44فیصد کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ مرغی کا گوشت 12.20فیصد مہنگا ہوا۔رپورٹ کے مطابق پیاز کی قیمت میں 4.19فیصد، شرٹنگ کپڑے میں 1.86فیصد اور سادہ ڈبل روٹی میں 1.66فیصد اضافہ ہوا، آٹے کی قیمت بھی ہفتہ وار بنیادوں پر ایک فیصد بڑھ گئی۔اس کے علاوہ لہسن، جلانے کی لکڑی اور گھی کی قیمتوں میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران ٹماٹر کی قیمت میں 21.99فیصد کمی ہوئی، جبکہ پٹرول 3.63فیصد اور ڈیزل 1.68فیصد سستا ہوا، جبکہ کیلے کی قیمت میں 2.42فیصد، آلو میں 1.38فیصد اور دال چنا میں 0.93فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔انڈوں اور پاؤڈر دودھ کی قیمتوں میں بھی کمی ہوئی۔اسی طرح سالانہ بنیادوں پر ایل پی جی کی قیمت میں 107.12فیصد اضافہ ہوا، جبکہ پیاز 72.81فیصد اور بجلی کے نرخ 58.59فیصد بڑھ گئے۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایک سال کے دوران پٹرول کی قیمت میں 44.17فیصد اور ڈیزل میں 41.56فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، مرغی کا گوشت 38.99فیصد اور آٹا 36.49فیصد مہنگا ہوا، مٹن کی قیمت میں 14.66فیصد، بیف میں 12.10فیصد، سادہ ڈبل روٹی میں 10.82فیصد اور تیار چائے کی قیمت میں 8.36فیصد اضافہ ہوا۔ادارہ شماریات کے مطابق سالانہ بنیادوں پر ٹماٹر کی قیمت میں 71.72فیصد، آلو میں 40.75فیصد اور چینی میں 25فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، جبکہ انڈوں کی قیمت بھی گزشتہ ایک سال کے دوران 22.14فیصد کم ہوئی۔ہفتہ وار رپورٹ کے اعداد و شمار کے مطابق بعض اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود ایل پی جی، مرغی کے گوشت، آٹے اور توانائی کی قیمتوں میں اضافے نے مہنگائی کی مجموعی شرح کو مزید بڑھا دیا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 40

انویسٹی گیشن ایجنسی نے چائلڈ پورنوگرافی، آن لائن مالیاتی فراڈ اور سائبر ہراسمنٹ میں ملوث عناصر کے خلاف ملک گیر کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ایک بین الاقوامی گینگ کو بے نقاب کیا ہے۔ملزمان بچوں کی ویڈیو بین الاقوامی سطح پر فروخت کرتے تھے۔شعیب خان نے بتایا کہ ایجنسی نے ایک بچے کے موبائل سے ملنے والی 60کے قریب ویڈیوز کی تفتیش پر چائلڈ پورنوگرافی کے گینگ کے چار ملزمان کو گرفتار کیا، ملزمان انسٹاگرام اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر 6سے 14سال کے بچوں سے دوستی اور پیسے کا لالچ دے کر نازیبا ویڈیوز بناتے اور انہیں واٹس ایپ گروپس اور بین الاقوامی سطح پر فروخت کرتے تھے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 41

کے نافذ کرنے کی باضابطہ ہدایات جاری کردی۔انہوں نے واضح کیا کہ بجلی چوری کی روک تھام بلا شبہ قومی ترجیح ہے لیکن بے گناہ شہریوں پر من مانا بوجھ ڈالنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جاسکتی۔اس فریم ورک کے تحت فیلڈ عملے کے صوابدیدی اختیارات کو مکمل طور پر ضابطے کا پابند بنایا جارہا ہے تاکہ عوام کو تحفظ ملے اور ساتھ ہی ساتھ بجلی چوری کے خلاف ایمانداری سے فرائض انجام دینے والے افسران کے راستے میں بھی کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔وفاقی وزیر کی ہدایات کی روشنی میں پاور ڈویژن تمام ڈسکوز کو پابند کررہی ہے کہ اب ڈیٹیکشن بلنگ صرف اور صرف پی آئی ٹی سی کے مرکزی آن لائن پورٹل کے ذریعے ہی عمل میں لائی جائے گی۔فیلڈ عملے یا ایس ڈی اوز کی جانب سے دستی اور من مانے ڈیٹیکشن بل جاری کرنے پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔مینوئل طریقے سے بل ڈالنے کے عمل کو باضابطہ طور پر سنگین مس کنڈکٹ تصور کیا جائے گا جس پر متعلقہ افسران و اہلکاروں کے خلاف سخت انضباطی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے بڑی سزائیں دی جائیں گی۔اس فریم ورک کے تحت کنزیومر سروس مینوئل میں بھی جامع ترامیم کی تجاویز آئندہ کچھ دنوں میں پیش کی جائیں گی تاکہ ہر اقدام کو مخصوص اور واضح مدت کا پابند بنایا جاسکے۔نئے فریم ورک کے تحت خراب یا جلے ہوئے میٹرز کو فوری طور پر یا زیادہ سے زیادہ دو بلنگ سائیکلز کے اندر تبدیل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے جبکہ اس دوران اوسط بلنگ کا بوجھ بھی صرف دو ماہ تک ہی محدود رہے گا۔میٹر کی رفتار سست یا تیز ثابت ہونے کی صورت میں ریکوری یا کریڈٹ ایڈجسٹمنٹ کو سختی کے ساتھ پچھلے دو بلنگ سائیکلز تک محدود رکھا جاسکے گا۔اسی طرح ڈیٹیکشن بلنگ کے دورانیے کو بھی واضح ضابطے میں لاتے ہوئے غیر قانونی استعمال پر عام صارفین کے لیے ڈیٹیکشن بل کا دورانیہ تین بلنگ سائیکلز مقرر کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔رجسٹرڈ صارفین کے لیے ڈیٹیکشن کی زیادہ سے زیادہ حد 6ماہ جبکہ غیر رجسٹرڈ صارفین کے لیے 12ماہ تک محدود کی جائے گی۔اصلاحاتی نظام کے تحت ڈسکوز کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور ان کی کسٹمر سروسز کمیٹیوں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ ہر ماہ ڈیٹیکشن بلوں کی درستگی، شفافیت اور جائز ریکوری کا خود باقاعدگی سے تفصیلی جائزہ لیں گی۔وفاقی وزیر سردار اویس احمد خان لغاری نے عزم کا اعادہ کیا ہے کہ حکومت کا مقصد بجلی کے شعبے کو صارف دوست بنانا اور ہر سطح پر مکمل جوابدہی کو یقینی بنانا ہے۔صارفین کے حقوق کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور کسی کو بھی قانون اور قواعد وضوابط سے بالاتر ہو کر عوام کا معاشی استحصال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔واضح رہے کہ ڈیٹیکشن بل (Detection Bill) اضافی چارج یا یونٹس پر مشتمل وہ بل ہے جو بجلی تقسیم کار کمپنیاں صارف کو اس وقت بھیجتی ہیں جب میٹر میں گڑبڑ، بجلی چوری، میٹر کے سست چلنے، یا قانون کی خلاف ورزی کا معاملہ ہوتا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 42

قیمت کی منظوری دے چکی ہے، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک بھی اس معاملے پر کئی اجلاس کرچکے ہیں۔ڈریپ حکام کے مطابق ایبٹ اور ہوئسٹ قیمتوں میں نظرثانی کی وفاقی کابینہ سے منظوری کے انتظار میں انفلوئنزا ویکسین درآمد نہیں کرسکیں۔وزارت صحت کے مطابق چینی ساختہ انفلوئنزا ویکسین کے دو برانڈز این فلو اور ویریونزا مارکیٹ میں دستیاب ہیں، عالمی ادارہ صحت نے رواں سیزن کیلئے تین اسٹرینز والی فلو ویکسین کی منظوری دی ہے جبکہ چار اسٹرینز والی فلو ویکسین دنیا بھر میں واپس لی گئی ہے۔ترجمان فارما بیورو کے مطابق پاکستان میں چینی ساختہ ویکسین کے علاوہ دیگر انفلوئنزا ویکسین دستیاب نہیں ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 43

مسروقہ سامان، اسلحہ اور چرس برآمد کرلی ہے۔تفصیلات کے مطابق حب سٹی پولیس نے ایک کارروائی کے دوران کوریئر کمپنی کے 5لاکھ 93ہزار روپے کی مبینہ خورد برد میں ملوث ایک ملزم کو گرفتار کرلیا، جس کے قبضے سے 350گرام چرس بھی برآمد کی گئی۔ایک اور کامیاب کارروائی کے دوران پولیس نے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث 2ملزمان کو ڈرامائی انداز میں گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 2عدد موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا 30بور پستول بمعہ 3عدد زندہ کارتوس برآمد کرلیے۔مزید برآں، حب سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کرکے تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد اصل مالک کے حوالے کردی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 44

سے اس مخصوص مارکیٹ کو نئی وسعت مل سکتی ہے۔ایپل کے پہلے فولڈ ایبل فون آئی فون ڈو کی فروخت جمعے، 23اکتوبر سے شروع ہوگئی ہے۔اس فون کی کامیابی نہ صرف فولڈ ایبل فونز کی مارکیٹ کے لیے اہم ہوگی بلکہ کمپنی کے نئے چیف ایگزیکٹو جان ٹرنس کے لیے بھی ابتدائی امتحان ثابت ہوسکتی ہے، جنہوں نے ستمبر میں عہدہ سنبھالنے کے ایک ہفتے کے اندر اس فون کی رونمائی کی تھی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 45

کی تدابیر وآگاہی میں فرنٹ لائن ورکرز کلیدی حیثیت رکھتے ہیں، پولیو کا مکمل خاتمہ مشترکہ قومی ذمہ داری ہے۔انسداد پولیو کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان عالمی یوم انسداد پولیو پر اقوام عالم کے ساتھ مشترکہ عزم پختہ کا اعادہ کرتا ہے کہ اس موذی مرض کے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ بھرپور انداز میں جاری رکھے گا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کیلئے یہ دن خصوصی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ ہم ان چند ممالک میں شامل ہیں جو اس مرض کے مکمل انسداد کا ہدف حاصل کرنے کے لئے ابھی تک کوشاں ہیں، اس سال عالمی یوم انسداد پولیو ''ایک دن، ایک مقصد: پولیو کا مکمل خاتمہ'' کے زیر عنوان منایا جارہا ہے۔یہ موضوع اس خطرناک بیماری کیخلاف مشترکہ کاوشوں کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔وفاقی وصوبائی اور ضلعی حکومتوں اور انتظامیہ کے تمام متعلقہ ادارے اپنے قابل قدر بین الاقوامی شراکت داروں کے تعاون سے انسداد پولیو مشن پر پوری مستعدی سے کاربند ہے۔اس مقصد کو یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں پولیو وائرس کے انسداد اور پھیلاؤ کی روک تھام اور شہریوں میں بچاؤ کی تدابیر و آگاہی میں فرنٹ لائن ورکرز کلیدی حیثیت رکھتے ہیں، پاکستان میں انسداد پولیو مشن میں چار لاکھ سے زائد بشمول 60فیصد خواتین فرنٹ لائن ورکرز فرائض سرانجام دے رہی ہیں۔فرنٹ لائن ورکرز کی محنت، لگن، جرات و بہادری اور انتھک خدمات قابل تحسین ہیں، آج پوری قوم، فرض کی انجام دہی میں شہید ہونے والے فرنٹ لائن ورکرز کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔یہ کارکنان اعلیٰ ترین سطح پر اعتراف خدمات اور بھرپور معاونت کے مستحق ہیں۔انہوں نے کہا کہ دشوار گزار راستوں اور سیکیورٹی خدشات کے باوجود فرنٹ لائن ورکرز اپنی خدمات جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 46

اکتوبر کو کیف میں یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران اس امداد کا اعلان کیا۔سال کے آغاز سے، فن لینڈ نے یوکرین کو مجموعی طور پر 500ملین یورو سے زیادہ مالیت کے پانچ فوجی امدادی پیکج فراہم کیے ہیں۔اگلے پیکیج کے مندرجات پر فی الحال یوکرینی فوج کے ساتھ براہ راست بات چیت کی جارہی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 47

قوم کی ترقی خوشحالی کیلئے ضروری ہے تعلیم کا راستہ اپنایا جائے باشعور قوم میں تعلیم کے میدان میں ہمیشہ کامیاب ہوکر سرزمین بلوچستان و اقوام رند کی درست سمت میں رہنمائی کرتی ہیں اقوام رند کی فلاح و بہبود کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے 4نومبر کو شہداء رند کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہے شہداء رندستان کی برسی انتہائی عزت واحترام کے ساتھ منائی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہداء رند کی برسی کی تیاریوں کے حوالے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا قبل ازیں شہداء رند کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے ایصال ثواب کے لئے کی جانے والی تیاریوں سمیت دیگر اہم امور پر گفتگو بھی کی چیف آف رند سردار یار محمد رند نے تقریبات کو بہتر انداز سے منانے کے لئے تمام انتظامات کا بھی جائزہ لیا اس موقع پر چیف آف رند سردار یار محمد رند کا کہنا تھا کہ چار نومبر کو شوران میں شہداء رند کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے عظیم الشان تقریب کا اہتمام کیا جائے گا شہداء کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی لنگر کی تقسیم بھی کریں گے موجودہ صورت حال میں اقوام رند کی فلاح و بہبود میں سنگ میل بھی ثابت ہوگا رند قبائل کے سربراہ چیف آف رند سردار یار محمد رند نے مزید کہا کہ رند قبائل بھارتی کینٹ سے لے کر ایران کے باڈر کے ساتھ ساتھ سندھ بلوچستان سمیت دنیا کے کونے کونے میں اپنا منفرد رسم ورواج کی وجہ سے اہمیت کی حامل اقوام سمجھی جاتی ہے جو عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہوکر اپنی صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہوئے عوام کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے وقت کے ساتھ ساتھ اقوام رند متحد و منظم ہوکر اپنے علاقوں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرکے اپنی قوم اور قبیلے کا نام روشن کررہی ہے سیاسی میدانوں سمیت ہر فورم پر اقوام رند کی فلاح وبہبود کے لئے کام کیا جائے گا قوم میں ہمیشہ تعلیم سے ہی ترقی پاتی ہیں رند قبائل تعلیم کے حصول میں اپنا کردار ادا کریں تاکہ تعلیم یافتہ نوجوان سرزمین بلوچستان کی ترقی اقوام رند کی درست سمت میں رہنمائی کرسکیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 48

پراسیکیوٹر کے دفتر نے اعلان کیا کہ ودیم کو مشرقی ریاست برانڈنبرگ میں حراست میں لیا گیا اور اس پر سخت شبہ ہے کہ وہ غیر ملکی انٹیلی جنس سروس کے لیے کام کررہا تھا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 49

اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ میرٹ اور انصاف کے تقاضوں کے برعکس فیصلے نہ صرف انصاف کی فراہمی کے عمل پر سوالات اٹھاتے ہیں بلکہ بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ قانون کی بالادستی اور عدالتی انصاف سے متعلق بھی کئی خدشات کو جنم دیتے ہیں عوامی نیشنل پارٹی ایک جمہوری اور سیاسی جماعت کی حیثیت سے آئین کی بالادستی قانون کی حکمرانی اور عدالتوں کے احترام پر یقین رکھتی ہے تاہم انصاف کے تقاضوں کی تکمیل شفاف قانونی کارروائی اور ہر شہری کے بنیادی حقوق کا تحفظ ریاستی اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے چمن پریس کلب کے باچاخان ہال میں عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صوبائی ضلعی اور تحصیل ذمہ داران کے ہمراہ ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا سینیٹر نواب ارباب عمر فاروق کاسی نے اصغر خان اچکزئی کی ضمانت منسوخی کے معاملے پر پارٹی کا مؤقف پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس مقدمے کی نوعیت دستیاب شواہد اور مدعی کے بیان کو سامنے رکھتے ہوئے معاملے کا غیر جانب دارانہ جائزہ لیا جانا ضروری ہے اس مقدمے میں مدعی کی جانب سے بھی یہ مؤقف سامنے آیا ہے کہ اصغر خان اچکزئی اور ان کے خاندان کا اس معاملے سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں اس کے باوجود ضمانت کی منسوخی نے متعدد قانونی اور سیاسی سوالات کو جنم دیا ہے جن کا جواب شفاف اور منصفانہ قانونی عمل کے ذریعے سامنے آنا چاہیے انہوں نے کہا کہ کسی بھی مقدمے میں انصاف کا تقاضا یہی ہے کہ تمام متعلقہ شواہد بیانات اور قانونی پہلوؤں کا غیر جانب داری سے جائزہ لیا جائے اور کسی بھی شخص کے بارے میں فیصلہ کرتے وقت قانون اور میرٹ کو بنیادی اہمیت دی جائے اگر کسی مقدمے میں فریقین کے بیانات اور دستیاب شواہد کے حوالے سے سوالات موجود ہوں تو ان کا جائزہ لینا اور قانونی تقاضوں کے مطابق ان کا ازالہ کرنا ضروری ہوتا ہے ان کا کہنا تھا کہ عدالتی فیصلوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتحال پر قانونی دائرے میں رہتے ہوئے مؤقف پیش کرنا ہر سیاسی جماعت اور شہری کا حق ہے جبکہ انصاف کے حصول کے لیے اعلیٰ عدالتی فورمز سے رجوع کرنا ایک آئینی اور قانونی راستہ ہے سینیٹر نواب ارباب عمر فاروق کاسی نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی اصغر خان اچکزئی کے معاملے کو نہ صرف ایک فرد کا مسئلہ سمجھتی ہے بلکہ اسے انصاف کی فراہمی جمہوری سیاسی سرگرمیوں کے تحفظ اور قانون کی یکساں عمل داری کے تناظر میں بھی دیکھتی ہے ان کے مطابق سیاسی جماعتوں اور ان کے رہنماؤں کو آئین کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنی سیاسی سرگرمیاں جاری رکھنے کا حق حاصل ہے اور کسی بھی معاملے میں تمام قانونی تقاضوں کی تکمیل ضروری ہے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے واضح کیا کہ عوامی نیشنل پارٹی اس معاملے پر خاموش نہیں رہے گی بلکہ ہر آئینی قانونی اور جمہوری فورم پر اپنا مؤقف پیش کرے گی اور اصغر خان اچکزئی کے لیے انصاف کے حصول کی جدوجہد جاری رکھے گی انہوں نے مزید کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی کی سیاسی تاریخ جمہوریت آئین کی بالادستی پارلیمان کی خودمختاری بنیادی انسانی حقوق اور قانون کی حکمرانی کے لیے جدوجہد سے عبارت ہے پارٹی نے ہر دور میں جمہوری اصولوں کی پاسداری اور عوام کے آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے ان کا کہنا تھا کہ اے این پی عدالتوں اور عدالتی نظام کا احترام کرتی ہے اور عدالتی اداروں کی اہمیت سے بخوبی آگاہ ہے تاہم عدالتوں سے بھی عوام کی توقع یہی ہوتی ہے کہ ہر مقدمے میں انصاف کے تمام تقاضے پورے ہوں اور فیصلے قانون شواہد اور میرٹ کی بنیاد پر کیے جائیں سینیٹر نواب ارباب عمر فاروق کاسی نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی مسائل کے حل کے لیے آئینی و قانونی راستوں پر یقین رکھتی ہے اور کسی بھی صورتحال میں جمہوری جدوجہد سیاسی مکالمے اور قانون کے دائرے سے باہر جانے کی حمایت نہیں کرتی ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پارٹی اپنے رہنماؤں اور کارکنوں کے آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن قانونی راستہ اختیار کرے گی اور انصاف کے حصول کے لیے متعلقہ فورمز سے رجوع کرنے کا حق محفوظ

(continuation)

رکھتی ہے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوامی نیشنل پارٹی اصولی سیاست جمہوری جدوجہد اور آئین کی بالادستی کے اپنے مؤقف پر قائم رہے گی اصغر خان اچکزئی کے مقدمے میں بھی پارٹی قانونی اور جمہوری طریقے سے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی کیونکہ ایک منصفانہ معاشرے کی بنیاد قانون کی یکساں عمل داری، بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ اور ہر شہری کو انصاف تک رسائی فراہم کرنے پر قائم ہوتی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 50

اے) کی جانب سے ڈاکٹروں اور طبی اداروں پر عائد غیر منصفانہ ٹیکس شرائط کے خلاف غیر معینہ مدت تک ہڑتال کی جائے گی یہ ہڑتال ان شرائط کے مکمل خاتمے تک جاری رہے گی۔ترجمان پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن بلوچستان کے مطابق سرکاری ہسپتالوں میں روزانہ صبح 9بجے سے 10بجے تک او پی ڈیز میں ٹوکن ہڑتال ہوگی، نجی ہسپتال، کلینکس اور طبی مراکز: او پی ڈی، آپریشنز اور لیبارٹریز سمیت تمام الیکٹو خدمات مکمل طور پر بند رہیں گی جبکہ مریضوں کی جان کے تحفظ کے لیے ایمرجنسی، ان ڈور، آئی سی یو اور لیبر روم کی خدمات بدستور جاری رہیں گی۔انہوں نے کہا کہ طبی خدمات کو تجارتی اشیاء کی خرید و فروخت کے برابر قرار دینا، نجی کلینکس اور ہسپتالوں پر پوائنٹ آف سیل (POS) سسٹم کی جبری تنصیب، ہسپتالوں پر چھاپے، بھاری جرمانے اور طبی برادری کو ہراساں کرنا کسی صورت قابلِ قبول نہیں، بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی جانب سے طبی خدمات پر سیلز ٹیکس کا نفاذ اور اس سے متعلق شرائط مریض دشمن اقدام ہیں علاج ایک بنیادی انسانی ضرورت ہے کوئی تجارتی سروس نہیں ایک ہی شعبے پر وفاقی اور صوبائی سطح پر دوہرا ٹیکس بوجھ ناانصافی ہے۔ترجمان نے کہا کہ ہسپتال مریضوں کا علاج کرتے ہیں سامان فروخت نہیں کرتے ڈاکٹر پہلے ہی باقاعدگی سے انکم ٹیکس ادا کررہے ہیں طبی خدمات پر ہر اضافی ٹیکس بالآخر غریب مریض کو منتقل ہوگا اور علاج مزید مہنگا ہو جائے گا، بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے میں جہاں عوام پہلے ہی بنیادی طبی سہولیات سے محروم ہیں، یہ اقدامات نجی شعبے کی خدمات کو مفلوج کردیں گے۔ترجمان نے کہا کہ پی ایم اے بلوچستان نے گزشتہ ماہ سے اضلاع میں ریلیوں، احتجاجی بینرز اور حکام سے ملاقاتوں کے ذریعے پرامن طور پر اپنا مؤقف پیش کیا مگر مسلسل نظرانداز کے بعد طبی برادری مرکزی قیادت کے فیصلے کے مطابق یہ قدم اٹھانے پر مجبور ہوئی ہے۔ترجمان نے کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ ایف بی آر نجی طبی اداروں پر POS سسٹم کی شرط فوری واپس لے، ہسپتالوں پر چھاپوں اور جرمانوں کا سلسلہ بند کیا جائے، بی آر اے طبی خدمات پر عائد سیلز ٹیکس اور متعلقہ شرائط فوری ختم کرے، وفاقی و صوبائی حکومت طبی برادری سے بامعنی مذاکرات کرے۔ترجمان نے کہا کہ پی ایم اے بلوچستان صوبے کے تمام ڈاکٹروں، نجی ہسپتالوں کلینکس کے مالکان، لیبارٹریز اور ضلعی تنظیموں سے اپیل کرتی ہے کہ مرکزی ہدایات کے مطابق ہڑتال پر مکمل اور متحد عمل درآمد یقینی بنائیں ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن، بی ایم ٹی اے اور دیگر طبی تنظیموں سے بھی بھرپور تعاون کی اپیل کی جاتی ہے عوام سے گزارش ہے کہ ہڑتال کے دوران تعاون کریں ہنگامی صورت میں ایمرجنسی خدمات میسر رہیں گی۔ترجمان نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان اور وزیراعلیٰ بلوچستان فوری نوٹس لیں بصورت دیگر صورتحال کی تمام تر ذمہ داری وفاقی وصوبائی حکومت، ایف بی آر اور بی آر اے پر عائد ہوگی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 51

آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے کہ بلوچستان پر مسلط حکومتی ٹولہ صوبے کے انتظامی امور چلانے میں بری طرح ناکام ہوچکا ہے ان کی کارکردگی دیکھ کر محسوس ہوتا ہے کہ وہ گلی محلے کا پرچون اسٹور چلانے کی صلاحیت بھی نہیں رکھتے۔حکمرانوں کی نااہلی بدانتظامی اور عوام دشمن پالیسیوں نے صوبے کو غذائی قلت مہنگائی اور سنگین انتظامی بحرانوں کی دلدل میں دھکیل دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وسائل سے مالامال بلوچستان کے عوام بنیادی ضروریات زندگی کے لیے ترس رہے ہیں جبکہ حکمرانوں کا بے رحم ٹولہ عوام کے خون پسینے کی کمائی پر عیش وعشرت میں مصروف ہے۔حکمرانوں کی گفتار اور کردار میں واضح تضاد ہے عوامی خدمت کے بلند بانگ دعوے کیے جاتے ہیں مگر عملی طور پر عوام کو بے یارومددگار چھوڑ دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو مزید کھوکھلے نعروں نمائشی اقدامات اور جھوٹی تسلیوں سے بہلایا نہیں جا سکتا۔حکومت اپنی ذمہ داریوں سے فرار اختیار کرنے کے بجائے غذائی قلت مہنگائی بدامنی اور انتظامی بدحالی کے خاتمے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کرے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 52

ساتھیوں کے خلاف قانونی کارروائی کرکے مجھے انصاف فراہم کیا جائے بصورت دیگر میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے خودسوزی کروں گی جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔یہ انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔انہوں نے کہا کہ میرا بیٹا نوراللہ جو کہ گیراج کا کام کرتا تھا 25ستمبر 2026ء کو اپنے دوستوں شفیع محمد اور ظہیر احمد کے ہمراہ بولان پکنک منا کر واپس آتے ہوئے نیو سریاب پولیس نے انہیں فائرنگ کرکے میرے بیٹے نوراللہ اور اس کے ساتھی شفیع محمد قتل اور ان کے ساتھی ظہیر احمد کو زخمی کردیا اور ان پر جھوٹا اور بے بنیاد مقدمہ درج کرکے اپنا گناہ چھپانے کی کوشش کی ہے۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ ایس ایچ او نیو سریاب اور اس کے 2ساتھیوں نے یہ گھناؤنا جرم کیا ہے میں نے انصاف کے حصول کیلئے متعدد بار متعلقہ تھانہ میں مذکورہ ایس ایچ او کے خلاف کارروائی کیلئے درخواست دی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔میری وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیرداخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر اور ڈی آئی جی پولیس عمران شوکت سے اپیل ہے کہ مذکورہ ایس ایچ او اور اس کے ساتھیوں کے خلاف مقدمہ درج کرکے ہمیں انصاف دیا جائے۔ بصورت دیگر میں پریس کلب کے سامنے خودسوزی کرونگی جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 53

آخری مراحل میں داخل گرفتاریوں سے بچنے کے لیے متعدد سرکاری آفیسران نے اپنے تبادلے کروا لئے کرپشن میں ملوث مقامی ٹھیکیداروں نے روپوشی اختیار کرلی آئندہ چند روز میں بڑے پیمانے پر گرفتاریوں کا امکان ذرائع کے مطابق نصیرآباد میں محکمہ زراعت مارکیٹ کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی محکمہ آبپاشی محکمہ ریونیو اور ایم ایم ڈی سمیت دیگر محکموں میں ہونے والی مبینہ طور پر کروڑوں روپے کی کرپشن بدعنوانی اور بے ضابطگیوں کی اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کی جانب سے جاری تحقیقات آخری مراحل میں داخل ہوگئی ہے گرفتاریوں سے بچنے کے لیے محکمہ آبپاشی نصیرآباد کے ایکسئین فرید احمد

(continuation)

چندرانی زراعت توسیعی و مارکیٹ کمیٹی کے ڈپٹی ڈائریکٹر ظہیر احمد عمرانی ایس ڈی او اریگیشن محمد امین عمرانی سمیت دیگر آفیسران نے اپنے تبادلے کوئٹہ کروا لئے ہیں جبکہ کچھ آفیسران و مقامی ٹھیکیداروں نے روپوشی اختیار کرلی ہے ذرائع کا دعوی ہے آئندہ چند روز میں بڑے پیمانے پر گرفتاریوں کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے

بقیہ بلوچستان نیوز 54

ڈھائی سال قبل اغواء ہونے والی لڑکی عائشہ جاوید کو بازیاب کرالیا۔ڈی پی او عرفان علی سموں کے مطابق لڑکی کو اگست 2024میں بستی امانت علی سے اغواء کیا گیا تھا۔پولیس مغوی لڑکی کی بازیابی کیلئے مسلسل کوششیں کررہی تھی۔ڈی پی او کے مطابق کارروائی کے دوران اغواء کار فرار ہوگئے، جن کی تلاش میں پولیس کا تعاقب جاری ہے، علاقے میں اغوا کاروں کی گرفتاری کیلئے بھاری نفری کا سرچ آپریشن بھی جاری ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 55

انگریز کا تعلیمی اداروں میں لارڈ میکالے کا نظام نہ پارلیمنٹ میں نہ عدالت میں نہ معیشت اسلام ہر طرف غیروں بے دینوں کا نظام چل رہا ہے۔بدقسمتی سے ہمارے فیصلے ہمارے ہاتھ میں نہیں۔آج ہماری قسمت کے فیصلے کوئی اور کررہے ہیں پہلے وائسرائے ہوا کرتا تھا اب ان کے غلام ہم پر مسلط ہے۔حکمرانوں نے خیبر پختونخواہ میں ایمرجنسی سے متاثرہ عوام کو 107ارب کا انجکشن لگایا بتایا تک نہیں کہ کب تک خیبر پختونخواہ والے ایمرجنسی وارڈ میں رہیں گے۔بلوچستان ہو یا خیبر پختونخواہ علاج ایمرجنسی نہیں اسلامی نظام ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ کوئٹہ کے دوران چمن پھاٹک مدرسہ دارالرشاد جامع مسجد میں خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ایران افغانستان بارڈر بندش سے بلوچستان کے ہزاروں لاکھوں لوگ معاشی طور پر برباد تباہ ہوئے ہمارے بارڈرز ہم، ہماری پارلیمنٹ نہیں غیر لوگ بند کرتے ہیں منتخب نمائندوں کو معلوم نہیں کس بے کیوں بند کیا۔زبردستی مسلط لوگ پارلیمنٹ سے کوئی مشورہ نہیں کرتے۔25کروڑ عوام اور ان کے نمائندوں کی کوئی اہمیت نہیں بدقسمتی سے ہماری رائے ہمارے خون ہماری لاشوں وجانوں کی بھی کوئی اہمیت نہیں۔ظالموں کا راستہ روکنا ہوگا کوئی پارٹی نہیں صرف ظالم اور مظلوم کی پارٹیاں ہے۔پاکستان بلوچستان کو اللہ نے ہر قسم کی نعمتوں اور وسائل سے نوازا۔لیکن آج ہر طرف خوف ودہشت ہے آئندہ نسلیں بھی آئی ایم ایف کے مقروض بنادیے گیے ہیں کوئٹہ میں خوف وبھوک کا دور دورہ ہے۔جو جرم بنی اسرائیل نے کیے وہی ظلم ہم کررہے ہیں۔پاکستان کو نفاذ اسلام کیلئے کلمے کی بنیاد پر لاکھوں جانوں کی قربانیاں دیکر جدوجہد کیا لیکن بدقسمتی سے ایک دن کیلئے بھی اسلامی نظام قائم نہیں ہوا۔جس ظلم وجبر لاقانونیت منکرات کے خلاف 70سال قبل ہزاروں لوگوں نے جدوجہد کیا جان ومال کی قربانیاں دی وہی ظلم وجبر لاقانونیت منکرات کا نظام چل رہا ہے۔اللہ ہم سے ضرور پوچھے گا اگر ہم نے اسلامی تبدیلی نہیں لائی تو ہمارا حشر بھی تاتاریوں کی طرح ہوگا

بقیہ بلوچستان نیوز 56

نے DIG خضدار عمران قریشی کو خضدار ریجن میں تعیناتی پر خوش آمدید کہا اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔اس کے علاوہ خضدار میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور علاقے میں امن کے قیام سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ خضدار میں امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات اٹھانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری اور ڈی آئی جی خضدار عمران قریشی کے درمیان ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ خضدار میں امن و امان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لینے، درپیش چیلنجز پر غور کرنے اور بہتری کے لیے مشترکہ حکمت عملی مرتب کرنے کیلئے جلد ایک اہم اجلاس طلب کیا جائے گا۔اجلاس میں متعلقہ حکام کی مشاورت سے امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات پر غور کیا جائے گا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 57

زہری نے کہا کہ میر تاج محمد زرکزئی نے جھالاوان، بالخصوص زہری میں قبائلی رنجشوں کے خاتمے اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے اہم کردار ادا کیا۔ان کی سماجی و قبائلی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا سابق وزیراعلیٰ نواب ثناءاللہ خان زہری نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 58

متعلقہ افسران نے صوبائی محتسب کو زیر کارروائی مقدمات، ان کی موجودہ صورتحال اور تحقیقات میں ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے جامع بریفنگ دی۔ اس موقع پر صوبائی محتسب نے افسران سے مقدمات کی مؤثر پیروی، شکایات کے بروقت ازالے اور دفتری امور میں مزید بہتری کے حوالے سے تجاویز اور آراء بھی طلب کیں۔صوبائی محتسب بلوچستان نے اس امر پر زور دیا کہ عوامی شکایات کو قانون اور میرٹ کے مطابق نمٹانے، شفافیت کو یقینی بنانے اور سائلین کو بروقت انصاف کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کریں۔اجلاس میں مقدمات کی پیش رفت کا جائزہ لینے اور ادارے کی مجموعی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 59

ہے جبکہ کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات منعقد نہیں ہوسکے تھے، سیکرٹری بلدیات بلوچستان نے بتایا کہ محکمہ بلدیات نے نئے بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں شروع کردی گئیں ہیں نئے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے الیکشن کمیشن کو مراسلہ لکھا جارہا ہے الیکشن کمیشن صوبائی حکومت کی مشاورت سے کوئٹہ سمیت صوبے کے دیگر اضلاع میں نئے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کی تاریخ کا اعلان کرے گا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 60

مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی، مولانا محمد قاسم مخلص و دیگر نے ملک میں بڑھتی ہوئی بدامنی، مہنگائی، بے روزگاری اور لاقانونیت پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ ملک کے تمام مسائل کا حل صرف اور صرف اسلام کے عادلانہ اور منصفانہ نظام کے نفاذ میں مضمر ہے۔برسر اقتدار آنے والے ہر حکمران نے ملک کو اپنی سوچ کی بنیاد پر تجربہ گاہ بنا دیا لیکن عوام کے بنیادی مسائل حل کرنے کی کوشش نہیں کی، جس سے پوری قوم اس مفلوج نظام سے بیزار ہوچکی ہے۔انہوں نے کہا کہ استحصالی نظام اور جبر واستبداد سے نجات کے

(continuation)

لیے عملی جدوجہد ناگزیر ہوچکی ہے کیونکہ کرپٹ نظام قومی ترقی اور شفاف حکمرانی کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے۔جے یو آئی نظریاتی کے رہنماؤں نے زور دیا کہ جب تک ملک میں مضبوط نظام اور قرآن وسنت کی بالادستی قائم نہیں ہوتی، نہ سیاسی استحکام آئے گا اور نہ ہی بحرانوں سے نجات ملے گی۔انہوں نے ملک کی تمام مقتدر قوتوں، ارباب اختیار اور اپوزیشن جماعتوں سے اپیل کی کہ وہ ماضی کی غلطیاں دہرانے کے بجائے انانیت کو چھوڑ کر ملک کے تحفظ اور مستقبل سنوارنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کریں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 61

دیے، جو سیکیورٹی فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن، استحکام اور معاشی ترقی کو سبوتاژ کرنے والی سازشیں کبھی کامیاب نہیں ہونے دی جائیں گی۔میر ضیاءاللہ لانگو نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز متحد ہوکر اس ناسور کا جڑ سے خاتمہ کریں گے اور ترقیاتی منصوبوں پر جاری کام کو ہر قیمت پر جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 62

انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔اس موقع پر کمیٹی کے دیگر ممبران آرگنائزر سجاد حسین رند، حمیداللہ کاکڑ، اکبر علی اکبر، میر ہزار خان مری، حافظ محمد عثمان، سدو خان عرف بھٹو شیرانی، محمد نواز کھوسہ، عصمت اللہ خان ترین، حاجی جمیل الدین، وڈیرہ عبدالغفار کھیتران، احسان اللہ کاکڑ، منظور احمد رند، شہزادہ کاکڑ اور محمد اسماعیل مینگل سمیت دیگر بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ جی ٹی اے بی بلوچستان کے ہزاروں مرد و خواتین اساتذہ کی واحد نمائندہ تنظیم ہے جو ہر دور میں تعلیمی معیار کی بلندی اساتذہ کرام کے مسائل کے حل کے لئے بھرپور جدوجہد کرتی آرہی ہے۔18اگست 2025کو گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے الیکشن منعقد ہونے تھے مگر عدالتی احکامات کے تحت معاملات متنازعہ ہوگئے اور اب تک چلے آرہے تھے۔تنظیم 2سال تک اندرونی خلفشار اور انتشار کا شکار رہی ہماری کوششوں سے دونوں پینلز نے اختلافات دور کرکے تحریری معاہدہ کیا جس میں پینلز کی تحلیل، آرگنائزنگ کمیٹی کی تشکیل تعداد، دورانیہ، کمیٹی کی تنظیمی امور کو چلانے کے لئے آئینی اختیارات، چندہ، آئینی مدت پوری کرنے اور نئے بننے والے اضلاع اور ڈویژنز کے انتخابات کے بعد ایک غیر جانبدار مرکزی الیکشن کمیٹی کے قیام، عدالتی کیسز کو ختم کرنے کا طریقہ کار اور دیگر اہم فیصلے کئے گئے ہیں۔دونوں پینلز کی رضا مندی سے ایک سال کے لئے گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی ایک 14رکنی مرکزی آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو تنظیم کے معاملات، امور کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات کرے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 63

مراد جمالی، ڈیرہ اللہ یار، لورالائی، لسبیلہ اور پشین سمیت مختلف مقامات پر مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا کر شدید نعرے بازی کی۔احتجاجی مظاہروں سے خطاب کرتے ہوئے جماعت اسلامی کے صوبائی و ضلعی رہنماؤں بشیر احمد ماندائی، نوالدین غلزئی عبدالحمید ناصر ودیگر نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا سب سے بڑا مطالبہ امن ہے بے گناہ لاتعلق نوجوان لاپتہ اور زندہ برآمدگی کے بجائے مسخ شدہ لاشیں مل رہی ہیں۔شاہراہوں پر دن دہاڑے لوٹ مار جاری سفر کرنا مشکل وناممکن اور عوام، ٹرانسپورٹرز، تاجر عدم تحفظ کا شکار ہیں۔وفاقی حکومت اور متعلقہ سیکورٹی کے اداروں کی خاموشی تشویش ناک وسوالیہ نشان ہے۔جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے مزید کہا کہ مہنگائی اور بے روزگاری سے پریشان عوام پر پٹرولیم مصنوعات کی ترسیل میں بھتہ خوری کا اضافی بوجھ کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ایک طرف غریب عوام دو وقت کی روٹی کے لیے پریشان ہیں، جبکہ دوسری طرف حکمران طبقہ مراعات اور شاہانہ اخراجات میں مصروف ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان میں امن وامان بحال، شاہراہیں محفوظ، بھتہ خوری اور بدعنوانی کا خاتمہ اور لاپتہ افراد کا مسئلہ آئین و قانون کے مطابق حل کیا جائے۔رہنماؤں نے واضح کیا کہ جماعت اسلامی عوام کے حقوق کے لیے اپنی جمہوری جدوجہد اور پرامن احتجاج جاری رکھے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 64

کارکنوں میں نیا ولولہ اور جذبہ پیدا ہوتا ہے، جس سے پارٹی مزید مضبوط اور منظم ہورہی ہے۔انہوں نے یہ خیالات پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط بلیلی اور شالدرہ کی علاقائی کانفرنسوں سے خطاب کرتے ہوئے ایسے۔بلیلی علاقائی کانفرنس ضلعی سینئر سیکریٹری نداسنگر کی صدارت میں منعقد ہوئی، جس میں صوبائی سیکریٹری اول فقیر خوشحال کاسی اور دیگر رہنماں کی موجودگی میں نئے علاقائی ایگزیکٹو کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔اسد خان سیکریٹری، اجمل خان سینئر معاون جبکہ ملک احمد جان ناصر اور دیگر معاونین منتخب ہوئے، جن سے صوبائی سیکریٹری نے حلف لیا۔علاوہ ازیں، شالدرہ علاقائی کانفرنس کا بند اجلاس صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے کی صدارت میں منعقد ہوا، جہاں غنی خان مومند کو علاقائی سیکریٹری اور صادق زاہد کو سینئر معاون سیکریٹری منتخب کیا گیا، جن سے صوبائی صدر نے حلف لیا۔مقررین نے بلیلی اور شالدرہ کے علاقوں میں عوام کو درپیش بنیادی مسائل پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شالدرہ جیسے قدیم علاقے کے باسی گیس کی عدم دستیابی، بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، پانی کی قلت اور نکاسی آب کی ابتر صورتحال کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں۔انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر ان مسائل کا ازالہ کیا جائے۔رہنماں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پارٹی پشتون قوم کی ملی وحدت، قومی وسائل پر کنٹرول اور ملک میں حقیقی جمہوریت کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 65

جدون ایس ایچ او احسان مروت نے کاروائی کرتے ہوئے گاڑیاں چوری میں ملوث گروہ گرفتار کیا جن سے 03عدد گاڑیاں 01عدد موٹر سائیکل اور 05عدد ٹریکر اور دیگر آلات برآمد ہوئے۔جبکہ ایس ایچ او خروٹ آباد احسان مروت بمعہ ٹیم نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم عمران ولد ڈاکٹر گلاب خان قوم کاکڑ سکنہ شہباز ٹاؤن کوئٹہ کو گرفتار کیا ملزم کے قبضہ سے ایک عدد موٹر سائیکل بمعہ 05عدد ٹریکر اور چوری میں استعمال ہونے والے آلات برآمد کئے ملزم نے انکشاف کیا کہ میں اپنے دیگر دوستوں آفتاب حسین عرف قیصر عرف عبدالہادی ولد امیر جانان قوم خٹک سکنہ راولپنڈی، ثناء اللہ ولد عبدالستار قوم صافی سکنہ لورالائی ڈیرہ غازی خان کے ہمراہ پاکستان کے مختلف علاقوں سے گاڑیاں رینٹ پر لاکر کوئٹہ میں ٹریکر نکال کر موٹر سائیکل میں لگا کر گاڑی کو آگے فروخت کردیتے ہیں ملزم کے اس انکشاف پر اس کے دیگر ساتھیوں کو ریڈ کر کے

(continuation)

گاڑیاں رجسٹریشن نمبر(1)142-DKW (2)950-AUZ چنگان کیری ڈبہ(3) آلٹو ٹرمپ برآمد کرکے ملزمان کو گرفتار کیا گیا جبکہ ایک عدد گاڑی جو کی جیپ رجسٹریشن نمبری 143-BDB کو ملزمان کے انکشاف پر اسلام آباد پولیس کو مطلع کرکے برآمد کرائی گئی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 66

دینیہ اس ملک کی نظریاتی، دینی اور اخلاقی اساس کے محافظ ہیں، جہاں قرآن وسنت کی تعلیم کے ساتھ طلبہ کی کردار سازی، اخلاقی تربیت اور معاشرے کی اصلاح کا فریضہ انجام دیا جاتا ہے، ان اداروں کے خلاف منفی پروپیگنڈا کرنا اور ان کی خدمات کو مشکوک بنانے کی کوشش کرنا درحقیقت دینی تعلیم اور اسلامی اقدار سے وابستہ عوام کے جذبات کو مجروح کرنے کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ طاقت، دباؤ اور جھوٹ پر مبنی بیانیے کے ذریعے عوام پر اپنی مرضی کے نظریات مسلط نہیں کیے جاسکتے، ایسے اقدامات مسائل حل کرنے کے بجائے بے چینی، بداعتمادی اور ردعمل کو جنم دیتے ہیں، ریاست اور حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ملک میں آئین و قانون کی بالادستی، انصاف، برداشت اور باہمی احترام کو فروغ دے، نہ کہ اختلاف رائے رکھنے والوں کو غداری کے القابات سے نواز کر ان کی ذاتی کردارکشی کی جائے۔مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمہوری معاشروں میں اختلاف رائے کو برداشت کرنا، دلیل کے ساتھ بات کا جواب دینا اور مکالمے کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کرنا ہی سیاسی بلوغت اور حکمتِ عملی کی علامت ہے، لیکن افسوس کہ مکالمے اور برداشت کی فضا قائم کرنے کے بجائے مخالف آوازوں کو دبانے، ان کے خلاف منفی مہم چلانے اور ان کی حب الوطنی پر سوالات اٹھانے کا رجحان فروغ پا رہا ہے، جو کسی بھی صورت حکومت کو زیب نہیں دیتا۔انہوں نے کہا کہ مدارسِ دینیہ نے ہمیشہ دینِ اسلام کی تعلیم، اخلاقی تربیت، خدمتِ خلق اور معاشرے میں امن واصلاح کے لیے اہم کردار ادا کیا ہے، ان اداروں کے خلاف بے بنیاد الزامات لگانے کے بجائے ان کی خدمات کا اعتراف کیا جانا چاہیے، اگر کسی معاملے پر تحفظات موجود ہیں تو انہیں سنجیدہ مکالمے، شواہد اور آئینی و قانونی طریقہ کار کے ذریعے حل کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ جمعیت علما اسلام دینی مدارس کے تشخص، آزادی اور آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا جمہوری اور پرامن کردار ادا کرتی رہے گی، مدارس کے خلاف کسی بھی امتیازی رویے اور منفی پروپیگنڈے کو قبول نہیں کیا جائے گا، حکومت کو چاہیے کہ وہ تصادم اور الزام تراشی کی سیاست سے گریز کرتے ہوئے اعتماد سازی، رواداری اور قومی یکجہتی کو فروغ دے، کیونکہ ملک کا استحکام طاقت کے استعمال یا اختلاف کرنے والوں کی کردارکشی میں نہیں بلکہ انصاف، برداشت، مکالمے اور تمام طبقات کے آئینی حقوق کے احترام میں مضمر ہے۔دستار فضیلت اجتماع سے مولانا حافظ محمد یوسف، مولانا کلیم اللہ نقشبندی، حافظ مسعود احمد، حافظ محمد سلیم نے خطاب کیا بعدازاں حاجی محمد حنیف کی رہائش گاہ پر عشائیہ دیا گیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 67

جمہوری حقوق کے لیے جدوجہد قومی تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب ہے۔اپنے بیان میں سید نیر حسین بخاری نے کہا کہ مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو نے آمریت کے خلاف جرات اور استقامت کے ساتھ جدوجہد کی اور تحریکِ بحالی جمہوریت کی بنیاد رکھی۔انہوں نے جمہوریت پر شب خون کے خلاف آواز بلند کی اور آئین شکن قوتوں کے مقابلے کیلئے قائدانہ کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ آمریت کے سیاہ دور میں بیگم نصرت بھٹو نے جمہوریت کی شمع روشن رکھی اور اپنی بے مثال سیاسی جدوجہد کے ذریعے مادرِ جمہوریت کا مقام حاصل کیا۔ان کی قیادت، قربانیاں اور جمہوری اصولوں سے وابستگی آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔نیر حسین بخاری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور بھٹوازم سے وابستہ جیالے مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کو ان کی تاریخی خدمات پر خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی آئین کی بالادستی، پارلیمان کے وقار، جمہوری اقدار کے تحفظ اور عوام کے حقوق کی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 68

ملاقات کا وقت مانگ لیا، آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کو خط لکھ دیا۔ایسوسی ایشن نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل تبدیلی سے کاروباری مشکلات بڑھ رہی ہیں، قیمتوں میں روزانہ ردوبدل سے پیٹرول پمپ مالکان کو مالی نقصانات کا سامنا ہے، پیٹرولیم مصنوعات کے موجودہ اسٹاک کی مالیت کے تعین میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔ایسوسی ایشن کے مطابق قیمتوں میں بار بار تبدیلی سے کیش فلو اور انوینٹری کا نظام متاثر ہورہا ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی خرید وفروخت میں غیر یقینی صورتحال پیدا ہورہی ہے، قیمتوں میں مسلسل تبدیلی سے روزمرہ کاروباری امور متاثر ہورہے ہیں، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کا قابل عمل اور شفاف نظام وضع کیا جائے۔خط کے متن کے مطابق قیمتوں کے تعین کے معاملے پر پیٹرول پمپ مالکان سے مشاورت کی جائے، پیٹرول پمپ مالکان کے مفادات اور عوام کو بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، وفاقی وزیر سے ملاقات میں مسائل اور عملی تجاویز پیش کرنا چاہتے ہیں۔خط آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن کے وائس چیئرمین نعمان علی بٹ کی جانب سے لکھا گیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 69

آن لائن سٹورز، نیوز ویب سائٹس اور سرکاری خدمات کے پلیٹ فارمز شامل ہیں، سکیورٹی کی دونوں خامیوں کا پتا چلانے والی کمپنیوں میں وز ریسرچ بھی شامل ہے۔ 1990کی دہائی کے اوائل میں متعارف کرائی گئی پی ایچ پی کا ابتدائی نام پرسنل ہوم پیج تھا، تاہم اب اس کا مطلب ہائپر ٹیکسٹ پری پروسیسر ہے، یہ ویب سائٹس کی تیاری کے لیے استعمال ہونے والے مقبول پلیٹ فارمز کے بنیادی نظام کا حصہ ہے۔وز کی ایک بلاگ پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ خامیاں پی ایچ پی میں دریافت ہونے والی سنگین ترین سکیورٹی خامیوں میں شامل ہیں اور ممکنہ طور پر سافٹ ویئر کی تاریخ کی خطرناک ترین خامیوں میں سے ہیں۔مصنوعی ذہانت کے زیادہ طاقتور ماڈلز کمپیوٹر کوڈ میں موجود ایسی کمزوریوں کی نشاندہی کرسکتے ہیں جو برسوں سے انسانی ماہرین کی نظروں سے اوجھل رہی ہوں۔اس صورت حال نے سائبر سکیورٹی کے خدشات میں اضافہ کردیا ہے، 2026میں دنیا بھر میں دریافت ہونے والی سافٹ ویئر کی سکیورٹی خامیوں کی تعداد گزشتہ سال کے ریکارڈ کے مقابلے میں تقریباً دوگنا ہونے کا امکان ہے۔پی ایچ پی پروگرامرز نے ان خامیوں کے تدارک کے لیے سافٹ ویئر اپ ڈیٹ جاری کردیا۔امریکی نیشنل سکیورٹی ایجنسی نے اداروں کو ہدایت کی کہ وہ فوری طور پر اپنی ویب سائٹس کو اپ ڈیٹ کریں یا متاثرہ نظام کو انٹرنیٹ سے منقطع

(continuation)

کردیں۔چین سے لے کر یورپی یونین تک حکام نے بھی اسی نوعیت کی ہدایات جاری کیں۔ایمازون تھریٹ انٹیلی جنس نے بتایا کہ اس نے پی ایچ پی کی سیکیورٹی خامیوں کو عوامی سطح پر ظاہر کیے جانے سے پہلے ہی ہیکنگ کی ایک کوشش کی نشاندہی کی تھی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 70

سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی محنت، لگن، عزم اور قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، متعدد پولیو ورکرز نے ملک کو پولیو سے پاک کرنے کے عظیم مقصد کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے، ان کی خدمات پاکستان کی پولیو کے خاتمے کی جدوجہد کا ایک اہم اور ناقابل فراموش حصہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ترقیاتی شراکت دار گزشتہ کئی دہائیوں سے پولیو کے خاتمے کے لئے تکنیکی مہارت اور مالی معاونت فراہم کررہے ہیں جس پر پاکستان ان کا شکرگزار ہے۔وزیرِ مملکت نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان میں فرائض انجام دینے والے فرنٹ لائن پولیو ورکرز کو روزانہ کی بنیاد پر درپیش مشکل حالات، چیلنجز اور رکاوٹوں کو سمجھنا بھی ضروری ہے، پاکستان میں پولیو کے خاتمے کی مہم ایسے مخصوص اور دشوار حالات میں جاری ہے جو دنیا کے کئی دیگر حصوں سے مختلف ہیں۔انہوں نے کہا کہ پولیو ورکرز اپنی محنت، لگن اور غیر متزلزل عزم کے ساتھ قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں اور ان کی خدمات ملک کو پولیو سے پاک بنانے کی کوششوں میں کلیدی اہمیت رکھتی ہیں۔ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے تک اپنی کوششیں جاری رکھے گا اور ملک کو پولیو سے پاک بنانے کے قومی ہدف کے حصول کے لئے پرعزم ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 71

گیا۔وفاقی جوڈیشل اکیڈمی، یونیسیف اور گروپ ڈیولپمنٹ پاکستان نے مشترکہ طور پر ماڈل چائلڈ کورٹ اور انٹرایکٹو ریسورس سینٹر بنایا، ماڈل چائلڈ کورٹ بچوں کیلئے دوستانہ عدالتی طریقہ کار متعارف کرانے کی کوششوں کا تسلسل ہے۔یونیسیف کے بچوں کیلئے نظامِ انصاف کی ازسرنو تشکیل کے پروگرام کے مقاصد کو آگے بڑھایا جائے گا۔جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کو انصاف فراہم کرنا آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 72

کراحتجاج کریں، وزیراعلیٰ کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ لوگوں کو بھڑکائے۔انہوں نے کہا کہ کے پی میں دہشت گردی کی لہر دوسرے صوبوں تک بھی پھیل سکتی تھی۔شازیہ مری نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کا اختیار صرف صوبے کی منتخب اسمبلی کو ہے۔سندھ اسمبلی متعدد بار نئے صوبے کی مخالفت کرچکی اور کرتی رہے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 73

ہے، اور مشتبہ افراد پر یہ بھی الزام ہے کہ انہوں نے مزید 500,000یورو فنڈنگ حاصل کرنے کی کوشش کی، جس کی ادائیگی نہیں کی گئی۔تحقیقات لتھوانیا کی مالیاتی جرائم کی تحقیقاتی سروس کررہی ہے۔اس ہفتے، 100ایف این ٹی ٹی افسران نے کلیپڈا، کاوناس، ماریجامپولے، اور لِنکیس کی کاؤنٹیوں میں 25تلاشیاں کیں۔ 64گواہوں کے انٹرویوز بھی ہوچکے ہیں۔پروجیکٹ، جو 2019میں کلیپڈا میں رجسٹرڈ کمپنی کے ذریعے شروع کیا گیا تھا، اس کا مقصد 180ملازمین کو دو سالوں میں تربیت فراہم کرنا تھا، ان کی قابلیت اور کام سے متعلق مہارتوں کو بہتر بنانا تھا۔اسے لتھوانیا کے 2014-2020یورپی یونین کے فنڈز انویسٹمنٹ ایکشن پروگرام کے تحت فنڈ کیا گیا تھا۔شبہ ہے کہ جعلی دستاویزات بشمول تربیت کے شرکا کی فہرستیں ادائیگی کی درخواستوں کی حمایت کے لیے جمع کرائی گئی تھیں۔مبینہ دھوکہ دہی سے یورپی یونین کے بجٹ کو تقریباً 270، 000یورو کا نقصان پہنچانے کا شبہ ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 74

قتل کے مقدمے میں عبوری ضمانت پر رہنے والی ملزمہ شبنم ولد میر اللہ بخش عمرانی کی ڈیرہ مراد جمالی کی معزز عدالت نے ضمانت خارج کردی جس پر بابا کوٹ پولیس نے ان کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 75

دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنانے اور کارروائی کے دوران سات دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عزم کو سراہا ہے۔شاہد رند نے کہا کہ تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ کو نشانہ بنانے کی کوشش ناکام بنانا سکیورٹی فورسز کی مستعدی اور پیشہ ورانہ مہارت کا واضح ثبوت ہے۔مؤثر کارروائی کے ذریعے دہشت گردوں کے تخریبی منصوبے کو ناکام بنانے والے سکیورٹی اہلکار پوری قوم کا فخر ہیں۔انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد بلوچستان میں بدامنی پھیلا کر صوبے کی تعمیر وترقی کا راستہ روکنے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔بلوچستان کے امن، استحکام اور خوشحالی کے خلاف سازشیں کرنے والے عناصر کو ہر محاذ پر ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔وزیراعلیٰ کے معاون نے کہا کہ دہشت گردی کے ذریعے عوام میں خوف وہراس پیدا کرنے اور صوبے میں ترقیاتی ومعاشی سرگرمیوں کو نقصان پہنچانے کی کوششیں کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دی جائیں گی۔سکیورٹی فورسز کا غیر متزلزل عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیتیں دہشت گرد عناصر کے لیے واضح پیغام ہیں کہ ان کے مذموم مقاصد کو ہر صورت ناکام بنایا جائے گا شاہد رند نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی اتحاد، اجتماعی عزم اور سکیورٹی اداروں کی مسلسل کاوشیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور امن کے سفر کو سبوتاژ کرنے کی کسی کوشش کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا اور صوبے کو پرامن و خوشحال بنانے کے لیے کوششیں جاری رہیں گی۔

محمد شکیل انتقال کرگئے

کوئٹہ(پ ر) معروف صحافی نیوٹی وی کے سینئر رپورٹر جاوید نور کے بہنوئی، محمد شکیل، ڈپٹی ڈائریکٹر سکولز، فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن(FDE)، اسلام آباد، انتقال کرگئے انکی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔فاتحہ خوانی انکی رہائش گاہ پر لی جائے گی دریں اثنا کوئٹہ یونین آف جرنلسٹس کے صدر امین اللہ مشوانی نے اپنے تعزیتی بیان صحافی جاوید نور سے انکے بہنوئی کی وفات پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

کوئی آن لائن پیسے مانگے تو ہرگز ٹرانسفر نہ کریں، محسن نقوی

آن لائن فراڈ کرنے والوں کے گرد گھیرا تنگ کیا جائے گا، کوئی بیمار بن کر، مصیبت میں مبتلا ہو کر پیسے مانگے تو نہ دیں

خواتین اپنی تصاویر ہرگز کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں، سائبر کرائم کے پاس بچیوں کو ہراسانی کرنے کے سب سے زیادہ کیس آتے ہیں

لاہور (بلوچستان نیوز) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ کوئی آن لائن پیسے مانگے تو ہرگز ٹرانسفر نہ کریں، خواتین اپنی تصاویر ہرگز کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں، سائبر کرائم کے پاس بچیوں کو ہراسانی کرنے کے سب سے زیادہ کیس آتے ہیں۔ لاہور میں این سی سی آئی اے کی کھلی کچہری سے خطاب میں وزیر داخلہ نے کہا کہ آن لائن فراڈ کرنے والوں کے گرد گھیرا تنگ کیا جائے گا، عوام کو زیادہ سے زیادہ

بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

فن لینڈ کا یوکرین کے لیے 36 ویں فوجی امدادی پیکج کا اعلان

ہیلسنکی (این این آئی) فن لینڈ یوکرین کے لیے اپنا 36 واں فوجی امدادی پیکج تیار کر رہا ہے۔ امداد کی فراہمی کا فیصلہ 2026 کے آخر تک متوقع ہے۔ فن لینڈ کے وزیراعظم پیٹری اورپو نے 22

بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جرمنی، فوجی اڈوں، صنعتوں کی جاسوسی کے الزام میں یوکرینی گرفتار

برلن (این این آئی) جرمن حکام نے ایک یوکرینی شہری کو روسی انٹیلی جنس سروس کے لیے کام کرنے کے شبے میں حراست میں لیا ہے۔ فیڈرل پبلک

بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پولیو کا مکمل خاتمہ مشترکہ قومی ذمہ داری ہے، وزیراعظم

مرض کے مکمل انسداد کا ہدف حاصل کرنے کے لئے کوشاں ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان پولیو کے موذی مرض کے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ بھرپور انداز میں جاری رکھے گا، ملک میں پولیو وائرس کے انسداد اور پھیلاؤ کی روک تھام اور شہریوں میں بچاؤ

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اقوام رند بلوچستان کی ترقی میں کردار ادا کریں، سردار یار محمد رند

4 نومبر کو شوران میں شہدائے رند کی برسی عقیدت و احترام سے منائی جائے گی

سبی (آئی این پی) رند قبائل کے سربراہ چیف آف رند سینئر سیاستدان سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ اقوام رند متحد و منظم ہو کر عوام کی خدمت کے تسلسل کو برقرار رکھیں بلوچستان سندھ سمیت ملک بھر میں عوامی مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرے

بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اصغر خان اچکزئی کیس میں فیصلہ میرٹ کے خلاف ہے، عمر فاروق کاسی

مقدمے میں مدعی کی جانب سے بھی یہ مؤقف سامنے آیا ہے کہ اصغر خان کا معاملے سے کوئی تعلق نہیں

چمن (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے قائم صوبائی صدر سینیٹر نواب ارباب عمر فاروق کاسی نے عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی نام نہاد مقدمے میں ضمانت منسوخی اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتحال پر گہری تشویش کا

بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ایم اے کا غیر معینہ مدت تک ہڑتال کا اعلان

چھاپے، بھاری جرمانے اور ہراساں کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں، ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن مرکز کی ہدایات اور احکامات کے تسلسل میں پی ایم اے بلوچستان نے اعلان کیا ہے کہ یکم نومبر 2026 سے صوبہ بھر میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر

بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے خاتمہ کرینگے، ضیاء لانگو

ترقیاتی منصوبوں پر جاری کام کو ہر قیمت پر جاری رکھا جائے گا، وزیر داخلہ

بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جی ٹی اے کے اختلافات ختم، 14 رکنی آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل

تنظیم 2 سال تک اندرونی خلفشار اور انتشار کا شکار رہی، محمد خان تیروانی

کوئٹہ (آن لائن) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی بلوچستان کی مصالحتی کمیٹی کے سربراہ محمد خان نوشیروانی اور رکن محمد اسماعیل نے کہا ہے کہ ہم نے تنظیم کے دونوں پینلز کے مابین تنظیمی اختلافات کو ختم کر کے ایک سال کیلئے 14 رکنی آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل دی ہے جو اساتذہ کی وسیع تر نمائندگی کرتے ہوئے معاملات کو آگے بڑھائے گی۔ ان خیالات کا اظہار

بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مہنگائی میں مزید اضافہ 19 اشیاء کی قیمتیں بڑھ گئیں

سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی شرح 11.85 فیصد کی سطح پر پہنچ گئی، 12 کی قیمتوں میں کمی، 20 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں، ادارہ شماریات

آٹے کی قیمت ہفتہ وار بنیادوں پر ایک فیصد بڑھ گئی، لہسن، جلانے کی لکڑی اور گھی کی قیمتوں میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا

اسلام آباد (آئی این پی) ملک میں ہفتہ وار مہنگائی میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے اور گزشتہ ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح میں مزید 0.65 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی شرح 11.85 فیصد کی سطح پر پہنچ گئی ہے۔ ادارہ شماریات نے ہفتہ وار مہنگائی سے متعلق رپورٹ جاری کر دی، جس کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 12 کی قیمتوں میں کمی ہوئی، جبکہ 20 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے کے دوران ایل پی جی کی قیمت میں

بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گجرات میں بیرون ملک سے آنیوالے بھائی نے بھائی کو قتل کر دیا

گجرات (این این آئی) گجرات میں بیرون ملک سے آنے والے بھائی نے بھائی کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق ملزم 17 اکتوبر کو بیرون ملک سے پاکستان پہنچا اور بھائی کو فون کر کے گاؤں سے شہر بلایا۔ دونوں بھائیوں نے ساتھ کھانا کھایا اور پھر گھر کیلئے روانہ ہوئے، سنسان مقام پر پہنچنے کے بعد ملزم نے اپنے بھائی کو جان سے مار دیا اور روپوش ہو گیا۔ پولیس نے بتایا کہ والدنے قتل کی اطلاع دی تو خود کو بیرون ملک ظاہر کیا، پاکستان پہنچنے تک تدفین روکنے پر زور دیا اور بھائی کے جنازے میں شریک ہوا۔ پولیس نے بتایا کہ ملزم کی بھائی کے ساتھ گھومنے پھرنے کے سارے مناظر کیمرے کی آنکھ میں محفوظ ہو گئے۔

کوئٹہ، نور اللہ لانگو کی والدہ بی بی شرف خاتون اور دیگر خواتین پریس کانفرنس کر رہی ہیں

عوام پر مرضی کے نظریات مسلط نہیں کیے جا سکتے، مولانا واسع

مدارس کے خلاف کسی بھی امتیازی رویے اور منفی پروپیگنڈے کو قبول نہیں کیا جائے گا

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے جامعہ تحسین القرآن پشتون باغ کے سالانہ دستار فضیلت اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مدارس دینیہ کے پاکیزہ، مقدس اور علمی نظام پر ریاستی سطح پر داغ لگانے کی کوششیں صرف اور صرف امریکہ اور مغرب کی خوشنودی حاصل کرنے کے سوا کچھ نہیں، مدارس

بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

متحدہ عرب امارات کی وزیر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے کیلئے امیدوار نامزد

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات نے وزیر مملکت لانا نسیبہ کو اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے کے لیے باضابطہ طور پر امیدوار نامزد کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید آل نہیان نے آئندہ سیکرٹری جنرل کے انتخاب اور تقرری کے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اور سلامتی کونسل کے صدور کو خط کے ذریعے نامزدگی کی ہے۔

بیگم نصرت بھٹو کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، نیر حسین بخاری

آمریت کے سیاہ دور میں بیگم نصرت بھٹو نے جمہوریت کی شمع روشن رکھی

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی سید نیر حسین بخاری نے مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کے یوم وفات پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو کی جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوام کے

بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

دالبندین اور گردونواح میں زلزلے کے شدید جھٹکے، شدت 5.1 ریکارڈ

دالبندین (یو این اے) دالبندین بلوچستان کے شہر دالبندین اور اس کے ملحقہ علاقوں میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں، جس کے باعث شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق دالبندین میں آنے والے زلزلے کی شدت ریکٹر اسکیل پر 5.1 ریکارڈ کی گئی ہے۔ زلزلے کا مرکز دالبندین سے 15 کلومیٹر مشرق میں تھا جبکہ اس کی گہرائی 53 کلومیٹر زیر زمین ریکارڈ کی گئی۔

پیٹرول پمپ مالکان کا ڈیلی پرائس میکانزم پر تحفظات کا اظہار

آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے وفاقی وزیر سے ملاقات کا وقت مانگ لیا

اسلام آباد (آئی این پی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ رد و بدل کے حوالے سے پیٹرول پمپ مالکان نے ڈیلی پرائس میکانزم پر ایک بار پھر تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے وفاقی وزیر پیٹرولیم سے

بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، جمعیت کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر توانائی کا صارفین کو اضافی اور غلط بل بھیجنے پر کارروائی کا حکم

بجلی چوری کی روک تھام بلاشبہ قومی ترجیح ہے، لیکن بے گناہ شہریوں پر من مانا بوجھ ڈالنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جا سکتی

اب ڈیٹیکشن بلنگ صرف اور صرف پی آئی ٹی سی کے مرکزی آن لائن پورٹل کے ذریعے ہی عمل میں لائی جائے گی

اسلام آباد (بلوچستان نیوز) وزیر توانائی اویس لغاری نے ڈسکوز (بجلی تقسیم کار کمپنیوں) کی جانب سے صارفین کو ڈیٹیکشن کی مد میں اضافی اور غلط بل ڈالنے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے سخت تنبیہ کی کہ آئندہ کسی بھی صارف کو غلط ڈیٹیکشن بل نہیں دیا جائے۔ وزیر توانائی کی زیر صدارت ڈسکوز کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وفاقی وزیر نے سخت اور جامع اصلاحاتی فریم ورک

بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر جعفر خان مندوخیل سے امریکہ کے آئے ہوئے مہمان تنویر احمد ملاقات کر رہے ہیں

عوام کو مزید نمائشی اقدامات سے بہلایا نہیں جا سکتا، مولانا عبدالرحمن

حکمرانوں کی عوام دشمن پالیسیوں نے صوبے کو غذائی قلت مہنگائی کے دلدل میں دھکیل دیا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، سید حاجی عبدالواحد

بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

میرے بیٹے اور اسکے دوست کا قتل ظلم ہے، بی بی شرف

ملوث ایس ایچ او نیو سریاب کے خلاف قانونی کارروائی کرکے انصاف فراہم کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) سریاب کی رہائشی لیڈی کونسلر بی بی شرف نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو آئی جی پولیس سے اپیل کی ہے کہ میرے بیٹے نور اللہ اور اس کے شفیع محمد کو قتل کرنے میں ملوث ایس ایچ او نیو سریاب اس کے 2

بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لانگ مارچ کی تیاری کر رہے ہیں، اسلام آباد جائینگے، حافظ نعیم

گیس لوڈشیڈنگ کی وجہ سے گھریلو خواتین کو مشکلات کا سامنا، آئی پی پیز کا معاملہ کیوں حکومت نظرانداز کر رہی ہے؟

کراچی کے عوام نے جماعت اسلامی کو ووٹ دیا، ہمارا مینڈیٹ چوری کیا اور قبضہ میئر کو مسلط کر دیا گیا

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ کراچی کے عوام نے جماعت اسلامی کو ووٹ دیا ہے، ہمارا مینڈیٹ چوری کیا اور قبضہ میئر کو ہم پر مسلط کر دیا گیا۔ حافظ نعیم الرحمن نے گودھرا کالونی میں ماڈل اسکول کی افتتاحی تقریب کے دوران بتایا کہ جماعت اسلامی کے ٹاؤنز میں ترقیاتی کام جاری ہیں، ہمارے ٹاؤن چیئرمین اختیارات سے بڑھ کر کام کر رہے ہیں، کراچی میں قبضہ میئر نے اختیارات روکے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم طویل عرصے سے پیٹرولیم لیوی ٹیکس کے خلاف جدوجہد کر رہے ہیں، ملک

بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

یورپی یونین کے فنڈ میں فراڈ کے الزام میں 12 افراد پر فرد جرم عائد

ونیس (آئی این پی) لیتھوانیا میں یورپی پبلک

بقیہ نمبر 73 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

میر تاج محمد زرکزئی کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، نواب زہری

مرحوم نے قبائلی رنجشوں کے خاتمے اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے اہم کردار ادا کیا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی ... اظہار کرتے ہوئے ان کے صاحبزادے میر اسحاق زرکزئی اور دیگر لواحقین سے تعزیت کی ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ خان

بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی محتسب سعادت بازئی کی زیر صدارت اہم اجلاس

عوامی شکایات کو قانون اور میرٹ کے مطابق نمٹانا، شفافیت کو یقینی بنانے کی ہدایت

بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نئے بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں شروع کر دیں، روف بلوچ

انتخابات کے انعقاد کیلئے الیکشن کمیشن کو مراسلہ لکھا جا رہا ہے، سیکرٹری بلدیات

بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مسائل کا واحد حل اسلامی عادلانہ نظام کا عملی نفاذ ہے، مولانا لونی

استحصالی نظام اور جبر و استبداد سے نجات کے لیے عملی جدوجہد ناگزیر ہے

بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، گاڑیاں چوری میں ملوث گروہ کو گرفتار کر لیا گیا

3 گاڑیاں، ایک موٹر سائیکل اور 5 عدد ٹریکٹر اور دیگر آلات قبضے میں لے لئے گئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ پولیس نے گاڑیاں چوری میں ملوث گروہ کو گرفتار کر کے 3 گاڑیاں، ایک موٹر سائیکل اور 5 عدد ٹریکٹر اور دیگر آلات قبضے میں لے لئے۔ پولیس کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس عمران شوکت، ایس ایس پی آپریشن ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایات پر ایس پی صدر شفقت امیر جنجوعہ، ڈی ایس پی صدر شوکت

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، اے این پی کے رہنما سینیٹر نواب ارباب عمر فاروق کاسی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم ہے، ڈاکٹر مختار احمد

فرنٹ لائن پولیو ورکرز کو روزانہ کی بنیاد پر درپیش مشکل حالات کو سمجھنا بھی ضروری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے صحت ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے کہا ہے کہ پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم ہے اور اس قومی مقصد کے حصول کے لئے تمام ممکنہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ شکریہ پولیو فرنٹ لائن ورکرز کے عنوان

بقیہ نمبر 70 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وفاقی جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کی ماڈل چائلڈ کورٹ قائم

بچوں کو انصاف فراہم کرنا آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد وفاقی جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کیلئے ماڈل چائلڈ کورٹ اور انٹرایکٹو ریسورس سینٹر قائم کر دیا گیا۔ جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کے حقوق اور بہترین مفادات کے تحفظ کیلئے خصوصی عدالتی مرکز کا افتتاح کیا

بقیہ نمبر 71 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلاول بھٹو کہہ چکے، کے پی میں ایمرجنسی لگانا مجبوری تھی، شازیہ مری

کے پی میں دہشت گردی کی لہر دوسرے صوبوں تک بھی پھیل سکتی تھی، میڈیا سے گفتگو

سانگھڑ (این این آئی) پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی شازیہ مری نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کہہ چکے ہیں کے پی میں ایمرجنسی لگانا ہماری مجبوری تھی، جب وزیراعلیٰ وفاق سے جنگ کرنے کی تیاری کرے تو پھر اسے حکومت کرنے کا کیا حق ہے؟۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے شازیہ مری نے کہا کہ ہم نے بار بار کہا آئین کے دائرے میں رہ

بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پنو عاقل، پسند کی شادی کرنے والا جوڑا قتل

لڑکی کے والد اور کزن زیر حراست، آلہ قتل برآمد کر لیا گیا، ایس ایس پی سکھر

پنو عاقل (این این آئی) پنو عاقل بس اسٹینڈ پر فائرنگ کے نتیجے میں لڑکا اور لڑکی جاں بحق ہو گئے۔ سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سکھر اظہر احمد چوہدری کے مطابق لڑکے اور لڑکی نے کچھ عرصہ قبل پسند کی شادی کی تھی۔ ایس ایس پی کے مطابق جوڑا لاہور جانے کے لیے کوچ میں سوار تھا۔ مسلح افراد نے دونوں کو کوچ سے اتار کر قتل کیا۔ ایس ایس پی سکھر کے مطابق لڑکی کے والد اور کزن زیر حراست ہیں اور آلہ قتل برآمد کر لیا گیا ہے۔

جمعیت کی جدوجہد کا فائدہ ن لیگ اور پی ٹی آئی نے اٹھایا، غفور حیدری

پنجاب میں جلسوں کے بعد حکومت کی چیخیں نکل رہی ہیں، جے یو آئی دباؤ اور پروپیگنڈے سے مرعوب نہیں ہوگی

ادارے بعض لوگوں کے نوکر اور غلام بنے ہوئے ہیں، ماضی میں مسلم لیگ ن کے سربراہ کی وجہ سے جنرل پرویز مشرف کے ساتھ تلخ کلامی ہوئی تھی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علما اسلام (ف) کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ پنجاب میں جے یو آئی کے جلسوں کے بعد حکومت اور ریاست کی چیخیں نکل رہی ہیں، تاہم جلسے کرنا ان کی جماعت کا جمہوری اور آئینی حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی دباؤ اور پروپیگنڈے سے مرعوب نہیں ہوگی اور اپنا مؤقف بیان کرتی رہے گی۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے

بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردوں کو ناکامی کے سوا کچھ نہیں ملے گا، شاہد رند

دہشت گرد صوبے کی تعمیر و ترقی کا راستہ روکنے میں کامیاب نہیں ہوں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے گوادر میں تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر فتنہ الہندوستان کے

بقیہ نمبر 75 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نصیر آباد، بدعنوانی میں ملوث افسران نے گرفتاریوں سے بچنے کیلئے تبادلے کرا لئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد کروڑوں روپے کی مبینہ کرپشن و بدعنوانی کے خلاف جاری اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کی کارروائیاں

بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

خضدار، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری ڈی آئی جی سے ملاقات کر رہے ہیں

صادق آباد، ڈھائی سال قبل اغواء ہونے والی لڑکی بازیاب

صادق آباد (این این آئی) صادق آباد میں تھانہ بھونگ پولیس نے راجن پور کے کچے کے علاقے میں خصوصی دستے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے

بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سردار نثار علی خان ہزارہ کی سیاسی و سماجی خدمات ناقابل فراموش ہیں، ڈاکٹر مالک بلوچ

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی صوبائی صدر اسلم بلوچ مرکزی ترجمان علی احمد لانگو ممبران مرکزی کمیٹی ڈاکٹر رمضان ہزارہ خیر بخش بلوچ اور علمدار روڈ کے کارکنان نے سابق وزیر تعلیم سردار نثار علی خان ہزارہ کے انتقال پر نچاری امام بارگاہ جا کر اظہار افسوس کیا اور ان کے بلند درجات اور لواحقین کے لیے دعا کی۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی قائدین نے سردار نثار علی خان ہزارہ کی سیاسی اور سماجی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔

نظام کی تبدیلی کیلئے عملی مخلصانہ جدوجہد کی ضرورت ہے، سراج الحق

بلوچستان ہو یا خیبر پختونخواہ علاج ایمرجنسی نہیں اسلامی نظام ہے

کوئٹہ (این این آئی) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ نظام کی تبدیلی کیلئے عملی مخلصانہ جدوجہد کی ضرورت ہے نظام کی تبدیلی کیلئے مخلصانہ عملی جدوجہد نہیں کریں گے تو تباہی و بربادی مقدر بنے گی۔ عدالتوں میں

بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی کی ڈی آئی جی خضدار سے ملاقات

عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات پر غور کیا جائے گا، یونس عزیز زہری

خضدار (خ ن) قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی و ایم پی اے خضدار میر جھالاوان میر یونس عزیز زہری نے ڈی آئی جی خضدار ریجن عمران قریشی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

محمد ہمایوں خان کی کرک میں پولیس پر حملے کی شدید مذمت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل محمد ہمایوں خان نے کرک میں پولیس پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے

جماعت اسلامی بلوچستان کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرے

پٹرولیم مصنوعات کی ترسیل میں بھتہ خوری کا اضافی بوجھ قبول نہیں، بشیر احمد ماندائی

بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مریم نواز نے ملازم پر تشدد کرنے والے شخص کی گرفتاری کی ویڈیو شیئر کر دی

پمپ ملازم پر تشدد کرنے والے شخص کی گرفتاری کی ویڈیو سوشل میڈیا پر شیئر کر دی۔ مریم نواز کی جانب سے شیئر کی گئی ویڈیو میں پولیس حراست میں موجود شخص کو پیٹرول پمپ ملازم کی جانب سے زوردار تھپڑ مارتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔

عوام کو بنیادی سہولتوں سے محروم رکھا جا رہا ہے، عیسیٰ روشان

گیس، بجلی اور پانی کے مسائل فوری حل کیے جائیں، رہنماء پشتونخوا نیپ

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، مرکزی سیکرٹری مالیات محمد یوسف خان کاکڑ اور مرکزی سیکرٹری اللہ نور خان چیئرمین نے کہا ہے کہ پارٹی کے ہر ادارے کی کانفرنسوں اور انتخابات سے

بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بچوں سے زیادتی اور فحش ویڈیو بنا کر بیچنے والے 4 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے 50 سے 60 بچوں کی غیر اخلاقی ویڈیوز برآمد ہوئیں، ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے

ملزمان انسٹاگرام اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر 6 سے 14 سال کے بچوں سے دوستی اور پیسے کا لالچ دے کر نازیبا ویڈیوز بناتے، محمد شعیب

اسلام آباد (این این آئی) معصوم بچوں کو بلیک میل کر کے زیادتی اور ان کی فحش ویڈیو بنا کر پاکستان اور بین الاقوامی سطح پر بیچنے والے گینگ کے چار مرکزی ملزمان گرفتار ہو گئے، ملزمان کے قبضے سے 50 سے 60 بچوں کی غیر اخلاقی ویڈیوز برآمد ہوئیں۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے اسلام آباد محمد شعیب خان نے جمعہ کے روز یہاں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ نیشنل سائبر کرائم

بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لسبیلہ، مسافر کوچ اور وین میں تصادم کے بعد کا منظر

حب، مختلف مقدمات میں ملوث متعدد ملزمان گرفتار، مسروقہ سامان، اسلحہ اور چرس برآمد

حب (نامہ نگار) ایس ایس پی حب مرزا بلال کی سخت ہدایات پر حب سٹی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر، ڈکیتوں اور منشیات فروشوں کے خلاف مسلسل اور موثر کارروائیاں کرتے ہوئے مختلف مقدمات میں ملوث متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے

بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ایپل کے پہلے فولڈ ایبل 'آئی فون ڈو' کی فروخت شروع

نیویارک (آئی این پی) اسمارٹ فونز کی دنیا میں فولڈ ایبل فونز کو کئی سال گزر چکے ہیں، لیکن ان کی مقبولیت اب بھی عام اسمارٹ فونز کے مقابلے میں محدود ہے۔ اب ایپل نے بھی اس شعبے میں قدم رکھ دیا ہے، جس سے توقع کی جا رہی ہے کہ کمپنی کی آمد

بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

تمبو، ڈکیتی کے دوران فائرنگ، ڈاکو ہلاک، ساتھی گرفتار

پولیس نے لاش قبضے میں لیکر ہسپتال منتقل کر دی، واقعے کی مزید تحقیقات شروع

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو منجھو شوری کے علاقے میں ڈکیتی کے دوران فائرنگ مبینہ ڈاکو ہلاک دوسرا گرفتار۔ پولیس کے مطابق تمبو کے علاقے منجھو شوری پولیس تھانے کی حدود واجہ ڈپ کے مقام پر دوران ڈکیتی فائرنگ سے مبینہ طور پر ڈاکو یونس رند ہلاک جبکہ اسکا ساتھی گرفتار کرلیا گیا پولیس نے لاش قبضے میں لیکر ہسپتال منتقل کردی پولیس نے واقعے کی مزید تحقیقات شروع کر دی۔

راولپنڈی میں سی این جی اسٹیشن پر دھماکا، ایک جاں بحق، 3 افراد زخمی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں پشاور روڈ گولڑہ موڑ کے قریب سی این جی اسٹیشن پر دھماکے میں ایک شخص جاں بحق اور 3 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق جاں بحق شخص اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، امدادی ٹیموں نے آگ پر قابو پا لیا۔ حکام نے بتایا کہ ریسکیو کی 10 ایمرجنسی گاڑیوں اور 25 اہلکاروں نے آپریشن میں حصہ لیا، دھماکے کی وجوہات تاحال معلوم نہیں ہو سکیں، تحقیقات جاری ہیں۔

مصنوعی ذہانت کے ذریعے پی ایچ پی میں سنگین خامیوں کا انکشاف

سکیورٹی خامیوں کو دور کرنے کے دوران خدمات میں تعطل پیش آ سکتا ہے، صارفین کو انتباہ

ٹوکیو (این این آئی) دنیا بھر میں حکومتوں اور کمپنیوں نے مصنوعی ذہانت) اے آئی (کے ذریعے وسیع پیمانے پر استعمال ہونے والی پروگرامنگ زبان پی ایچ پی (پی ایچ پی) میں سکیورٹی کی سنگین خامیوں کا انکشاف ہونے کے بعد ہیکنگ سے بچاؤ کے لیے متعدد ویب سائٹس عارضی طور پر بند کر دیں۔ بنگلہ دیشی نیوز ایجنسی کے مطابق سائبر سکیورٹی کمپنی ویز ریسرچ کے مطابق پی ایچ پی دنیا کی تقریباً 70 فیصد ویب سائٹس چلانے میں مدد دیتی ہے، جن میں

بقیہ نمبر 69 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اقلیتی امور کے تمام ضلعی فوکل پرسنز اور خصوصی تقرریاں منسوخ

کوئٹہ (یو این اے) پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، حکومتِ بلوچستان جناب سنجے کمار کی باقاعدہ منظوری سے ایک اہم سرکاری نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے، جس کے تحت صوبے بھر میں محکمہ کی انتظامی ساخت میں بڑی تبدیلیاں عمل میں لائی گئی ہیں۔

پشین، چوروں کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

مقتول استاد گھر واپس جا رہے تھے کہ بابی آغا کے قریب نشانہ بنے

پشین (یو این اے) پشین میں چوروں کی فائرنگ سے نوجوان محمد اسماعیل جاں بحق ہو گئے۔ اطلاعات کے مطابق، محمد اسماعیل استاد اپنے گھر کلی شربت خان جا رہے تھے کہ ابابی آغا کے قریب چوروں کی فائرنگ کا نشانہ بن گئے اور جان کی بازی ہار گئے۔ اس افسوس ناک واقعے پر اہل خانہ اور علاقے کے لوگوں میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ علاقے کے عوام نے پشین ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ چوری اور مسلح وارداتوں کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

کوئٹہ، پشتونخوا نیپ کے صوبائی صدر نصر اللہ زیرے، عبید اللہ توخی و دیگر علاقائی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ملٹی نیشنل کمپنیوں کی فلو ویکسینز کی قیمتوں کا تنازعہ طے نہ ہو سکا

وفاقی کابینہ نے تاحال فلو ویکسین کی تجویز کردہ قیمت کی منظوری نہیں دی، معاملہ متعلقہ کمیٹی کو بھجوایا گیا، ڈریپ حکام

ایبٹ اور ہوئسٹ قیمتوں میں نظرثانی کی وفاقی کابینہ سے منظوری کے انتظار میں انفلوئنزا ویکسین درآمد نہیں کر سکیں

اسلام آباد (این این آئی) ملٹی نیشنل کمپنیوں کی فلو ویکسینز کی قیمتوں کا تنازع حل نہ ہو سکا جس کے باعث پاکستان میں ان ویکسینز کی دستیابی ممکن نہیں ہو سکی۔ ڈریپ حکام کے مطابق وفاقی کابینہ نے تاحال فلو ویکسین کی ڈریپ کی تجویز کردہ قیمت کی منظوری نہیں دی، قیمت طے کرنے کا معاملہ متعلقہ کمیٹی کو بھجوایا گیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ وزیر خزانہ اور وزیر صحت پر مشتمل کمیٹی ڈریپ کی تجویز کردہ

بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں